لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

شکل و صورت اور خوراک و پوشاک میں

# اُسوۂ رَسُول صلی اللہ علیہ وسلم

مولانا فضل الرحمٰن دہرکوٹی

مکتبہ رشیدیہ لمیٹڈ، ۳۲ اے شاہ عالم مارکیٹ لاہور

۲۹۷۶۹۹۲۱
۲۸۴ فض
۱۹۷۴

نام کتاب ـــــــــ اسوۂ رسول ﷺ
نام مصنف ـــــــــ مولانا فضل الرحمٰن وہبر کوٹی
تعداد ـــــــــ ایک ہزار
طابع ـــــــــ وفاق پریس لاہور
ناشر ـــــــــ مکتبہ رشیدیہ لمیٹڈ لاہور
قیمت ـــــــــ ساڑھے سات روپے

بار اول اکتوبر ۱۹۷۴ء

Marfat.com

# نذرانہ

اس صاحبِ خُلقِ عظیم اور مرقعِ احسنِ تقویم کی خدمت میں لَولَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکْ کا تاج جس کے سر مبارک پر اور شفاعتِ کبریٰ کا سہرا جس کی مقدس پیشانی پر مزین ہے تاکہ وہ رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین میری۔ میرے والدِ مرحوم مولانا محمد عبداللہ صاحب دھرمکوٹی اور ہمارے احباب و متعلقین کی شفاعت فرمائیں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

سرِ حشر آپ ہی کو میرا دل صدائیں دے گا
اگر آپ دیکھ لیں گے میری آبرو رہے گی

Marfat.com

# فہرستِ عنوانات



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | ٹائیٹل | |
| ۲ | نذرانہ | |
| ۳ | فہرستِ عنوانات | |
| ۴ | عرضِ ناشر | |
| ۵ | وضاحت | |
| ۶ | گذارشِ اولین | |
| ۷ | پیشِ مقصد | |
| | بابِ اول | |
| ۸ | اسوۂ رسول شکل وصورت میں | ۲۵ |
| ۹ | صورتِ مبارک میں اسوۂ حسنہ | ۲۶ |
| ۱۰ | سر کے بالوں میں سنتِ نبوی | ۲۷ |
| ۱۱ | بالوں کی تزئین وتدوین | ۲۹ |
| ۱۲ | بالوں میں مانگ نکالنا | ۳۱ |
| ۱۳ | ریش مبارک میں اسوۂ حسنہ | ۳۲ |
| ۱۴ | داڑھی بڑھانا سنتِ رسول ہی نہیں حکمِ خداوندی ہے | ۳۵ |
| ۱۵ | داڑھی بڑھانا رواجی نہیں ایک دینی امر ہے | ۳۶ |
| ۱۶ | داڑھی بڑھانا شعارِ اسلام ہے | ۳۷ |
| ۱۷ | داڑھی کے متعلق اسوۂ صحابہؓ | ۳۹ |
| ۱۸ | شعائرِ دین سے ہماری غفلت اور بے عملی کے اسباب | ۳۹ |



Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹ | داڑھی کی تعریف | ۴۳ | ۳۳ | نظافت پسندی | ۶۵ |
| ۲۰ | داڑھی کی مقدار لمبائی میں | ۴۳ | ۳۴ | لباسِ شہرت | ۶۶ |
| ۲۱ | داڑھی منڈانے اور کترانے کا حکم | ۴۵ | ۳۵ | کپڑے کو پیوند لگانا مسنون ہے | ۶۶ |
| ۲۲ | داڑھی مرد کی زینت ہے | ۴۶ | ۳۶ | صوفیانہ لباس | ۶۷ |
| ۲۳ | داڑھی اسلام کا زیور ہے | ۴۸ | ۳۷ | آپؐ کا آخری لباس | ۶۸ |
| ۲۴ | ریش بچہ یا چھوٹی داڑھی کا حکم | ۵۰ | ۳۸ | سادگی کی انتہا | ۶۸ |
| ۲۵ | خضاب کی بحث | ۵۱ | ۳۹ | ریشمی لباس سے اجتناب | ۶۹ |
| ۲۶ | مونچھوں کا حکم | ۵۵ | ۴۰ | کافرانہ لباس کی ممانعت | ۷۱ |
| ۲۷ | مونچھوں کی تعریف | ۵۵ | ۴۱ | عورتوں کیلئے ریشمی لباس کا جواز | ۷۲ |
| ۲۸ | شہپروں کا حکم | ۵۶ | ۴۲ | رسالتمآب کا پسندیدہ لباس | ۷۳ |
| ۲۹ | پانچ خصالِ فطرت | ۵۷ | ۴۳ | آپ کا قمیص مبارک | ۷۵ |
| | باب دوم | | | | |
| ۳۰ | اسوۂ رسول لباس و پوشاک میں | ۶۱ | ۴۴ | آپکے مرغوب و نامرغوب رنگ | ۷۸ |
| ۳۱ | پوشاک میں اسوۂ حسنہ | ۶۲ | ۴۵ | آپؐ کے ناپسندیدہ رنگ | ۷۹ |
| ۳۲ | حکم کے لحاظ سے لباس کی قسمیں | ۶۴ | ۴۶ | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قبا استعمال فرمانا | ۸۱ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۷ | بوشرٹ کا حکم | ۸۳ | ۶۱ | عمامہ اور شملہ کی روایات | ۱۰۴ |
| ۴۸ | جُبّہ رسول کے وسیلہ سے شفا طلبی | ۸۴ | ۶۲ | عمامہ شریف کی لمبائی | ۱۰۶ |
| ۴۹ | لباس پہننے کی دعا | ۸۶ | ۶۳ | پگڑی ٹوپی کے اوپر باندھنا مسنون ہے علیحدہ نہیں | ۱۰۶ |
| ۵۰ | لباس پہننے والے کے لئے دعا | ۸۶ | | | |
| ۵۱ | قمیص کا دایاں بازو پہلے پہنا جائے | ۸۷ | ۶۴ | خالی ٹوپی پہننے کا ثبوت اور اس کی ہیئت | ۱۰۷ |
| ۵۲ | تہبند اور پاجامے میں سنتِ نبوی | ۸۷ | | | |
| ۵۳ | لنگی شریف کا طول وعرض | ۸۸ | ۶۵ | پگڑی کی ظاہری افادیت | ۱۰۹ |
| ۵۴ | لنگی کہاں تک باندھنا مسنون ہے | ۸۹ | ۶۶ | ہیٹ کی قباحت | ۱۰۹ |
| ۵۵ | لنگی باندھنے کی کیفیت | ۹۱ | ۶۷ | عورتوں کے لئے پردہ کا حکم | ۱۱۰ |
| ۵۶ | عورت کا دامن کہاں تک ہو | ۹۲ | ۶۸ | پردہ کی روایات | ۱۱۲ |
| ۵۷ | تشبّہ کے متعلق ایک اصولی بحث | ۹۳ | ۶۹ | عورتوں کیلئے باریک لباس کی کراہت | ۱۱۵ |
| ۵۸ | پتلون ایک مکروہ لباس | ۹۸ | ۷۰ | اندھوں سے بھی پردہ ضروری ہے | ۱۱۷ |
| ۵۹ | عمامہ مبارک کی سنت | ۱۰۰ | ۷۱ | ہجڑوں اور اوباش عورتوں سے بھی پردہ ہے۔ | ۱۱۹ |
| ۶۰ | سنت کے متعلق ایک ضروری بحث | ۱۰۱ | | | |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۷۲ | انگوٹھی کی سنت | ۱۲۱ |
| ۷۳ | انگشتری رسول کی سنت | ۱۲۲ |
| ۷۴ | انگوٹھی کس ہاتھ اور کس انگلی میں پہنی جائے | ۱۲۳ |
| ۷۵ | جائز اور ناجائز انگوٹھی | ۱۲۶ |
| ۷۶ | انگوٹھی کا حکم | ۱۳۰ |
| ۷۷ | نعلین مبارک | ۱۳۱ |
| ۷۸ | نعلین شریفین کی تصویر | ۱۳۲ |
| ۷۹ | جوتا پہننے کی کیفیت | ۱۳۴ |
| ۸۰ | خانۂ اطہر | ۱۳۶ |
| ۸۱ | حضور علیہ السلام کا بستر | ۱۴۰ |
| | باب سوم | |
| ۸۲ | اسوۂ رسول خورد و نوش میں | ۱۴۵ |
| ۸۳ | خوراک میں اسوۂ رسول | ۱۴۶ |
| ۸۴ | سیرت النبی سے اقتباس | ۱۴۷ |
| ۸۵ | کھانے کے آداب | ۱۵۰ |
| ۸۶ | سنت رسول کی حمیت | ۱۵۸ |
| ۸۷ | کھانے کے بعد کی دعائیں | ۱۶۲ |
| ۸۸ | کھانے میں برکت اور بے برکتی | ۱۶۵ |
| ۸۹ | حضور علیہ السلام کی روٹی اور تنگی معیشت کا بیان | ۱۶۸ |
| ۹۰ | محمد رسول اللہ والذین معہٗ کی تنگی گزران کے حالات | ۱۷۰ |
| ۹۱ | حضور علیہ السلام کی گزر اوقات | ۱۷۲ |
| ۹۲ | صحابۂ کرام کی گزر اوقات | ۱۷۶ |
| ۹۳ | رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سالن اور دوسری مرغوبات کا بیان | ۱۸۲ |
| ۹۴ | پیروں کی ذمہ داری | ۱۸۸ |
| ۹۵ | سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی فضیلت | ۱۹۲ |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۶ | بکریاں چرانے کی حکمت | ۱۹۷ | ۱۰۷ | ساقی کے لیے مستحب ہے کہ داہنے ہاتھ سے پلانا شروع کرے | ۲۱۹ |
| ۹۷ | اسلامی مساوات | | | | |
| ۹۸ | میزبانی اور کھلانے پلانے کی خیر و برکت | ۲۰۲ | ۱۰۸ | چسکی لگا کر یا چلو سے پانی پینا ممنوع ہے | ۲۲۱ |
| ۹۹ | حقوق العباد کی اہمیت | ۲۰۴ | ۱۰۹ | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ پانی | ۲۲۲ |
| ۱۰۰ | مہمانی کے آداب | ۲۰۷ | ۱۱۰ | دودھ کی تعریف | ۲۲۲ |
| ۱۰۱ | پینے کے آداب | ۲۴۰ | ۱۱۱ | نبیذ کا بیان | ۲۲۳ |
| ۱۰۲ | پانی پلانے کا ثواب | ۲۱۱ | ۱۱۲ | شراب خانہ خراب | ۲۲۵ |
| ۱۰۳ | چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے کی ممانعت | ۲۱۳ | ۱۱۳ | شراب کا وبال دنیا اور آخرت میں | ۲۲۷ |
| ۱۰۴ | تین سانس میں پینا مسنون ہے | ۲۱۴ | ۱۱۴ | شراب کی وجہ سے دس آدمی لعنتی ہو جاتے ہیں | ۲۳۰ |
| ۱۰۵ | کھڑے ہو کر پینا خلاف سنت ہے | ۲۱۶ | ۱۱۵ | شراب کے بارے میں ایک غلط فہمی کا ازالہ | ۲۳۲ |
| ۱۰۶ | آب زمزم اور وضو کا بچا ہوا پانی روبقبلہ کھڑے ہو کر پینا مسنون ہے | ۲۱۷ | ۱۱۶ | گزارش آخریں | ۲۳۶ |
| | | | ۱۱۷ | دعا | |


Marfat.com

# عرضِ ناشر

ڈیڑھ صد سالہ انگریزی غلبہ و تسلط نے اذہان و قلوب کو کچھ اس قدر مسحور و مسحور کر دیا ہے کہ ہم نے شعوری غیر شعوری طور پر شکل و صورت اخلاق و کردار میں بہت سی ایسی حرکات و سکنات اور عادات کو اپنا شعار بنا لیا ہے جو ہماری دیرینہ قومی روایات اور ملی جذبات کے سراسر خلاف ہے مسلمان مسلمان کی عزت آبرو کا محافظ ہوتا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

المسلم من سلم المسلمون من لسانہ و یدہٖ۔ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔ اس حدیث کو سامنے رکھ کر اسلامیانِ پاکستان کی حالتِ زار کا مطالعہ کیجئے اور سوچئے کہ ہم کون تھے اور کیا ہو گئے۔ ایک وقت تھا جب حجاج بن یوسف گورنر کوفہ و بصرہ کا ظلم مشہور تھا۔ مگر اپنے ظلم و عدوان کے باوجود جب اس نے سینکڑوں میل دور ایک مسلمان عورت کی فریاد سنی جو غیرتِ مسلم کو سندھ میں پکار رہی تھی تو حجاج جیسے ظالم نے اپنے اوپر اس وقت تک کھانا پینا حرام کر لیا تھا جب تک کہ اس نے راجہ داہر والیٔ سندھ کی سرکوبی

کے لئے لشکر روانہ نہ کر دیا اور یہ بات تاریخ کے صفحات پر حجاج بن یوسف کی ملی غیرت اور محافظِ عصمت و آبرو ہونے کا ثبوت پیش کرتی ہے اس ایک واقعہ سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ جب حجاج جیسے سفاک کا اس بارے میں یہ حال تھا تو دوسرے عادل و نیک حکمران اس بارے میں کتنے شدید جذبات رکھتے ہوں گے۔

تہذیب مغرب کی کورانہ تقلید میں ہم اس تدر اندھے ہو چکے ہیں کہ بے حجابی و بے حیائی کے جواز میں دلائل پیش کرنے سے بھی نہیں شرماتے اور علی الاعلان ایسی تقریریں ہوتی اور تحریریں چھپتی ہیں کہ جن کو سن کر بے اختیار علامہ اقبالؒ کا یہ شعر زبان پر جاری ہو جاتا ہے ؎

نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے
اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں

یہ شعر کسی مولوی یا شیخ کا کہا ہوا نہیں ہے بلکہ مفکرِ مشرق اور شاعرِ اسلام کا ہے۔ جن کے کلام کو مدعیانِ تہذیبِ نو حرفِ آخر کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ اور یہ شعر بھی کسی خانقاہ کے مسند نشین یا کسی دینی مدرسہ و مکتب کے فارغ التحصیل کا نہیں ہے بلکہ مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کے گریجویٹ ظفر علی خاںؒ کا ہے۔

Marfat.com

تہذیبِ نو کے منہ پر وہ تھپڑ رسید کر

جو اس حرام زادی کا حلیہ بگاڑ دے

ان دو بزرگوں کے اشعار کو بطورِ حوالہ و سند اس لئے پیش کیا گیا ہے کہ مولوی یا مولویوں کے حلقہ کا کوئی آدمی نازک اندامان تہذیب مغرب کو کوئی بات کہے تو ان لوگوں کے دماغوں کے پٹ کھل جاتے ہیں اور بے تحاشہ علماء و مشائخ کو سکہ بند گالیوں سے نوازنا شروع کر دیتے ہیں ورنہ مولوی بیچارے میں اتنی تاب کہاں ہے جو ایسی کہہ سکے جو علامہ اقبال اور ظفر علی خاں کہہ گئے ہیں بات کسی جگہ کی ہو رہی ہو اور کسی موضوع پر ہو رہی ہو ملک کی غربت کا سوال ہو یا مسئلہ کشمیر۔ افغانستان کی دشمنی دوستی کی بات ہو یا مشرقی پاکستان کے طوفان کی ہر پھر کر نزلہ مولوی پر گرتا ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملکہ سبا کو پیغام بھیجا کہ میں اللہ کا نبی ہوں کفر و شرک کو چھوڑ کر اسلام کی راہ اختیار کرو۔ ملکہ نے اپنے وزراء امراء سے شورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ ہم طاقت و دبدبہ کے مالک ہیں کیوں جھکیں، ملکہ نے کہا نہیں

ان الملوك اذا دخلوا قرية افسدوها وجعلوا اعزة اهلها اذلة کہ بادشاہ جب کسی قریہ میں داخل ہوتے ہیں فساد برپا کرتے ہیں اور وہاں کے معزز لوگوں کو

ذلیل بنا دیتے ہیں میں آزماتی ہوں کہ آیا سلیمان بادشاہ ہے یا نبی۔ علامہ اقبالؒ نے اس آیت کا شعروں میں مفہوم ادا کیا ہے۔

آبتاؤں تجھ کو رمزِ آیۂ ان الملوک
سلطنت اقوامِ غالب کی ہے اک جادوگری
خواب سے بیدار ہوتا ہے ذرا محکوم اگر
پھر سُلا دیتی ہے اس کو حکمراں کی ساحری

بالکل یہی کچھ انگریز نے برصغیر ہندوستان میں کیا، ہم نے ان تمام باتوں کو قبول کر لیا جن کو صاحب بہادر نے قبول کرانا چاہا اور اس بات کا قطعاً احساس نہ کیا اور نہ اب تک ہے کہ ہم کیا کر رہے ہیں۔ اب انگریز کی جگہ امریکنوں نے لے لی ہے اور ہمارے ملک میں دھڑا دھڑ امریکہ سے کتابیں درآمد کی جا رہی ہیں اور ان کا ترجمہ ہو رہا ہے کہ جس کا کھاؤ اس کے گن گاؤ۔ ہر دوسرے تیسرے ماہ امریکہ کے کسی نہ کسی رسالہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی فرضی تصاویر، ہرزہ سرائی اور صحابۂ کرامؓ کے متعلق بے ہودہ گوئی کا مظاہرہ ہوتا رہتا ہے اور ہم پھر بھی امریکن علم و ادب کو ترقی کی معراج سمجھ کر سر آنکھوں پر رکھ رہے ہیں۔

Marfat.com

اس بات پر کوئی دلیل لانے کی ضرورت نہیں کہ اسلام اپنی تعلیم اور عمل کے لحاظ سے (وہ عمل جو نسلاً بعد نسلاً وراثتاً تواتر سے ہم تک پہنچا ہے) ایسا مکمل اور اعلیٰ ہے کہ دنیا کا کوئی "ازم" اس کے قریب بھی نہیں پہنچ سکتا۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ مسلمانوں نے غیروں سے مرعوب ہو کر اسے نظرانداز کر رکھا ہے۔ ملت کے تشخص میں شکل و صورت اور خوراک و لباس کا بھی اتنا ہی دخل ہے جتنا دوسرے اعمال و افعال کا جو اسلام نے ہر مسلمان کے لئے ضروری قرار دیئے ہیں ——— عزیز محترم حافظ فضل الرحمٰن سلمہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں دنیا کے اکمل ترین انسانؐ کا اسوۂ حسنہ پیش کیا ہے خدا انہیں جزائے خیر دے اور اپنے گرامی قدر والد ماجدؒ کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق دے جن کے متعلق ہمارا یقین ہے کہ وہ "مردِ مومن" کی سچی تصویر تھے۔

عبد الرشید ارشد

Marfat.com

# وضاحت

شروع شروع میں میں نے اس کا التزام کیا تھا کہ ہر روایت کو بحوالہ کتاب و راوی نقل کروں لیکن جب کام ذرا آگے بڑھا تو بار بار حوالۂ کتاب مجھے بے فائدہ نظر آیا اوّل تو اس لئے کہ میں اس کتاب کو تحقیق و تنقید کے مواد کے طور پر پیش نہیں کر رہا تھا بلکہ میرا مقصد وعظ و ارشاد کے نقطۂ نگاہ سے اول سے آخر تک یہی تھا کہ روایات کا ایک ایسا ذخیرہ جمع کر دیا جائے جس سے مسلمانوں کو تعمیر سیرت و صورت میں مدد ملے اور حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے بعض ضروری گوشے ان کے سامنے آجائیں تاکہ اگر یہ لوگ اپنے روزمرہ کو اس سانچے میں ڈھالنا چاہیں تو کسی واضح خاکے کی غیر موجودگی ان کے لئے عذر نہ بن سکے۔ ظاہر ہے کہ اس مقصد کے لئے کتابی حوالہ جات کی بھرمار کرنا ایک غیر ضروری چیز تھی۔ دوسرے اس لئے کہ میں نے اپنے آپ کو پابند کر لیا تھا کہ متعلقہ مواد کے لئے میں صحاح ستہ سے باہر نہ جاؤں گا پھر جب اس حدود بندی میں مجھے کچھ تشنگی کا احساس

Marfat.com

کو دیکھو تو وہ سر سے لے کر پاؤں تک ایک مکمل انگریز نظر آئے گا۔ ظالم انگریز ظاہری لحاظ سے تو چلا گیا مگر معنوی اور روحانی لحاظ سے اپنی اتنی اولاد یہاں چھوڑ گیا ہے جو انگریز کے مشن کو خود انگریز سے بھی بڑھ کر کامیاب بنانے کے لئے کافی دراق ہے۔

اب انگریز بہادر کی تربیت سے اتنے غلام احمد قادیانی غلام احمد پرویز اور ڈاکٹر فضل الرحمن پیدا ہو گئے ہیں کہ اسلام کی مقدس تعلیمات کو مسخ کرنے اور احادیثِ رسولؐ سے مسلمانوں کو برگشتہ کرنے کے لئے نہ کسی انگریز کی ضرورت رہی ہے نہ کسی شیطان کی یہ صورتِ حالات ہر درمند باغیرت مسلمان کیلئے انتہائی تکلیف دہ ہے میں بھی ایک عرصہ سے اسے دیکھ دیکھ کے کڑھتا رہتا تھا۔ پھر میرے دل میں خیال آیا کہ نوجوان نسل کی یہ بے راہ روی اور یہود و نصاریٰ کی اندھا دھند پیروی کہیں اس وجہ سے نہ ہو کہ سیرتِ نبوت اور اسوۂ رسالت کا کوئی واضح خاکہ ان کے سامنے نہیں۔ تب میں نے ارادہ کر لیا کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک شکل وصورت اور پاکیزہ خوراک و پوشاک کی ایک مفصل تصویر کتابی شکل میں ان کے سامنے پیش کروں تاکہ یہ فریب خوردہ شاہین بانیٔ اسلام کی اس مقدس اور لاثانی سیرت وصورت کو اپنی آنکھوں سے

دیکھ سکیں جسے پروردگارِ عالم نے اپنی پسند کے مطابق بنایا اور تمام انسانیت کے لئے نمونہ قرار دیا۔ یہ بھولے بھٹکے امتی اپنے پیغمبر آخرالزمان سید و خاتم مرسلان حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ سے روشناس ہو جائیں جس کے سانچے میں ڈھل کر کبھی یہ خود فاتح عالم بن گئے تھے مجھے یقین ہے کہ آج بھی اگر مسلمان کا ضمیر بیدار ہو جائے اس کے سمندر غیرت کو مہمیز کر دیا جائے تو یہ پھر وہی غیر فانی کارنامے سرانجام دے سکتا ہے جن سے سارا یورپ ایشیا بلکہ تمام غیر مسلم اقوام حیرت زدہ ہی نہیں انگشت بدنداں ہو گئی تھیں۔

کیوں گرفتارِ طلسمِ ہیچ مقداری ہے تو
دیکھ تو پوشیدہ تجھ میں شوکتِ طوفاں بھی ہے

میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے صرف ان تین گوشوں کا انتخاب اس لئے کیا ہے کہ ہر خاص و عام اور جاہل و تعلیم یافتہ کا زیادہ تر ابتلا انہی باتوں میں ہے۔

کیا وہ مسلمان جو اپنی سیرت و صورت کی خوبی اور اخلاق و کردار کی پاکیزگی کی وجہ سے خلافتِ الٰہیہ کا حق دار تھا اس کی گراوٹ اور ذلت و رذالت اس سے

Marfat.com

زیادہ بھی ہو سکتی ہے۔

وائے گر پسِ امروز بود فردائے

اے پروردگار تو دنیا کے تمام مسلمانوں کو عموماً اور پاک و ہند کے مسلمانوں کو خصوصاً سیرت و کردارِ محمدی کا حامل بنا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ محمدٍ و آلہ وصحبہ وازواجہ واتباعہ اجمعین

Marfat.com

# تہذیبِ حاضر کے دلدادہ جوانوں کے نام

## علامہ اقبال علیہ الرحمتہ کا پیغام

ترے صوفے ہیں افرنگی ترے قالیں ہیں ایرانی
لہو مجھ کو رلاتی ہے جوانوں کی تن آسانی

امارت کیا شکوہِ خسروی بھی ہو تو کیا حاصل
نہ زورِ حیدری تجھ میں نہ استغنائے سلمانی

نہ ڈھونڈ اس چیز کو تہذیبِ حاضر کی تجلی میں
کہ پایا میں نے استغنا میں معراجِ مسلمانی

عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں
نظر آتی ہے ان کو اپنی منزل آسمانوں میں

نہ ہو نومید، نومیدی زوالِ علم و عرفاں ہے
امیدِ مردِ مومن ہے خدا کے رازدانوں میں

نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

Marfat.com

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

# پیش مقصد

پروردگارِ عالم نے نوعِ انسانی کی تخلیق اس غرض سے فرمائی ہے کہ انسان اس خاکدانِ عالم میں آکر اپنی زندگیٔ مستعار کے شب و روز منشاءِ الٰہی کے مطابق گزارے۔ وہ اپنی ہر حس و حرکت میں، ہر سکون و قرار میں، ہر قول و فعل میں، چال ڈھال میں شکل و صورت میں، خوراک و پوشاک میں، چلت پھرت میں، رہن سہن میں، بیداری و خواب میں، بچپن جوانی اور بڑھاپے میں، فقر و فاقہ میں ناز و نعمت میں اور اسیری میں ریاست اور بادشاہی میں عبادات و معاملات محبت و مودّت میں، نفرت و وحشت میں، یعنی زندگی اور موت کے ہر موڑ پر وہ فرمانِ خداوندی کا پابند ہو حکمِ الٰہی پر عمل پیرا ہو۔ یادِ حق میں مصروف و مشغول ہو۔ یہی وہ مقصدِ تخلیق ہے جس کو قرآنِ پاک نے ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ کہ میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اور صرف اپنی

Marfat.com

عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔ مگر اس منشاءِ الٰہی کی تکمیل فرمانِ خداوندی کی تعمیل حکمِ ربانی کا اتباع۔ یادِ الٰہی میں اشتغال۔ اور عبدیتِ کاملہ کا مظاہرہ ظلوم و جہول انسان سے اس وقت تک ناممکن تھا جب تک کہ اس کے سامنے کوئی عملی تصویر اور مثالی نمونہ نہ ہوتا خداوند تعالےٰ نے انسان کو اپنی منشا کی عملی تصویر اور اپنی پسند کا مجسم نمونہ دکھانے کے لئے اپنے نگارخانۂ خلق کے شاہکار کائناتِ انسانی و ملکی کے درِ شہوار سید الانبیاء والمرسلین محبوب رب العالمین حضرت محمد مصطفٰے احمد مجتبٰے صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا اور ان کی کتابِ زندگی کی تالیف، تصنیف، تبویب اور تزیین و تہذیب میں قلمِ قدرت کی ساری ندرت کاریاں ختم کر ڈالیں۔ اس بات کو قرآنِ پاک نے ان الفاظ میں ادا کیا ہے۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا یقیناً تمہارے واسطے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت میں زندگی گزارنے کا بہترین نمونہ موجود ہے خصوصاً اس شخص کے لئے جو خداوند تعالیٰ سے ملاقات اور روزِ قیامت کے حساب و کتاب پر یقین رکھتا ہو اور ذکرِ الٰہی اس کا اوڑھنا بچھونا بن گیا ہو۔ اس لحاظ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات ہر وقت

۱۹۷۰۷

مسلمان کے پیشِ نظر رہنی چاہیئے اور آپؐ کی کتاب زندگی کے چمکتے ہوئے اوراق کو اپنے لئے مشعلِ راہ سمجھنا چاہیئے تاکہ ہم تمام بنی نوعِ انسان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ اور آپؐ کی سیرت و کردار کی روشنی میں اپنے عمل کی ان راہوں پر چل سکیں جو ہمیں منشاءِ الٰہی اور مرضیاتِ خداوندی کی منزل تک پہنچا سکیں اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا لِہٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْلَا اَنْ ھَدَانَا اللّٰہُ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مثالی زندگی کے سینکڑوں نہیں ہزاروں گوشے ہیں جن کا استیعاب تو بڑے بڑے دفتروں میں بھی ناممکن ہے۔ اس لئے وقت کی ضرورت کے لحاظ سے اس وقت آپؐ کی سیرتِ طیبہ کے صرف تین گوشوں کو اجاگر کرنا مقصود ہے کیونکہ عامۃ الناس بالخصوص ہماری بدنصیب نسل نے اس وقت انہی تین باتوں کو نظر انداز کر کے اپنی شکل و صورت کو مسخ کیا ——— اور اپنی خوراک و پوشاک کو بگاڑ لیا ہے جس کے نتیجے میں ہماری قومی خودداری بے نام و نشاں ہو گئی اور ہم دنیا کی ذلیل ترین قوموں کی گندی تہذیب اور لعنتی تمدن کے غلام بے دام بن گئے ؎

کبھی اے نوجوان مسلم تدبر بھی کیا تو نے

وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا

۱۹۳۰ - ۳

Marfat.com

باب اوّل

# اُسوۂ رسولؐ

# شکل و صورت میں

Marfat.com

# صورتِ مبارک میں اسوۂ حسنہ

نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی صورتِ اطہر آپ کی کسبی اور وہبی خوبیوں کی وجہ سے حسن وجمال کا مرقع تھی۔ شکلِ مبارک اتنی پاکیزہ چہرۂ انور اتنا منور جبینِ مقدس اتنی روشن اور خد وخال ایسے لطیف اور پرکشش تھے۔ کہ جو دیکھتا بس دیکھتا ہی رہ جاتا۔ بار بار دیکھنے کو جی چاہتا مگر رعب حسن کی وجہ سے مکرر دیکھنے کی ہمت نہ ہوتی ؎

عینِ وصال میں مجھے حوصلۂ نظر نہ تھا
گرچہ بہانہ جو رہی میری نگاہِ بے ادب

شکلِ مبارک کی یہ خوبیاں پروردگارِ عالم نے آپ کو وہبی طور پر عطا فرمائی تھیں۔ اس لئے ہم لوگ ان کی ریس کرنے اور انہیں اپنانے کے پابند نہیں اور نہ ہی وہبیات میں کسی سے مماثلت پیدا کی جا سکتی ہے۔ ہمارا موضوعِ بحث آپ کی وہ اختیاری خوبیاں ہیں جنہیں آپ نے اپنے لئے یا امتِ مسلمہ کے لئے امرِ خداوندی کے مطابق موزوں سمجھ کر اختیار فرمایا اور بسا اوقات لوگوں کو بھی ان کی تعمیل کرنے کا حکم دیا۔ جیسے سر مبارک پر پٹے یا چہرۂ انور پر داڑھی کا رکھنا اور مونچھوں کا کٹوانا یا سر پر عمامہ باندھنا ٹوپی پہننا اور بیٹھ کے دائیں ہاتھ سے کھانا پینا وغیرہ

Marfat.com

## سر کے بالوں میں سنتِ نبوی

آج کل انگریزی طرز کے بودے رکھنے کا عام رواج ہو گیا ہے جو ہماری تہذیب پر انگریزی تہذیب و تمدن کے غلبے کا اثر ہے۔ بچے بوڑھے اور جوان سبھی اسے فیشن اور ترقی پسندی سمجھ کر اختیار کر رہے ہیں حالانکہ اس قسم کا بودا احکامِ رسول کی صریح خلاف ورزی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ یا تو سارے سر پر بال رکھو یا سارے سر کے بال منڈوا دو۔ (مسلم بحوالہ مشکوٰۃ صفحہ ۳۸۰)

سر کے کچھ حصے پر بال رکھنے اور باقی سر سے منڈوا دینے کو آپ منع فرماتے تھے جیسے حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قزع سے منع فرمایا ہے۔ لوگوں نے پوچھا قزع کیا ہے تو آپ نے فرمایا سر کے کچھ حصے کے بال مونڈے اور باقی رکھے جائیں۔ (ابن ماجہ صفحہ ۲۶۷) اب دیکھئے بودے میں یہی صورت ہوتی ہے کہ گردن اور کانوں کے اوپر سے چوٹی تک بال ہلکے کروائے جاتے ہیں اور باقی سر پر پورے رکھے جاتے ہیں۔ یہ سنتِ نبوی اور طریقۂ اسلاف کی مخالفت ہے خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عام طور سے سر پر پورے بال رکھے ہیں۔ جن کی مقدار وقتاً فوقتاً گھٹتی بڑھتی رہی ہے (خصائل بر شمائل ترمذی صفحہ ۲۵)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے کہ حضور علیہ السلام کے بال نصف کانوں تک تھے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور علیہ السلام کے بال کانوں کی لَو سے ذرا نیچے تک اور کندھوں سے ذرا اوپر تک تھے (خصائل بر شمائل ص ۲۵)

براء ابن عازبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ السلام کے بال کندھوں کو چھوتے ہوئے دیکھے خصائل بر شمائل ص ۲۶

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مدظلہ کے بقول چند مرتبہ آپ کا سر کو بالکل منڈوا دینا بھی ثابت ہے جیسا کہ حضرت عبداللہ بن جعفر کہتے ہیں کہ حضرت جعفرؓ کی شہادت کے بعد تین دن تک تو سوگ منانے سے منع نہیں فرمایا اس کے بعد (یعنی چوتھے دن) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھر تشریف لائے اور فرمایا کہ آج کے بعد میرے بھائی پر ہرگز نہ رونا پھر آپ نے فرمایا میرے بھتیجے میرے پاس لاؤ عبداللہ کہتے ہیں کہ ہم سب کو آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا گویا کہ ہم چھوٹے چھوٹے چوزے تھے پھر آپ نے فرمایا کہ نائی کو بلاؤ جب وہ آگیا تو آپ نے حکم دیا کہ سب بچوں کے سر مونڈ دو چنانچہ اس نے ہمارے سر مونڈ ڈالے مشکوٰۃ ص ۳۸۲

Marfat.com

یہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود حکم دے کر بچوں کے سر منڈوائے ہیں اسی طرح حضرت علیؓ سے ثابت ہے کہ وہ اپنا سر منڈوایا کرتے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو منع نہیں فرمایا۔ (امداد الفتاویٰ ج ۴ ص ۲۱۳) اس سلسلہ میں حضرت علیؓ کا یہ مقولہ بھی مشہور ہے وَمِنْ ثَمَّ عَادَیْتُ رَاسِی یعنی اس دن سے میں نے اپنے سر سے دشمنی اختیار کر لی جب سے میں نے حضور علیہ السلام سے سنا کہ تحت کل شعرۃٍ جنابۃٌ کہ ہر بال کے نیچے جنابت ہے یعنی اس دن سے سر مستقل طور پر منڈوانا شروع کر دیا اس بنا پر سر کے بالوں کے متعلق مقدار کے لحاظ سے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چار مستقل سنتیں ہوئیں (۱) نصف کانوں تک (۲) کانوں اور کندھوں کے درمیان تک (۳) کندھوں تک (۴) بالکل منڈوا دینا۔ چار مستقل سنتیں ہونے کی وجہ سے عمل میں خوشگوار توسع ثابت ہو گیا تاکہ جس کو ان چاروں طریقوں میں سے جونسا طریقہ زیادہ پسندیدہ ہو اسی پر عمل کرلے عمل میں اتنی وسعت مل جانے کے بعد بھی اگر کوئی شخص سنتِ رسول کو چھوڑ کر یہود و نصاریٰ یا کافروں اور مشرکوں کی سنت اختیار کرے تو اس کو بدبختی کے سوا کیا کہا جا سکتا ہے۔

## بالوں کی تزیین و تدہین

جہاں آپ سر مبارک پر بال رکھنے کے عادی تھے وہیں ان کی صفائی اور

Marfat.com

تزئین کا بھی خیال رکھتے تھے نہانا دھونا تو آپ کا معمول تھا ہی اس کے علاوہ گاہے گاہے آپ بالوں میں کنگھی بھی کر لیا کرتے تھے لیکن ہر وقت کنگھی چوٹی کرنے کو آپ ناپسند فرماتے تھے جیسے خصائل بر شمائل ص۲۸ میں حضرت عبد اللہؓ بن مغفل سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کنگھی کو منع فرماتے تھے مگر گاہے گاہے کر بھی لیا کرتے تھے۔ گاہے سے مراد معمولاً تیسرا دن ہے۔ یعنی ایک دن کے ناغے سے کنگھی کر لینا مناسب ہے۔ یہ تشریح قاضی عیاضؒ سے منقول ہے بحوالہ شمائل ص۲۸ اور حدیث شریف میں جو غباً یعنی گاہے کا لفظ آتا ہے اس سے اس کی گنجائش نکلتی ہے۔ اسی طرح بالوں کو تیل لگانا بھی آپ کا معمول تھا۔ کیونکہ اس سے سر کی خشکی بھی دور ہوتی ہے اور بال بھی سنورے رہتے ہیں۔

حضرت انسؓ سے شمائل میں منقول ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر مبارک پر اکثر تیل کا استعمال فرماتے تھے اور داڑھی شریف میں اکثر کنگھی کیا کرتے تھے اور اپنے سر پر ایک کپڑا ڈال لیا کرتے تھے جو تیل کے کثرتِ استعمال سے ایسا ہوتا تھا جیسے تیلی کا کپڑا۔ خصائل بر شمائل ص۲۷ یعنی دوسرے کپڑوں کو آلودگی سے بچانے کے لئے سر پر ایک قسم کا غلاف ڈال لیتے تھے۔ تاکہ وافر تیل اس میں جذب ہو جائے اور دوسرے کپڑوں کو

Marfat.com

تر نہ کر سکے سبحان اللہ فوائدِ دینی کے ساتھ آپ نے مصلحتِ جسمی کو بھی نظر انداز نہیں فرمایا اگر آپ بال رکھتے مگر ان کی صفائی نہ کرتے یا ان میں کنگھی نہ کرتے یا ان میں تیل نہ لگاتے تو اصولِ صحت اور حقوقِ مصاحبت کے کتنا خلاف ہوتا ابوداؤد شریف میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے بال بکھرے ہوئے دیکھے تو آپ نے بال سنوار لینے کا اشارہ فرمایا وہ شخص بال درست کر کے جب دوبارہ سامنے آیا تو آپ نے فرمایا کیا یہ صورت بہتر نہیں ہے بہ نسبت اس کے کہ کوئی شخص اس طرح بال بکھیرے ہوئے آئے جیسا کہ شیطان ہو۔ مالک بحوالہ مشکوٰۃ صـ۳۸۴

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جس شخص کے بال ہوں تو اسے چاہئے کہ ان کا اکرام کرے (ابوداؤد بحوالہ مشکوٰۃ صـ۳۸۲)

## بالوں میں مانگ نکالنا

شروع شروع میں آپ مشرکین کی مخالفت اور اہلِ کتاب کی موافقت کرنے کے لئے مانگ نہیں نکالتے تھے لیکن آخر کار جب مشرکین نیست و نابود ہو گئے اور ان سے موافقت کا سوال باقی نہ رہا تو آپ نے مانگ نکالنا اپنا معمول بنالیا' یہ مضمون شمائل میں حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے عورتوں

Marfat.com

کی طرح لمبے لمبے بال رکھنے کو آپ ناپسند فرماتے تھے جیسے آج بھی بعض ملنگ اور نقیر لمبی لمبی جٹیں رکھ لیتے ہیں جو کندھوں سے بھی نیچے تک بکھری رہتی ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو منحوس قرار دیا ہے جیسے ابن ماجہ ص۲۶۷ میں وائل ابنِ حُجر رضی اللہ عنہ کا واقعہ اس کی دلیل ہے وہ کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے لمبے لمبے بال دیکھے تو فرمایا ذُناب ذُناب۔ یعنی ناپسندیدگی اور نحوست کی طرف اشارہ فرمایا حضرت وائل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں آپ کی منشا سمجھ گیا اور جاتے ہی بال چھوٹے کرالئے تو آپ نے اس کی تحسین فرمائی۔

حجاج بن حسان کی بہن حضرت مغیرہ کہتی ہیں کہ حجاج ابھی چھوٹا ہی تھا کہ ہم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس گئے حجاج کے سر پر دو میڈھیاں یا جوڑے سے بنے ہوئے تھے انہوں نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور برکت کی دعا دی اور فرمایا کہ ان کو کٹوادو کہ یہ تو یہودیوں کی طرز ہے۔ ابوداؤد بحوالہ مشکوٰۃ ص۳۸۴

اس سے معلوم ہوا کہ لمبی لمبی جٹیں یا زلفیں رکھنا حضور علیہ السلام یا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سنت نہیں بلکہ یہ تو یہودیوں کی نقالی ہے جو صراحتہً ممنوع ہے۔

## ریش مبارک میں اُسوۂ حسنہ:-

داڑھی مومن کا نور مرد کی زینت اسلام کا شعار انبیاء کی سنت اور رسول اکرم

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ ہے اس بنا پر مسلمان کا داڑھی جیسی مقدس اور پُر فضیلت چیز سے عاری ہونا انتہائی بدقسمتی کے علاوہ اس کی شانِ اسلام کے خلاف ہے لیکن آج کل داڑھی منڈانے کی وبا اتنی عام ہو گئی ہے کہ داڑھی رکھنے والے افراد معاشرے میں ایک قسم کے اچھوت بن گئے ہیں مگر آفرین ہے انہی اچھوتوں کو کہ معاشرے کی ساری مخالفتوں کے باوجود بھی فرمانِ رسول کے مطابق یہ لوگ سو شہیدوں کا ثواب پا رہے ہیں آپ کا ارشادِ گرامی ہے مَنْ اَحْیَا سُنَّتِیْ عِنْدَ فَسَادِ اُمَّتِیْ فَلَهٗ اَجْرُ مِائَةِ شَهِیْدٍ یعنی میری امت کے بگڑ جانے کے وقت جس نے میری کسی سنت کو زندہ کیا (یعنی ماحول کے مخالف ہونے کے باوجود مضبوطی سے اس پر عمل کیا) اس کے لئے سو شہیدوں کا ثواب ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور پر بھرپور داڑھی تھی۔ قاضی عیاض رح کی تصنیف شفا میں یہ روایت مذکور ہے کَانَ کَثَّ اللِّحْیَةِ تَمْلَأُ صَدْرَهٗ۔ شفاء قاضی عیاض بحوالہ حلیۃ اللحیہ ص۲ آپ کی ریش مبارک اتنی گھنی اور بھرپور تھی کہ سینۂ اطہر کو بھر دیتی تھی کَثَّ اللِّحْیَة کے الفاظ امام ترمذی نے بھی حلیۂ شریف کے ذیل میں نقل کئے ہیں کہ آپ گھنی داڑھی والے تھے۔ خصائل بر شمائل ص۱۱

علامہ محمد ہاشم سندھی رح نے اپنی بیاض میں حضرت عمرو رض بن شعیب کی روایت سے شرح شرعۃ الاسلام کے حوالہ سے ایک حدیث نقل فرمائی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں

اِنَّهٗ صلی اللّٰہ علیہِ وسلم کَانَ یَأخُذُ مِن لِحیَتِہٖ طُولاً وَ عَرضاً اِذَا زَادَ عَلَی الْقُبْضَۃِ۔ شرح شرعۃ الاسلام ص۲۹۸ بحوالہ داڑھی کی شرعی حیثیت ص۸۴

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی مبارک جب چار انگل سے زائد ہوجاتی تھی تو آپ لمبائی اور چوڑائی میں کسی قدر کتر لیا کرتے تھے اس حدیث شریف سے جہاں مسلکِ احناف کے مطابق مقدارِ قبضہ سے زائد کو کٹا دینے کی اجازت بلکہ استحباب ثابت ہوتا ہے وہیں یہ بھی معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ریش مبارک کم از کم چار انگشت تو ضرور ہوتی تھی اور جب اس سے زائد ہو جاتی تھی تو آپ کترا دیتے تھے امام ترمذیؒ نے اگرچہ مازادَ علَی القَبضۃ کی زیادتی نقل نہیں فرمائی تاہم تعاملِ صحابہؓ تعاملِ تابعینؒ اور تعاملِ امت سے اس زیادتی کی توثیق ہوجاتی ہے داڑھی سے متعلق عام احادیث ماضی استمراری کے صیغوں سے نقل ہوئی ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کوئی ایک آدھ دفعہ کا واقعہ نہیں بلکہ یہ تو آپ کی سنتِ دائمہ اور عادتِ مستمرہ تھی۔ کتاب الآثار الامام محمد میں محمد بن ابی حنیفہ عن ہثیم عن ابن عمرؓ یہ روایت موجود ہے اِنَّہٗ کَانَ یُقبِضُ عَلَی اللِّحیَۃِ ثُمَّ یَقُصُّ مَا تَحتَ الْقُبْضَۃِ۔ بحوالہ داڑھی کی شرعی حیثیت ص۸۵ یعنی حضرت عبداللہ بن عمرؓ داڑھی مبارک کو مٹھی میں پکڑ کر جو نیچے بچی ہوتی اسے کاٹ دیتے عاشق سنتِ رسول

حضرت ابنِ عمر کا یہ فعل خلافِ سنتِ رسول نہیں ہوسکتا۔ پس معلوم ہوا کہ حضور علیہ السلام کی ریش مبارک کم از کم چار انگل ضرور ہوتی تھی اس سے زائد کو آپ کٹا دیتے ہوں گے جس سے ترمذی کی روایت کا عقدہ بھی حل ہو گیا کہ آپ ریش مبارک کو طول و عرض سے چھانٹ لیتے تھے یعنی مٹھی بھر سے زائد ہو جانے کے بعد۔

## داڑھی بڑھانا سنتِ رسول ہی نہیں حکمِ خداوندی ہے :-

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ داڑھی رکھنا یا بڑھانا سنتِ رسول ہے رکھ لیں تو ثواب ہے نہ رکھیں تو گناہ بھی کوئی نہیں آئندہ جو روایت نقل ہو رہی ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کا داڑھی رکھنا اور رکھانا عادتِ عرب یا تقاضائے طبعی کے ماتحت نہ تھا بلکہ اس کا منشا حکمِ خداوندی تھا۔

باذان گورنر یمن کے داڑھی منڈے سفیر جب دربارِ رسالت میں پہنچے تو آپ کو ان کی منڈی ہوئی داڑھی اور بڑھی ہوئی مونچھیں دیکھ کر سخت صدمہ ہوا اور فرمایا تمہاری ہلاکت ہو تمہیں کس نے کہا ہے کہ ایسی مکروہ شکل بناؤ انہوں نے کہا ہمارے رب یعنی بادشاہِ کسریٰ نے، آپ نے فرمایا لیکن مجھے تو میرے رب نے داڑھی بڑھانے اور مونچھیں کٹوانے کا حکم دیا ہے۔ داڑھی کی قدر و قیمت صـ ۲۸

اس سے معلوم ہوا کہ داڑھی منڈانے والا رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہوں سے اتنا گر جاتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کی طرف دیکھنا بھی گوارا نہیں فرماتے۔ داڑھی منڈے عشاقِ رسول کو اس سے سبق لینا چاہئیے مبادا میدانِ حشر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چہرۂ انور کو ان کی طرف سے پھیر لیں تو پھر ان لوگوں کا ٹھکانا کہاں ہوگا۔

گرے جو آسماں سے اس کا بچ جانا تو ممکن ہے
تری آنکھوں سے گر کر زندگی موہوم ہے ساقی

اسی طرح یہ بھی معلوم ہوا کہ داڑھی بڑھانے کا حکم آپ نے اپنی طرف سے نہیں دیا بلکہ حکم تو خدا کا ہے اور آپ اس حکمِ خداوندی کو نافذ کرنے والے ہیں لہٰذا سنت سمجھ کے اسے ترک کر دینا حکمِ الٰہی کو نہ ماننے کے مترادف ہے اسی طرح طبقات ابنِ سعد میں یہ حدیث موجود ہے کہ اَمَرَنِی رَبِّی باعفاءِ لحیتی وقص شواربی یعنی مجھے میرے رب نے حکم دیا ہے کہ اپنی داڑھی بڑھاؤں اور مونچھیں کترواؤں۔ طبقات بحوالہ داڑھی کی قدر و قیمت ص ۳۶

## داڑھی بڑھانا رواج نہیں ایک دینی امر ہے :۔

درِ منثور میں یہ روایت ہے کہ بڑی بڑی مونچھوں اور منڈی ہوئی داڑھی

والا ایک مجوسی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا تو آپ نے اس کی مکروہ شکل کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے پوچھا کہ یہ حلیہ کیوں بگاڑ رکھا ہے تو اس نے کہا یہ تو ہمارا دین ہے اس پر آپ نے فرمایا کہ ہمارے دین میں تو یہ حکم ہے کہ مونچھیں کٹائی جائیں اور داڑھی بڑھائی جائے۔ (در منثور) تو معلوم ہوا کہ داڑھی بڑھانا صرف رواجِ عرب یا عادتِ رسول ہی نہیں بلکہ دینِ اسلام کا ایک اہم مسئلہ ہے جسے شعارِ اسلام کہنا چاہیئے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے داڑھی بڑھانے اور مونچھیں کٹوانے پر اتنا زور اس لئے بھی دیا تھا کہ اس سے مجوسیوں یہودیوں نصرانیوں اور کفار و مشرکین کی مخالفت کرنا مقصود تھا اور جس چیز کو دوسرے مذاہب کے بالمقابل بطور نشان کے اختیار کر لیا جائے وہ مذہبی شعار ہوتا ہے۔

## داڑھی بڑھانا شعارِ اسلام ہے :-

مونچھیں کٹانے کا شعارِ اسلام ہونا ہونا تو اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے
قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ یَأْخُذْ مِنْ شَارِبِہٖ فَلَیْسَ مِنَّا
(ترمذی ص۱۰۰) یعنی جس نے اپنی مونچھیں نہ کٹوائیں وہ ہم میں سے نہیں ہے مطلب

Marfat.com

یہ ہے کہ وہ مسلمان نہیں سمجھا جائے گا کیونکہ اس کا چہرہ اسلامی نشان کے مطابق نہیں۔ داڑھی بڑھانے اور مونچھیں کٹوانے دونوں کے مشترکہ شعارِ اسلام ہونے پر یہ حدیث مضبوط دلیل ہے۔

⊙ عَنْ اِبْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْمُشْرِکِیْنَ وَفِّرُوا اللُّحٰی وَاحْفُوا الشَّوَارِبَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ خَالِفُوا الْمَجُوْسَ

(بخاری ص۸۷۵ ج ۲)

یہ دونوں روائتیں بخاری اور عینی میں منقول ہیں یعنی حضرت عبداللہ بن عمرؓ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ داڑھیاں بڑھا کر اور مونچھیں جڑ سے کترا کر مشرکین کی مخالفت کرو اور حضرت ابوہریرہؓ کی روایت میں ہے کہ مجوسیوں کی مخالفت کرو۔ تو گویا داڑھی بڑھانے اور مونچھیں کٹانے کا حکم اسلام نے اس لئے دیا ہے تاکہ بڑھی ہوئی داڑھی اور کٹی ہوئی مونچھیں اسلام کا نشان بن جائیں اور دیکھتے ہی داڑھی والا شخص یہودیوں اور مجوسیوں سے ممتاز ہو جائے یہی فائدہ حاصل کرنے کے لئے مذاہب میں اپنے اپنے شعار مقرر کئے جاتے ہیں اس لئے داڑھی کا شعارِ اسلام ہونے میں کوئی شبہ نہیں اور اس کے برعکس داڑھی منڈانے اور مونچھیں بڑھانے کو شعارِ کفر ہی قرار

Marfat.com

دیا جائے گا کیونکہ یہ ان کا نشان ہے۔

## داڑھی کے متعلق اسوۂ صحابہؓ:۔

فتح القدیر میں حضرت عمرؓ کے متعلق لکھا ہے کہ آپ کی داڑھی بڑی ہوتی تھی اور مٹھی بھر سے زائد کو کتر ادیا کرتے تھے۔ تاریخ ابن کثیر میں حضرت عثمان غنیؓ کے متعلق منقول ہے کہ کَانَ کَبِیْرَ اللِّحْیَۃِ یعنی آپ بڑی داڑھی والے تھے۔ فتح القدیر میں حضرت ابو ہریرہؓ کے متعلق بھی ہے کہ آپ کی داڑھی بڑی تھی اور آپ چار انگل سے زائد کو کٹوا دیتے تھے اتحاف السعادۃ میں ہے کہ یہ بات تو پہلے گزر چکی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم گھنی داڑھی والے تھے اسی طرح حضرت ابو بکرؓ کی داڑھی بھی گھنی ہوتی تھی مگر حضرت عثمانؓ کی داڑھی پتلی اور لمبی تھی اور حضرت علیؓ کی داڑھی تو اتنی چوڑی اور پھیلی ہوئی تھی کہ اس نے آپ کے کندھوں کے درمیان سینہ مبارک کو بھر رکھا تھا۔ (اتحاف السعادۃ شرح احیاء ج ۲ ص ۴۲۶)

## شعائرِ دین سے ہماری غفلت اور بے عملی کے اسباب

صحابۂ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم کے بعد دورِ تابعین سے لے کر ہندوستان میں انگریزوں کی آمد تک داڑھی رکھنے پر پوری امت کا تعامل تھا۔ ہندو اور جاٹ اگرچہ

Marfat.com

داڑھی منڈاتے تھے مگر مسلمان چونکہ حکمران قوم کے افراد تھے اس لئے وہ ہندوؤں جاٹوں اور دیگر کافر اقوام کی تہذیب سے مرعوب نہ تھے داڑھی رکھنے کو شرافت اور معزز ہونے کی علامت سمجھا جاتا تھا اس لئے کسی مسلمان کے داڑھی منڈوا دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ یہ تو انگریزوں کے ناپاک قدموں کی نحوست ہے جب سے وہ ہندوستان میں حکمران ہو کر آئے انہوں نے اسلام کے فرزندوں سے بارہ سو سالہ تاریخ کا انتقام لینے کے لئے ان کی تہذیب و تمدن کو ان کے فیشن و کلچر کو ان کے علوم و فنون کو ان کے دین و مذہب کو ان کے عقائد و خیالات کو بگاڑنے اور مسلمان قوم کو نام کے سوا باقی ہر لحاظ سے کافر و ملحد بنا دینے کا ایک زبردست پروگرام بنایا اور اس غرض سے اپنی حکومت کی پوری مشینری وقف کر دی یورپ سے پادری منگوائے ان کی مشینریاں قائم کیں جنہوں نے ہسپتالوں، سکولوں کالجوں پمفلٹوں، جلسوں مناظروں اور جعلی نبوتوں کے ذریعہ مسلمانوں کو اپنے دینِ حنیف سے منحرف کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا درس گاہوں میں ایسا نصابِ تعلیم رائج کیا جس سے مسلمانوں کی نوجوان نسل نام کے لحاظ سے تو گو مسلمان رہی۔ مگر دل و دماغ ذہن و فکر سوچ بچار شکل و صورت خوراک و پوشاک اور رہن سہن کے لحاظ سے پوری انگریز بن گئی۔ یہی لارڈ میکالے کی سکیم تھی جو اس انگریزی نصاب کا اولین مصنف

Marfat.com

تھا اس لئے برملا کہا تھا کہ ہمارا مقصد یہ ہے کہ ایسا نصاب تعلیم تیار کریں جسے پڑھ کر مسلمان خواہ انگریز تو نہ بن سکیں مگر مسلمان بھی نہ رہیں افسوس مسلمانوں کی سیاہ بختی کی وجہ سے دشمنانِ اسلام کی یہ سکیم پوری ہو کر رہی اور انگریز تو چلا گیا مگر انگریز کا لگایا ہوا یہ تخمِ خبیث خوب پھل پھول رہا ہے اس زیورِ تعلیم سے آراستہ نوجوان اپنے آباؤ اجداد کو احمق اپنی تہذیب و تمدن کو جاہلیت اپنے علوم و فنون کو ملائیت اور اپنے تاریخی کارناموں کو حوادث اور افسانے سمجھ رہا ہے۔ آہ ؎

وہ فریب خوردہ شاہیں جو پلا ہو کرگسوں میں
اسے کیا خبر کہ کیا ہے رہ و رسم شاہبازی

انگریزی حکومت کے جاہ و حشم کو دیکھ کر انگریز قوم کے تعیش پسند معاشرے کا مشاہدہ کر کے اور انگریزی سکولوں کالجوں میں تعلیم پا کر مسلمان نوجوان اتنا مرعوب شکست خوردہ اور احساس کمتری میں مبتلا ہو گیا کہ انگریز اور یورپ سے تعلق رکھنے والی ہر فضول و واہیات شئے میں اسے اپنی کامیابی و ترقی نظر آنے لگی اور اس کی ہر گھٹیا اور رکیک ادا کو یہ اپنے لئے ذریعۂ نجات اور وسیلۂ فوز و فلاح سمجھنے لگا۔

آج اگرچہ ظاہری طور پر ہم آزاد ہیں لیکن ہماری نئی پود اور نوجوان نسل ذہنی اور فکری لحاظ سے بری طرح یورپ و امریکہ کی غلامی میں مبتلا ہے یہ اسی کا اثر ہے کہ

انھوں نے سر سے ٹوپی اتار لی تو ہم نے عمامہ اتار دیا انھوں نے سر پر بودے رکھے تو ہم نے بھی اس بودے پن کو قبول کر لیا انھوں نے داڑھی سے نجات حاصل کی تو ہم نے بھی مجرموں کی طرح داڑھی منڈوا کے اطمینان کا سانس لیا۔ انھوں نے شلوار چھوڑ کر پتلون پہنی تو انتہائی شرمناک لباس ہونے کے باوجود ان کی نقالی میں ہم نے بھی اپنی شلوار اتار دی انھوں نے اپنے مذہبی شعار کے طور پر شبیہہِ صلیب کو ذرا تراش خراش کر کے ٹائی کی صورت میں گلے میں باندھا تو ہم نے بھی غلامی اور پھانسی کا یہ پھندا ہنسی خوشی اپنے گلے میں ڈال لیا انھوں نے مذہب کو انفرادی معاملہ قرار دے کر قومی اور اجتماعی طور پر سائنسی ترقی کو اپنا مطمحِ نظر بنایا تو ہم نے سائنسی ترقی کو تو نظر انداز کر دیا مگر مذہب اور قابلِ احترام مذہبی شخصیات کو اپنی تضحیک اور استہزار کا نشانہ بنا لیا نتیجتہً ہمارے مذہب ہماری تاریخ ہمارے کلچر اور ہماری قوم سے وہ خوفناک انتقام جو عیسائی اور یہودی تیرہ صدیوں میں نہ لے سکے وہ ہمارے اس فریب خوردہ شاہین یعنی بھٹکی ہوئی نوجوان نسل سے پچھلے پچاس برس میں لے لیا ؎

زمانے کے ستم تو سہہ ہی لیتے  عزیزوں کے کرم نے مار ڈالا

یہ سلسلہ خدا کرے یہیں رک جائے ورنہ خطرہ ہے کہ یورپ و امریکہ والے تو مادر زاد ننگے ہو کے اور شاہراہوں اور پارکوں میں برسرِ عام جنسی وظیفہ سر انجام دینے

میں بڑا فخر محسوس کرنے لگے ہیں کبھی اسی طرح ہمارے نوجوان بھی ان انسان نما چوپایوں کے ڈگر پر چل کر شرم وحیا اور دین دھرم کو خیر باد نہ کہہ دیں۔ اَعَاذَنَا اللّٰہُ مِنْھَا ۔ یہ ہے تہذیبِ فرنگی کا یہ تحفہ کہ انسانوں کو حیواں کر کے چھوڑا

## داڑھی کی تعریف :۔

عربی میں داڑھی کو لحیہ کہتے ہیں اور لحیہ دراصل نچلا جبڑا ہے تو گویا چہرے کے جو بال نچلے جبڑے کے بالمقابل ہوں گے حقیقتاً تو وہی داڑھی کی تعریف میں آئیں گے اور جو بال اس حد سے خارج ہیں۔ وہ داڑھی کی تعریف سے بھی خارج ٹھہریں گے پس بالائی جبڑے پر جو بال ہیں وہ چونکہ داڑھی نہیں اس لئے ان کے منڈا دینے یعنی خط بنا لینے میں کوئی حرج نہیں لیکن اگر یہ خیال کرتے ہوئے خط بھی نہ بنوایا جائے کہ خط بنوانا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں تو بے شک یہ بھی ثواب کا باعث ہوگا۔

## داڑھی کی مقدار لمبائی میں :۔

داڑھی بڑھانے کے متعلق حدیث شریف میں پانچ قسم کے الفاظ ملتے ہیں

Marfat.com

أَعْفُوا - أَوْفُوا - أَرْخُوا - أَرْجُوا - وَفِّرُوا - ان کے معنی داڑھی رکھنے کے نہیں بلکہ داڑھی بڑھانے کے ہیں تو گویا ان سب کا مشترکہ مفاد یہی ہے کہ داڑھی کو اپنی طبعی حالت پر بڑھنے دیا جائے جہاں تک بھی وہ بڑھتی جائے جیسا کہ علامہ نودیؒ نے شرح مسلم میں اسی سے ملتے جلتے الفاظ لکھے ہیں ان الفاظ کی بنا پر یہ دعوے لاریب کیا جا سکتا ہے کہ اگر بعض آثارِ صحابہ سے مٹھی بھر سے زائد داڑھی کو کترا دینا ثابت نہ ہو جاتا تو مقدارِ قبضہ سے زائد کا کترا دینا بھی ویسے ہی حرام ہوتا جبکہ اس سے کم کا کترانا حرام ہے اس میں شک نہیں کہ نچلے جبڑے کے اوپر جتنے بال ہیں خواہ ایک چاول کی مقدار میں ہوں یا کم و بیش از روئے لغت انہیں داڑھی کہنا صحیح ہے لیکن داڑھی رکھنا کوئی لغتِ عرب کا حکم نہیں بلکہ یہ تو اللہ تعالے اور اس کے رسول کا حکم ہے جو آپ نے حضراتِ صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم کو دیا اس لئے اس حکم کی تعمیل کے لئے ہمیں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہؓ کے عمل کو دیکھنا ہوگا کہ انہوں نے کس طرح اس حکم کی تعمیل کی۔ جب اس نظر سے ہم تاریخ کو دیکھتے ہیں تو ہمیں بلا خوفِ تردید اس دعوی کی پوزیشن حاصل ہو جاتی ہے کہ زمانۂ رسول میں نہ دورِ صحابہ میں اور نہ ہی عصرِ تابعین میں کسی بھی شخص کی داڑھی مٹھی بھر سے کم ثابت نہیں کی جا سکتی تو گویا خیر القرون کی پوری تاریخ ایسی

Marfat.com

ایک بھی جزئی پیش کرنے سے قاصر ہے جس سے دورِ حاضر کے بعض "مفکرین" کو کچھ سہارا مل سکتا اور کسی درجے میں ان کی بات رہ جاتی تو جو داڑھی مٹھی بھر سے کم ہے اسے فیشن تو کہا جا سکتا ہے خود فریبی بھی کہہ سکتے ہیں مگر وہ شرعی داڑھی نہیں جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی تعمیل ہوتی ہو اس لئے داڑھی منڈانے اور مقدارِ مسنت سے کم کو کترانے میں حقیقتاً کوئی فرق نہیں فرمانِ رسولؐ کی خلاف ورزی کرنے میں دونوں یکساں مجرم ہیں فاسق و فاجر ہونے کا جو حکم داڑھی منڈانے والے پر عائد ہوگا وہی کترانے والے پر بھی منطبق ہوگا اور جس طرح داڑھی منڈا امامت کرانے کے لحاظ سے نااہل ہے اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے اسی طرح داڑھی کترانے والا بھی ناقابلِ امامت ہے اس کے پیچھے فرض نماز اور تراویح صحیح نہیں ہوتی۔

## داڑھی منڈوانے اور کترانے کا حکم:-

داڑھی کو چار انگل کی مقدار تک بڑھانا واجب ہے اور اس سے کم کرنا کترا کے یا منڈا کے عملی طور پر حرام ہے۔ منڈانے یا کترانے کو مکروہ تحریمی کہنا صرف اس وجہ سے ہے کہ اس کا ثبوت نصِ قرانی سے ثابت نہیں بلکہ صرف احادیثِ رسولؐ

سے ہے ورنہ عملی طور پر اس کے حرام ہونے میں کوئی شبہ نہیں کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تاکیدی احکامات کی صریح خلاف ورزی ہے جنہیں آپ نے الفاظ بدل بدل کر مختلف پیرایوں میں ارشاد فرمایا اور خود اپنے اور صحابہؓ کے عمل سے اس کی تصدیق کی داڑھی منڈوانے یا کترانے والے شخص کی امامت بھی مکروہ تحریمی ہے ایسے شخص کے پیچھے پڑھی ہوئی نماز واجب الاعادہ ہے خواہ فرض ہو یا نمازِ تراویح ایسے حافظ کے پیچھے تراویح پڑھنے کی بجائے کسی ایسے شخص کے پیچھے تراویح پڑھ لینا اولیٰ ہے جو خواہ قل ہو اللہ کے ساتھ تراویح پڑھائے مگر اس کا چہرہ سنتِ رسول سے مزین ہو اگر کسی مسجد میں ایسا امام مقرر ہے تو اہلِ محلہ پر لازم ہے کہ وہ اس کو علیحدہ کر کے کسی عامل سنت کو امام مقرر کریں ورنہ سب گنہگار ہوں گے اگر ابتداءً کسی کو امام مقرر کرنا ہو تو دیگر شرائط کے ساتھ ساتھ یہ بھی دیکھا جائے گا کہ اس کی داڑھی مقدار مسنون سے کم تو نہیں اگر کم ہو یا بالکل ندارد ہو تو ایسے شخص کا امام مقرر کرنا بالکل ناجائز ہے۔ (مقتبس از فتاویٰ رشیدیہ صـ۲۹۲ وصـ۲۹۶ وصـ۲۹۷)

## داڑھی مرد کی زینت ہے:۔

جن قدرتی چیزوں کی وجہ سے اللہ تبارک وتعالےٰ نے عورت کے بالمقابل

Marfat.com

مرد کو امتیاز بخشتا ہے ان میں سے ایک داڑھی بھی ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ مردانگی کی اس قدرتی سند کو بڑے فخر کے ساتھ محفوظ رکھا جاتا مگر ہوتا یہ ہے کہ مردوں کی اکثریت داڑھی منڈوا کر عورتوں میں ملنا چاہتے ہیں داڑھی مونچھ منڈوا کر آج کے مرد اس قدر عورتوں کے مشابہ ہوئے جاتے ہیں کہ اب ان کے سروں پر عورتوں کی طرح خاصے لمبے لمبے بال نظر آنے لگے ہیں . . . . .

. . . . . . . دونوں کے سروں پر برابر کٹے ہوئے بال

اور آج کل تو مردوں نے لباس بھی عورتوں کی طرح چھینٹ دار پہننا شروع کر دیا ہے تاکہ یہ ظاہری فرق بھی باقی نہ رہ جائے۔ ایک پتلون اور شلوار کا فرق پھر بھی باقی تھا سو عورتوں نے جرأت کر کے شلوار کی بجائے مردوں سے پتلون بھی چھین لی سہ

بیچارہ مرد اب کس کام کا ہے جسے عورت نے ہر پہلو پچھاڑا

بعض مرد بڑی بڑی مونچھیں رکھ کر اپنی مردمی کا اظہار کرنا چاہتے ہیں حالانکہ وہ مرد تو کیا بنیں گے اچھے خاصے جانور بن جاتے ہیں پھر بطورِ فخر کہتے ہیں کہ شیروں کی مونچھیں بڑی ہی ہوتی ہیں مانا کہ تم شیر بن گئے مگر انسان اور مرد بننا تو تمہیں نصیب نہ ہوا۔ ع

## خدا تجھ کو نگاہِ دور بیں دے

مرد و عورت دونوں از روئے شریعت اپنی اپنی حدود کے پابند ہیں۔ نہ تو عورت کو یہ زیبا ہے کہ اپنی ادائے نسوانیت اتار کر مردوں کی ہم شکل بننے کی کوشش کرے اور نہ ہی مرد کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ فیشن میں مبتلا ہو کر داڑھی مونچھ منڈا کر عورتوں کی شکل و شباہت اختیار کرے ایسے مرد اور ایسی عورتیں دونوں خدا کی نگاہ میں ملعون ہیں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

○ لَعَنَ اللّٰہُ الْمُتَشَبِّهِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ۔ (بخاری بحوالہ مشکوٰۃ ص ۳۸)

یعنی اللہ تعالےٰ نے لعنت بھیجی ہے عورتوں سے مشابہت کرنے والے مردوں پر اور مردوں سے مشابہت کرنے والی عورتوں پر۔

## داڑھی اسلام کا زیور ہے:۔

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عام طور پر مجوس اور مشرکین داڑھیاں کتراتے اور مونچھیں بڑھاتے تھے۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا جسے امام مسلم نے روایت کیا ہے کہ

Marfat.com

○ خالفوا المشرکین احفوا الشوارب واعفوا اللحیٰ مونچھیں کٹا کر اور داڑھیاں بڑھا کر مشرکین کی مخالفت کرو اسی طرح

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جزوا الشوارب وارخوا اللحیٰ خالفوا المجوس۔

مونچھیں کتراؤ اور داڑھیاں بڑھاؤ اس طرح مجوسیوں کی مخالفت کرو اس سے معلوم ہوا کہ داڑھی منڈانا یا کترانا اور مونچھیں بڑھانا مجوس اور مشرکین کا شیوہ ہے اور داڑھی بڑھانا اور مونچھیں کترانا اہل اسلام کا شعار ہے کیونکہ اس سے ظاہری طور پر کفر کے بالمقابل اسلام کا امتیاز قائم ہوتا ہے پھر جو اس امتیاز کو قائم رکھتا ہے وہ اسلام کو قائم رکھنے کی سعیِ مشکور کرتا ہے اور جو اس امتیاز کو ختم کرنے کی کوشش میں ہے، وہ اسلام کو ڈھانے اور کفر کو قائم کرنے کے فعل نامحمود کا مرتکب ہوتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاجْعَلْنَا مِنْھُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ

آج ہمیں دیکھنا چاہیے کہ کس طرح ہم لوگ اپنی اسلامی شکلوں کا ستیاناس کر کے کفر کی رونق بڑھاتے ہیں اور سنت رسول اور شعارِ اسلام کے زندہ کرنے والوں کی کتنی ڈھٹائی سے حوصلہ شکنی کرتے ہیں۔

Marfat.com

ببین کہ از کہ گسستی و باکہ پیوستی ؎

ہماری بدقسمتی سے یہ دن بھی آنے تھے کہ اسلامی شعائر خود اپنے گھر میں اتنے بیگانے ہو گئے ہیں کہ ہم معاذاللہ داڑھی کو ایک پرائی چیز سمجھنے لگ گئے ہیں ہماری نوجوان نسل نے تو باپ دادوں کی داڑھیاں کسی قدر دیکھ رکھی ہیں اس لئے وہ داڑھی سے اس قدر نہیں بدکتے مگر آگے جو ان کی نئی پود پیدا ہو رہی ہے ان کے لئے تو داڑھی والا معاذاللہ چڑیا گھر کا کوئی جانور ہے یا خدانخواستہ وہ کوئی یہودی ہے جو سیاحت کے لئے ان کے ملک میں آگیا ہے بچے اتنے متعجب ہوتے ہیں کہ حیران ہو ہو کر ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کہ یہ کیا ہے. افسوس

تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی

## ریش بچہ یا چھوٹی داڑھی کا حکم :-

لب زیریں سے نیچے اور ٹھوڑی سے اوپر بالوں کا ایک چھوٹا سا گچھا ہوتا ہے اسے ریش بچہ یا چھوٹی داڑھی کہتے ہیں۔ چونکہ یہ بھی نچلے جبڑے کے اوپر ہے اس لئے یہ بھی اس لحیہ میں داخل ہے جس کے بڑھانے کا ہمیں حکم

Marfat.com

دیا ہے اس لئے اس کا کٹنا بھی بدعت اور ناجائز ہے البتہ باچھوں کے بالکل اوپر جو بال ہوں ان کا کترا دینا جائز ہے۔ (مقتبس از حلیۃ اللحیہ صد ۹۲)

## خضاب کی بحث :۔

خضاب کا لفظی معنیٰ تو رنگین کرنا ہے مگر اس سے مراد داڑھی یا سر کے سفید بالوں کو رنگنا ہے تاکہ بالوں سے بڑھاپے کا اظہار نہ ہو۔ یہ اگر سرخ یا سیاہی مائل سرخ ہو تو یہ جائز ہی نہیں بلکہ کسی حد تک مسنون بھی ہے جیسا کہ بخاری شریف صد ۸۷۵ ج ۲ میں ہے کہ

حضرت عثمانؓ کہتے ہیں کہ میں حضرت ام سلمہؓ کے پاس گیا تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں میں سے کچھ بال نکال کر مجھے دکھائے جن کو خضاب کیا ہوا تھا یہ خضاب کس رنگ کا تھا اسی روایت کے دوسرے طریق میں تصریح ہے کہ حضرت ام سلمہؓ نے سرخ بال دکھائے اسی طرح

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو زرد خضاب کئے ہوئے دیکھا (ابن ماجہ صد ۲۶۷) امام ترمذی نے حضرت ابورمثہؓ سے روایت کیا ہے کہ میں اپنے ایک لڑکے کے ساتھ حضور علیہ وسلم کی خدمت میں

Marfat.com

حاضر ہوا آپ نے استفسار فرمایا کہ یہ تیرا لڑکا ہے میں نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ اور آپ اس کے گواہ رہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ تو تُو اس کا تاوان بھرے گا اور نہ یہ تیرا تاوان بھرے گا (یعنی ہر کوئی اپنے کیے کا ذمّہ دار ہے) ابو رمثہؓ کہتے ہیں کہ اس وقت میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سفید بالوں کو سرخ رنگا ہوا دیکھا امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اس موضوع پر یہ سب سے صحیح حدیث ہے (شمائل ترمذی ص۳۲) ان تینوں احادیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سفید بالوں کا سرخی یا زردی سے رنگین ہونا مذکور ہے مگر بالصراحت معلوم نہیں ہوتا کہ سرخی یا زردی کس چیز کی تھی اس لئے اکثر علماء نے کہا ہے کہ یہ زردی یا معمولی سرخی کثرت سے عطر لگانے کی وجہ سے پیدا ہو گئی تھی ورنہ جہاں تک خضاب کرنے کا تعلق ہے آپ کو اس کی ضرورت ہی نہیں پڑی کیونکہ آپ کی ریش مبارک میں آخر تک زیادہ سے زیادہ کل سترہ بال سفید ہوئے تھے جن کو خضاب کرنے کی کوئی خاص ضرورت نہ تھی چونکہ یہ احادیث خضاب کرنے کے بارے میں صریح نہیں اور جن میں کچھ صراحت ہے وہ سند کے لحاظ سے کمزور ہیں اس لئے اکثر علماء کا یہی خیال ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے خضاب کرنا ثابت نہیں یہی حضراتِ احناف اور خود امام بخاریؒ کا مذہب ہے چنانچہ امام بخاریؒ نے بھی سب سے پہلے حضرت انسؓ

سے جو روایت کی ہے اس سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خضاب کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑی اور حنفیہ میں سے صاحب درّمختار نے بھی یہی لکھا ہے کہ آپ کا خضاب نہ کرنا زیادہ صحیح ہے تاہم قولی احادیث کے پیشِ نظر حنفیہ نے سرخ خضاب کرنے کو مستحب اور سیاہ خضاب کو مکروہ لکھا ہے حضراتِ شوافع کے نزدیک سرخ خضاب سنت اور سیاہ بالکل حرام ہے۔ (خصائل بر شمائل ص۳۲) کیونکہ احادیث میں سیاہ خضاب کی بالصراحت ممانعت موجود ہے جیسے امام مسلمؒ نے

حضرت جابرؓ سے روایت کی ہے کہ فتح مکہ کے دن ابوقحافہ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لایا گیا جبکہ اس کا سر درختِ ثغامہ کی طرح سفید تھا آپؐ نے فرمایا کہ اس کے سر کو کسی رنگ سے رنگین کر دو لیکن سیاہی سے اجتناب کرنا۔ (مسلم بحوالہ مشکوٰۃ ص۳۸۰) ابوداؤد اور نسائی نے

حضرت ابنِ عباسؓ سے روایت کی ہے کہ آخری زمانہ میں ایسے لوگ ہوں گے جو ایسا سیاہ خضاب کریں گے جیسے کبوتروں کے پوٹے ہوتے ہیں وہ جنت کی خوشبو بھی نہ پاسکیں گے۔ (مشکوٰۃ ص۳۸۲) ان احادیث کی روشنی میں سیاہ خضاب کی ممانعت قطعی طور پر ثابت ہوتی ہے اسے حرام کہہ لیجئے یا مکروہ تحریمی دونوں

Marfat.com

کی گنجائش ہے البتہ جماعتِ مجاہدین اگر کافروں پر رعب ڈالنے کے لئے بالکل سیاہ خضاب کرلیں تو سب کے نزدیک بالاتفاق جائز ہے رہی سرخ و زرد خضاب کرنے کی قولی احادیث تو وہ یہ ہیں۔

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے بہترین چیز جس تم اپنے سفید بالوں کو رنگ سکتے ہو حنا اور کتم ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے ایک آدمی گزرا جس نے مہندی کا سرخ خضاب کر رکھا تھا آپؐ نے فرمایا کتنا بہترین ہے پھر ایک دوسرا آدمی گزرا جس نے مہندی اور کتم سیاہی مائل خضاب کر رکھا تھا آپؐ نے فرمایا یہ اس سے بہترین ہے پھر ایک اور آدمی گزرا جس نے زرد خضاب کیا ہوا تھا آپؐ نے فرمایا یہ ان تمام سے بہترین ہے۔ (ابن ماجہ ص۲۶۷) ان تمام احادیث کے پیشِ نظر محتاط ترین مسلک یہی ہو سکتا ہے کہ خضاب نہ کرنا بالکل جائز بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی فعلی سنت ہے اور سرخ و زرد خضاب کرلینا مستحب اور قولی طور پر مسنون ہے اور سیاہ خضاب کرنا بالکل حرام یا کم از کم مکروہ تحریمی ہے اس کے برخلاف اگر بعض صحابہ سے سیاہ خضاب کرنا ثابت ہو تو ممانعت کی قولی احادیث کی وجہ سے اس سے سیاہی مائل مراد لیا جائے گا یا ضرورتِ جہاد پر محمول کیا جائے گا واللہ

Marfat.com

اعلم بالصواب۔

## مونچھوں کا حکم :-

مونچھیں بڑھانے اور رکھنے کا وہی حکم ہے جو داڑھی منڈانے اور کترانے کا ہے یعنی جس طرح داڑھی منڈانا یا کترانا مکروہ تحریمی ہے اور ایسا کرنے والا شخص فاسق و فاجر ہے اسی طرح مونچھیں رکھنا اور بڑھانا بھی حرام ہے اور ایسا کرنے والا شخص فاسق و فاجر ہے داڑھی بڑھانے کا حکم اور مونچھیں کترانے کا حکم مشترکہ احادیث میں وارد ہے جو پہلے بھی گزر چکی ہیں نیز مشکوۃ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَنْ لَمْ یَاْخُذْ مِنْ شَارِبِہٖ فَلَیْسَ مِنَّا (احمد و نسائی بحوالہ مشکوۃ ص ۳۸۱) (یعنی جو اپنی مونچھیں نہیں کٹواتا وہ ہم میں سے نہیں) یعنی اس کا تعلق اسلام سے محض جذباتی ہے۔

## مونچھوں کی تعریف :-

مونچھ کو عربی میں شارب کہتے ہیں اور شارب کا معنیٰ ہے پینے والا جب کوئی مونچھوں والا شخص پانی پینے لگتا ہے تو بالائی لب کے اوپر جو جھکے ہوئے بال ہیں وہ

Marfat.com

بھی گلاس میں داخل ہو کر پانی پینا شروع کر دیتے ہیں اس لئے ان کو شارب کہا گیا اب ایسے بالوں کا مشروبات میں ڈوبنا یا کم از کم ان کو چھونا جن میں سے گزر کر ناک کی سنک گرتی ہو کتنی مکروہ اور ناپسندیدہ بات ہے اس لئے شریعت نے حکم دے دیا کہ ان بالوں کو کترا دو تاکہ تمہارے مشروبات اس گندگی کی مَس سے محفوظ تمہارے پیٹ میں اتریں اگر شریعت نے مونچھیں کٹوانے کا حکم نہ بھی دیا ہوتا تو بھی صفائی پسند طبیعتیں ان بالوں کو کبھی گوارا نہیں کر سکتی تھیں جنہیں مونچھیں کہا جاتا ہے البتہ ان کو استرے سے بالکل مونڈ دینے کی بجائے باریک مشین یا قینچی سے کتر دینا زیادہ بہتر ہے تاکہ ان کا کسی قدر نشان باقی رہ جائے کیونکہ یہ نشانات بھی مرد کی شباہت میں داخل ہیں ۔

## شہیروں کا حکم :۔

مونچھوں کے دونوں سروں پر باچھوں اور داڑھی کے درمیان جو بال ہوتے ہیں انہیں شہیرے یا دنبالہ کہتے ہیں ان کا رکھنا جائز ہے اور حضرت عمرؓ سے عملی طور پر ثابت ہے بلکہ انہیں تو مسنون کہنا چاہیئے کیونکہ مونچھوں سے خارج اور نچلے جبڑے کے اوپر ہونے کی وجہ سے یہ تو داڑھی میں داخل ہیں

Marfat.com

اس لئے ان کا رکھنا بھی داڑھی کی طرح مسنون ہونا چاہیئے اگرچہ ان کی ہیئت مونچھوں جیسی ہے مگر داڑھی کے فعل میں داخل ہونے کی وجہ سے ان کے مسنون ہونے میں کوئی شبہ نہیں وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

## پانچ خصالِ فطرت :-

اسلام صفائی اور پاکیزگی کا مذہب ہے قرآن پاک میں ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَہِّرِیْنَ کہ اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور حد سے زیادہ صفائی پسند لوگوں کے ساتھ محبت کرتا ہے صفائی اور پاکیزگی ہی کے پیشِ نظر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پانچ چیزوں کو انسان کی فطرت کا تقاضا بتلایا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ چیزیں فطرتِ انسانی کا جز ہیں ختنہ کرنا۔ زیرِ ناف استرہ استعمال کرنا۔ بغلوں کے بال لینا ناخن کاٹنا اور مونچھیں کترانا۔ (موطا مالک ص۷۱۲)

اب ان میں ہر چیز پر غور کر کے دیکھ لیں اگر فرمانِ رسالت کے مطابق ان پر عمل نہ کیا جائے تو جسمِ انسانی کی گندگی کا جو عالم ہوگا اس کے تصور ہی سے صفائی پسند

Marfat.com

انسان کو گھن آتی ہے۔ ختنہ نہ کیا جائے تو آلۂ تناسل کے اوپر لپٹے ہوئے غلاف میں سے پیشاب اور منی کے قطرات پورے طور پر کبھی خارج نہیں ہو سکتے اور نہ کبھی اس خول کے اندر کی صفائی ہو سکتی ہے ایسے میں کتنی مکروہ آلودگی انسان اپنے ساتھ لئے پھرے گا اس کے بیان سے بھی کراہت آتی ہے اور یہ بے صفائی آگے جا کر خارش اور دوسری بیماریوں کا سبب بھی بن سکتی ہے۔ اسی طرح مرد یا عورت اگر زیر ناف بال درست نہ کرے اپنی بغلوں کے بال نہ لے تو وہ جگہیں تو غلاظت کا ایک جنگل بن جائیں گی۔ جن میں بدبو اور حشرات کا پیدا ہو جانا بھی عین ممکن ہے ایسی حالت میں میاں بیوی کو باہم ملاپ کرتے ہوئے بھی شرم آئے گی اور اگر اسی طرح وہ یہ وظیفہ بھی سرانجام دے گزریں تو آگے جیسی غلیظ الطبع اولاد پیدا ہو گی اس کا اندازہ کرنے کے لئے سکھوں اور چماروں کو دیکھ لینا کافی ہے اگر ناخن نہ کاٹے جائیں تو ان کے اندر جمع ہونے والی میل کچیل غذا میں داخل ہو کر انسانی صحت کا ستیاناس کر سکتی ہے ناخن اور پوروں کے درمیان جراثیم کی افزائش کا ایک فارم کھل جائے گا جس سے بیماریاں پھیل کر دوسرے انسانوں کو بھی متاثر کر سکتی ہیں اور مونچھیں نہ کاٹنے کی وحشت اور درندہ پن کا بیان تو پہلے ہی ہو چکا ہے۔

Marfat.com

حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بغلوں کے بال لینے مونچھیں کترانے ناخن کٹوانے اور زیرِ ناف بال صاف کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ چالیس دن مقرر فرمائے ہیں۔ (مسلم بحوالہ مشکوۃ صنمبر ۳۸۰) تو گویا اس سے زیادہ دیر کرنا حرام ہے لیکن ہر ہفتے یہ صفائی حاصل کرنا امر مستحب ہے جیسا کہ عالمگیری ج ۴ ص ۲۲۸ پر مرقوم ہے ۔

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

باب دوم

# اُسوۂ رسولؐ

# خوراک و پوشاک میں

Marfat.com

## پوشاک میں اسوۂ حسنہ :-

لباس انسان کی ایک اہم ضرورت ہے اس سے وہ اپنے ستر کو چھپاتا اور گرمی سردی سے بچاؤ کرتا ہے یہ انسان کی شخصیت کے اظہار اور زیب و زینت کے مظاہرہ کرنے کا بھی ایک ذریعہ ہے جہاں تک اس کی ضرورت کا تعلق ہے اس کی اہمیت سے انکار نہیں بلکہ خود قرآن پاک میں اس کی افادیت اور اہمیت کی طرف اشارہ ہے یَا بَنِیٓ آدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِکُمْ وَرِیْشًا ۔ اے اولادِ آدم ہم نے تمہارے لباس کا انتظام کیا جو تمہاری شرمگاہوں کو چھپاتا اور تمہارے زیب و زینت کا سامان ہے) لیکن جب یہ ضرورت سے گزر کر ایک مستقل مقصد کا درجہ حاصل کر لیتا ہے ستر پوشی اور اظہارِ نعمت کی بجائے نمائش بلکہ باہمی تفاخر کا ذریعہ بن جاتا ہے تو اس کے مذموم ہونے میں بھی کوئی شبہ نہیں رہتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اہمیت دیئے بغیر بطور ضرورت کے استعمال فرمایا اللہ جس وقت جیسا کیسا ملا امتنان و تشکر کے جذبات کے ساتھ پہن لیا بہترین اور قیمتی لباس کی خود کبھی خواہش نہیں فرمائی اور اگر اتفاقاً کہیں سے بطور ہدیہ پہنچ گیا تو ہدیہ دینے والے کی دلداری کے لئے زیب تن فرمالیا پھر کسی ضرورت مند کو خود

Marfat.com

بلا کر یا اپنے آپ اچلنے پر اتار کے اس کے حوالہ کر دیا البتہ کبھی کبھار جمعہ یا عیدین کے لئے آپؐ نے ایک اچھا جوڑا بھی محفوظ رکھا ہے عام حالات میں تو سرکارِ دوجہاں کا لباس بے حد معمولی قسم کا ہوتا تھا جو کرتہ عمامہ اور تہہ بند یا صرف دو چادروں پر مشتمل ہوا کرتا تھا لیکن کبھی کبھی اظہارِ نعمت کے لئے یا کسی دوسری مصلحت کی وجہ سے آپ نے اچھے سے اچھا لباس بھی پہنا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ ستائیس اونٹوں کے بدلے ایک جوڑا خرید کر زیب تن فرمایا لیکن یہ آپؐ کا عام معمول نہ تھا اکثر اوقات آقائے دوجہاں کا لباس معمولی قسم کا ہوتا تھا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ حروریہ کے پاس سفیر بنا کر بھیجے گئے تو آپ نے نہایت قیمتی لباس پہنا ہوا تھا اس پر اُس نے بطورِ تعجب پوچھا یہ کیسا لباس ہے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بہتر سے بہتر لباس میں دیکھا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نہایت صوفی منش آدمی تھے ایک دفعہ بازار سے ایک شامی حُلّہ خرید کر لائے گھر آکر دیکھا تو اس میں سرخ دھاریاں تھیں جسے آپ نے بے ضرورت نفاست سمجھتے ہوئے واپس کر دیا کسی نے یہ واقعہ حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ کے سامنے ذکر کیا انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جُبّہ مبارک منگوا کر دکھایا جس کی جیبوں آستینوں اور دامن پر دیبا کی سنجاف لگی

Marfat.com

ہوتی تھی۔ غالباً یہ سنجاف مقدارِ مشروع یا چار انگل سے کم ہوگی کیونکہ اس سے زیادہ ریشم مردوں کے لئے حرام ہے۔

## حکم کے لحاظ سے لباس کی قسمیں:۔

لباس کے بارے میں علماء نے فرمایا ہے کہ آدمی کا کوئی لباس واجب ہوتا ہے کوئی مستحب کوئی حرام کوئی مکروہ اور کوئی مباح (خصائل) آدمی کو لباس کے متعلق بڑے اہتمام کے ساتھ مستحبات سے رغبت اور مکروہات سے اجتناب چاہیئے۔

واجب لباس کی وہ مقدار ہے جس سے ستر چھپ جائے یعنی عورت کا ہاتھوں اور پاؤں کے سوا سارا جسم اور مرد کے لئے ناف سے لے کر گھٹنوں تک۔ (خصائل)

مستحب وہ لباس ہے جس کے پہننے کی شریعت میں ترغیب آئی ہو جیسے عید بقرعید کے لئے حسبِ گنجائش عمدہ سے عمدہ لباس جو کسی کو میسر ہو اور سفید دھلا ہوا لباس جمعہ کے لئے۔ (خصائل)

مکروہ وہ ہے جس کے نہ پہننے کی ترغیب آئی ہو۔ جیسے صاحبِ استطاعت

Marfat.com

مالدار کا ہمیشہ پھٹے پرانے کپڑے پہننا۔ (خصائل)

حرام۔ وہ ہے جس کے پہننے کی صریح ممانعت آئی ہو جیسے ریشمی لباس مردوں کے لئے یا جنسِ مخالف کا لباس ہر دو کے لئے یا لباسِ شہرت و ریا۔ یا کافروں اور فاسقوں سے مشابہت رکھنے والا لباس بچوں بوڑھوں مردوں اور عورتوں سبھی کے لئے۔ (خصائل بر شمائل ترمذی ص۳۶)

## نظافت پسندی:۔

ملنگوں اور غالی صوفیوں کی طرح آپؐ بے ضرورت لیریں لٹکائے پھرنے کو بھی ناپسند فرماتے تھے۔ ایک دفعہ ایک شخص خراب اور گھٹیا کپڑے پہنے ہوئے آپ کی خدمت میں آیا آپ نے پوچھا تجھے کچھ قدرت بھی ہے یعنی مالی گنجائش ہے اس نے کہا ہاں آپ نے فرمایا کہ خدا نے نعمت دی ہے تو صورت سے بھی اس کا اظہار ہونا چاہیئے ایک شخص میلے کچیلے کپڑے پہنے آپ کے سامنے آیا فرمایا کہ اس سے اتنا نہیں ہوتا کہ کپڑوں کو دھولیا کرے اسی طرح ایک شخص کے بال بکھرے ہوئے دیکھے فرمایا کہ اس سے اتنا نہیں ہوتا کہ بالوں کو درست کرے بایں ہمہ شہرت اور ریا کے لباس کو آپ نے پسند نہیں فرمایا۔

Marfat.com

## لباسِ شہرت :-

بذل المجہود میں

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مرفوع حدیث منقول ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے شہرت کا لباس پہنا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے ویسا ہی لباس پہنائیں گے پھر اس میں آگ بھڑک اٹھے گی گویا فخر و شہرت اور ریاکاری کے لئے لباس پہننے والا آگ کا لباس پہنے پھرتا ہے آخرت میں یہ آگ ظاہر ہو جائے گی۔

## کپڑے کو پیوند لگانا مسنون ہے :-

حضرت عائشہ الصدیقہؓ بیان فرماتی ہیں کہ مجھے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ اگر تو میرے ساتھ ملنا چاہتی ہے (یعنی آخرت میں) تو تجھے اتنی دنیا کافی ہے جتنا سوار کا توشہ ہوتا ہے اور خبردار مالداروں کی ہمنشینی سے بچنا اور کسی کپڑے کو اس وقت تک پرانا نہ سمجھنا جب تک کہ پیوند لگا کر نہ پہن لے۔

حضرت ابوامامہؓ فرماتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم

Marfat.com

سنتے نہیں کیا تم سنتے نہیں کہ شکستہ حالی ایمان کا جزو ہے شکستہ حالی ایمان کا جزو ہے مطلب یہ ہے کہ کمترین درجے کا لباس پہننا جبکہ تواضع اور انکساری کی نیت سے ہو تو یہ ایمان کا ایک تقاضا ہے متواضع اور منکسر المزاج شخص اہلِ ایمان میں سے ہے لیکن اگر گھٹیا لباس ریاکاری اور اپنی فقیری کے مظاہرے کے لئے پہنے تو اس کے حرام ہونے میں کوئی شبہ نہیں ۔

## صوفیانہ لباس :۔

اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ الصدیقہ رضؓ فرماتی ہیں کہ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خانۂ مبارک سے باہر نکلے حالانکہ آپؐ نے سیاہ اون کی ایک ایسی چادر باندھ رکھی تھی جس کے اُوپر کجاوے کے نقش بنے ہوئے تھے۔ امام بخاری رح حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک سفر میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی حالت میں وضو کرایا کہ آپؐ نے اون کا ایک جُبّہ پہن رکھا تھا جس کے بازو اتنے تنگ تھے کہ وہ کلائیوں پر چڑھ نہ سکتے تھے ایک دوسری روایت سے معلوم ہوا کہ آپ نے ہاتھوں کو آستینوں سے نکال کر وضو فرمایا غالباً اس حدیث یا ایسی دوسری احادیث کے پیشِ نظر حضرات صوفیاءِ کرام رحمہم اللہ نے صوف

یعنی اون کا لباس پہننا شروع کر دیا جس کی بنا پر انہیں صوفی کہا جانے لگا۔

## آپ کا آخری لباس :۔

بلال ابن ابی بردہ رضؓ کہتے ہیں کہ ہم حضرت عائشہ رضؓ کے پاس گئے انہوں نے ہمیں ایسی موٹی تہبند دکھائی جو یمن میں بنا کرتی تھی اور ایسی چادر دکھائی جسے لوگ ملبدہ کہا کرتے تھے اور ام المومنین نے قسم کھا کر فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہی چادروں میں وصال فرمایا۔

## سادگی کی انتہا :۔

عام طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صاف ستھرے مگر سادے لباس میں رہتے تھے جیسا کہ ابھی آپ نے پڑھا کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قمیض کی بجائے چادر ہی اوڑھ رکھی تھی اور اسی حالت میں آپؐ نے وصال فرمایا۔ ابو داؤد میں حضرت ابو موسیٰ اشعری رضؓ سے روایت ہے وہ اپنے بیٹے سے فرماتے ہیں کہ اے میرے پیارے بیٹے اگر تو ہمیں حضور علیہ السلام کے ساتھ دیکھتا جبکہ ہمیں بارش نے آلیا تھا تو تجھے محسوس ہوتا کہ ہم میں سے بھیڑوں کی بُو آ رہی ہے کیونکہ ہم سب نے

اون کا لباس پہن رکھا تھا جب وہ لباس بارش سے بھیگا تو اُس میں سے اُون کی بُو پھیل گئی بھیڑ بکریاں رکھنے کا عرب میں عام رواج تھا ان کی اون ہی سے لباس تیار کئے جاتے تھے۔ روئی نام کی کوئی چیز تو عرب میں اب تک پیدا نہیں ہوتی اس وقت روئی نے کہاں سے میسّر آنا تھا اس لئے مقامی طور پر جتنا بھی کپڑا بنتا تھا وہ زیادہ تر اون ہی کا ہوتا تھا۔ البتہ جو باہر سے درآمد ہوتا وہ روئی بلکہ ریشم کا بھی ہوتا مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کے لئے ریشمی کپڑے کو پسند نہیں فرمایا اس لئے آپ کے خود پہننے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ اس قسم کا نرم و نازک لباس ایک مجاہد قوم کو زیب نہیں دیتا۔ جو قوم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سربراہی میں دنیا بھر کی تقدیریں پلٹنے کے لئے تیار کی جا رہی تھی۔ کفر اور شیطنت کے تخت الٹنے کے لئے جس قوم کا انتخاب ہو چکا تھا ضروری تھا کہ اسے عیش و تنعّم سے دور دور ہی رکھا جاتا۔

## ریشمی لباس سے اجتناب :۔

ابو داؤد میں

حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے مسجد کے دروازے پر ایک

Marfat.com

لکیر دار ریشمی حُلّہ بکتا ہوا دیکھا تو انھوں نے حضور علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ یہ حُلّہ خرید لیں تو جمعہ کے دن یا وفدوں سے ملاقات کے وقت زیب تن فرمالیا کریں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس قسم کے کپڑے تو وہ لوگ پہنتے ہیں جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں پھر وہی حُلّے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے تو آپ نے اُن میں سے ایک حضرت عمرؓ کو دے دیا حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم آپ مجھے حُلّہ پہناتے ہیں حالانکہ آپ پہلے فرما چکے ہیں کہ یہ اُن لوگوں کے لئے ہے جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے آپ کو پہننے کے لئے نہیں دیا تھا اس پر حضرت عمرؓ نے وہ حُلّہ اپنے ایک ماں شریک مشرک بھائی کو دے دیا جو تا حال مکہ ہی میں رہتا تھا ۔ ابو داؤد ہی میں ہے کہ

حضرت عمرؓ نے عتبہ بن کو لکھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم پہننے سے (مردوں) کو منع فرمایا ہے سوائے اس کے کہ دو چار انگل کی گوٹ لگی ہوئی ہو یعنی زیادہ سے زیادہ ریشم جو کسی مرد کے لئے حلال ہو سکتا ہے وہ یہی ہے کہ ایک چادر میں تین یا چار انگل کی کنی ڈال دی گئی ہو یا قمیص کے گریبان دامن اور آستینوں پر سنجاف لگا دی گئی ہو جو لازماً چار انگل سے کم ہو ورنہ اس کی بھی

Marfat.com

ممانعت ہے۔

## کافرانہ لباس پہننے کی ممانعت:۔

حضرت ابوریحانہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دس چیزوں سے منع فرمایا ہے ان میں سے دو یہ ہیں وَ اَنْ یَّجْعَلَ الرَّجُلُ فِیْ اَسْفَلِ ثِیَابِہٖ حَرِیْرًا مِثْلَ الْاَعَاجِمِ اَوْ یَجْعَلُ عَلٰی مَنْکِبَیْہِ حَرِیْرًا مِثْلَ الْاَعَاجِمِ۔ یعنی کوئی شخص عجمیوں کی طرح کپڑوں کے نیچے ریشم پہنے یا اپنے کندھوں پر عجمیوں کی طرح ریشم کی پٹی لگائے اس حدیث شریف میں حرمت کی دو وجوہات ہیں ایک تو ریشمی ہونا دوسرے کفارِ عجم کی مشابہت عجمی لوگ خاص طور پر ایرانی اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے ان کے ہاں یہ عام دستور تھا۔ کہ مرد بطورِ تفاخر کندھوں پر ریشم کی پٹیاں لگاتے جیسے آجکل کندھوں پر ریشمی کڑھائی کرا لیتے ہیں یا دوسرے لباس کے نیچے جسم کو گداز رکھنے کے لئے ریشم پہن لیتے ہیں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کافروں کے اس طور طریق کو چھوڑ دو کوئی مسلمان کافروں کی کسی بات کی حرص نہ کرے۔

Marfat.com

## عورتوں کے لئے ریشمی لباس کا جواز :۔

عورتوں کی شکل وصورت اور چال ڈھال میں جو نزاکت اور حسن وخوبی اللہ تبارک وتعالیٰ نے ودیعت فرمائی ہے وہ ان کے خاوندوں کی دلجوئی اور ان کے میلانِ طبع کے لئے ایک ضروری چیز ہے تو جب عورت کی ساخت ہی اس غرض سے ہوتی ہے کہ خاوندوں کی سکونِ طبع کا سامان ہوں تو جو چیزیں اس مقصد کے لئے معاون ہوں گی عورتوں کے لئے ان کا جواز بھی ایک لازمی امر ہے سونے چاندی کے زیور اور ریشمی لباس سے جب عورتیں مزین ہو جائیں تو ان کی دلربائی کی تاثیر میں بھی گوناگوں اضافہ ہو جاتا ہے اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے لئے ان چیزوں کو حلال کر دیا۔

حضرت علی المرتضیٰ رضؓ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ریشم لے کر اپنے داہنے ہاتھ پر رکھا اور سونے کی ڈلی لے کر اسے بائیں ہاتھ پر رکھا اور فرمایا کہ یہ دونوں چیزیں میری امت کے مردوں پر حرام ہیں۔

Marfat.com

## رسالت مآب کا پسندیدہ لباس :-

حضرت انسؓ سے پوچھا گیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب ترین لباس کون سا تھا۔ تو آپ نے فرمایا (حِبَرَۃ) یعنی بُردِ یمانی یمن کی بنی ہوئی مزین چادر جو عموماً روئی کی ہوتی تھی اور اس پر کچھ نقش و نگار بنے ہوئے ہوتے تھے نقش و نگار کے نام سے کسی کا ذہن تصویروں کی طرف نہ چلا جائے کیونکہ تصویروں کو تو آپ نے صریح حرام قرار دیا ہے تصویروں والے گھر میں تو آپ داخل نہیں ہوتے تھے اور فرماتے کہ جس گھر میں تصویر ہو اس میں رحمت کا فرشتہ داخل نہیں ہوتا۔ اور فرمایا کہ قیامت کے دن سب سے سخت عذاب مصوروں کو ہوگا جو جاندار چیزوں کی تصویریں بناتے ہیں ان ارشادات کی موجودگی میں یہ کیسے ممکن ہے کہ آپؐ خود تصویر والی چادر استعمال کرتے ہوں بس یونہی بے جان چیزوں کی کوئی سینری یا رنگوں کے امتزاج سے کوئی تجریدی قسم کا منظر بنا دیا جاتا ہوگا جیسا کہ آپ پہلے پڑھ چکے ہیں کہ چادر پر کجاوے کے نقش بنے ہوئے تھے۔

تحبیر کے صحیح معنی تزئین کے ہیں یعنی کسی طرح اس چادر کو مزین کیا اور سجایا جاتا تھا۔ واللہ اعلم۔

Marfat.com

ایسے معلوم ہوتا ہے کہ چادر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ملے ہوئے لباس ہی کی طرح پسندیدہ تھی کیونکہ اس ستر عورت کے ساتھ ساتھ سادگی اور عاجزی بھی کمال درجے کی ہے ویسے آپ عموماً سلا ہوا قمیص پہنا کرتے تھے اور کیوں نہ پہنتے جبکہ آپ ایک ایسی امت کے بانی تھے جس کی اگلی نسلوں میں سائنسی ترقی اپنے معراج کو پہنچنے والی تھی اگر آپ نے قمیص استعمال نہ فرمایا ہوتا تو آپ کی امت مشینری کے اس دور میں سخت مشکلات میں مبتلا ہو جاتی کیونکہ بے سلا کپڑا مشینری کے ماحول میں اکثر حادثات کا سبب بن جاتا ہے ذرا کوئی پلو ادھر ادھر ہوا اور مشین کے پہیے یا پٹے میں اٹکا اور ایک جاں گداز حادثہ پیش آگیا۔

آپ چونکہ ایک منظم اور ترقی پسند معاشرے کی بنیاد رکھ رہے تھے اس لئے آپ نے اپنا لباس بھی محض سادھوؤں اور جوگیوں جیسا نہیں رکھا جو جنگلوں اور پہاڑوں میں تو کام دے سکتا ہے مگر شہر کے فیکٹری ایریا میں نہیں لیکن آپ نے جو سلا ہوا کپڑا پہنا ہے اس کی وضع قطع نہایت شریفانہ تھی آج کی پتلونوں اور بوشرٹوں کی طرح ایسا چست نہیں تھا . . . . . . . . . . . . .

. . . . . . . بلکہ ایسا کہ اس سے ستر عورت بھی ہوتا تھا شرافت اور متانت بھی برقرار رہتی تھی اور جسم کے لئے بھی آرام دہ تھا۔

Marfat.com

## آپ کا قمیص مبارک :-

قمیص کی جو صورت آج کل مروج ہے یعنی کالروں اور کفوں والی کا تو اس زمانہ میں تصور بھی نہ تھا کھلی آستینوں کا ڈھیلا ڈھالا کرتہ ہوتا تھا جسے پہننا بھی آسان اور جسے اتارنا بھی سہل تھا اس کرتے کو عربی میں قمیص کہتے تھے ہمارے زمانہ میں علماء صوفیاء اور دیندار طبقہ میں جو کرتہ متعارف ہے اس کے متعلق یقین سے نہیں کہا جاسکتا کہ یہ بالکل قمیصِ نبوی کے ہم شکل ہے کیونکہ کرتہ مبارک کے مختلف اجزا کی مکمل تفصیلات ندارد ہیں البتہ یہ ضرور ہے کہ قمیصِ رسالت سے یہ کسی حد تک مشابہ ہوگا کیونکہ قرن ہا قرن سے اسے علماء و صلحا نے جو اپنا معمول بنا رکھا ہے تو یقیناً اس کی کچھ نہ کچھ ہیئت سنتِ متوارثہ کے طور پر منقول ہے اور اگر نہ بھی ہو تو بھی یہ کیا کم ہے کہ یہ ایک ایسا لباس ہے جو خدا کے ولیوں اور نیک بندوں کے ہاں مقبولیت کا شرف رکھتا ہے اور ہم لوگ اس کے بھی پابند ہیں کہ اپنی وضع قطع اور شکل و شباہت مقربینِ خدا والی بنائیں کیونکہ بحکمِ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ یہ بھی مقبولانِ بارگاہ میں شامل ہونے کی ایک صورت ہے ۔ بقول کسے

أُحِبُّ الصَّالِحِينَ وَلَسْتُ مِنْهُمْ — لَعَلَّ اللّٰهَ يَرْزُقُنِي صَلَاحًا

میں اگرچہ صالح نہ سہی لیکن صالحین سے محبت تو رکھتا ہوں اسی نسبت سے امید ہے کہ اللہ تعالٰی مجھے بھی نیکی عطا فرمائیں گے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص کے متعلق جو تفصیلات مشہور روایات میں ہیں وہ درج ذیل ہیں۔ خصائل بر شمائل ترمذی میں

حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پہننے کے سب کپڑوں میں سے کرتہ زیادہ پسند تھا۔

ملا علی قاریؒ نے دمیاطی سے نقل کیا ہے کہ حضور علیہ السلام کا کرتہ سوت سے بنا ہوا تھا جو زیادہ لمبا نہیں تھا اور نہ ہی اس کی آستینیں زیادہ لمبی تھیں جیسا کہ دوسری احادیث سے معلوم ہوتا ہے دامن کی لمبائی نصف پنڈلی تک تھی اور آستینوں کی پہنچوں تک۔ بیجوری کہتے ہیں کہ آپؐ کے پاس ایک ہی کرتہ تھا۔

حضرت عائشہؓ کے بیان کے مطابق تو آپ کا کوئی کپڑا بھی دو عدد نہ تھا اللہ اللہ دنیا سے کم بیوستی کا یہ حال کہ پہننے کو دوسرا کپڑا ایسر نہیں اور شانِ مبارک کی رفعت کا یہ عالم کہ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ۔ دونوں جہاں آپ کے صدقے میں پیدا ہوئے مگر آپ کے پیٹ پر پتھر بندھے ہوئے تو گویا آپ لباس و خوراک کو

Marfat.com

ایک ضرورت سمجھتے تھے ان کو اہمیت دے کر مقصد نہیں بناتے تھے ضرورت جب ایک کرتے سے پوری ہو سکتی ہے تو دوسرا ایسے کار اور بے مصرف ہے اس لئے آپ نے ایک کرتے یا ایک تہمد کی موجودگی میں دوسرے کا اہتمام نہیں فرمایا اور اپنے اسوۂ حسنہ سے امت کو بتلا دیا کہ دنیا سے نہ تو کلی طور پر اغراض و اغماض مناسب ہے کہ حوائج اصلیہ بھی اٹکی رہیں اور دنیا کی ترقی رک جائے اور نہ ہی سرتاپا دنیاداری میں محو ہو جانا ایک مسلمان کے شایانِ شان ہے کیونکہ اس سے مقصدِ تخلیق فوت ہوتا ہے دین اور دنیا کو برابر برابر نباہنا امتِ محمدیہ کا کمال ہے ؎

ہر ہوسناکے نہ داند جام و سنداں باختن

حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کا کرتہ مبارک ٹخنوں سے اونچا ہوتا تھا۔ اس کی روشنی میں علامہ شامیؒ نے لکھا ہے کہ نصف پنڈلی تک ہونا چاہیئے۔

حضرت اسماء رضؓ فرماتی ہیں کہ حضور علیہ السلام کی آستینیں پہنچوں تک ہوتی تھیں آپ کے کرتے کو بٹن کی جگہ گھنڈی لگی ہوتی تھی جو عموماً کھلی رہتی تھی۔

قرہ ابن ایاس رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ السلام کو دیکھا کہ آپ کے کرتے کا تکمہ یعنی گھنڈی کھلی ہوئی تھی اس حدیث کے راوی کہتے ہیں کہ میں نے معاویہؓ اور

ان کے بیٹے کو کبھی گھنڈی لگائے ہوئے نہیں دیکھا کیونکہ وہ لوگ اتباع رسول میں اپنے گریبان کو کھلا رکھنا مسنون سمجھتے تھے حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی محمد رسول اللہ کے عجیب دیوانے تھے اپنے آقا کو جس اختیاری یا غیر اختیاری حال میں دیکھ لیا بس اسی حال کو اپنا قبلۂ مقصود بنا لیا جان سے ہاتھ دھو لینا تو گوارا کر لیا مگر حضور علیہ السلام کی اس حالت کی خلاف ورزی جیتے جی قبول نہ کی ایک آج کے نام نہاد مفکر و محقق ہیں جو حضور علیہ السلام کی ایسی باتوں کو آپ کی طبعی یا رواجی چیزیں قرار دے کر ان کی مسنونیت سے انکار کر رہے ہیں ان بزرگوں کو اگر سنتِ رسول کے اتباع کی توفیق نہیں تو کم از کم اس کی سنت ہونے سے انکار کر کے اپنی عاقبت تو برباد نہ کریں۔

## آپ کے مرغوب و نامرغوب رنگ :۔

زرد رنگ آپ کا پسندیدہ رنگ تھا علامہ شبلی نے بحوالہ ابوداؤد لکھا ہے کہ زرد رنگ سے آپ کو اتنی رغبت تھی کہ کبھی کبھی آپ تمام کپڑے حتیٰ کہ عمامہ بھی اسی رنگ میں رنگوا لیتے تھے اس لئے مردوں کے واسطے زرد رنگ کے مسنون ہونے میں کوئی شبہ نہیں لیکن یہ رنگ کسم یا کسمبہ کا نہ ہونا چاہیئے کیونکہ اس کی صریح ممانعت

Marfat.com

ہے عام حالات میں آپ سفید لباس زیب تن فرماتے تھے اور سفید رنگ کی آپ نے فضیلت بھی بیان فرمائی ہے ۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ لوگ سفید کپڑے پہنا کرو اس لئے کہ وہ تمہارا بہترین لباس ہے اور اسی رنگ کے کپڑے میں اپنے مردوں کو دفن کیا کرو خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی تین سفید کپڑوں کا کفن دیا گیا کبھی کبھی آپ نے سفید چادریں بھی استعمال فرمائی ہیں ۔

حضرت ابو رمثہؓ کہتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو ہم نے دیکھا کہ آپ نے دو سبز چادریں پہن رکھی ہیں ۔

بیانِ جواز کی حد تک آپ نے سیاہ چادر بھی استعمال فرمائی ہے ۔

حضرت عائشہ الصدیقہ رضؓ بیان فرماتی ہیں کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر مبارک کو سیاہ رنگ دیا تھا اور آپ نے اسے پہن بھی لیا ۔

## آپ کے ناپسندیدہ رنگ :۔

سرخ لباس آپ کو ناپسند تھا ایک دفعہ

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سرخ کپڑے پہن کر آئے تو فرمایا یہ کیا لباس ہے انہوں نے آپ کی ناپسندیدگی محسوس کر کے جاتے ہی اسے آگ میں جلا دیا آپ نے سنا تو فرمایا کہ جلانے کی ضرورت نہ تھی کسی عورت کو دے دیئے ہوتے۔ گویا سرخ لباس عورتوں کے لئے بلا کراہت جائز ہے۔

ایک دن ایک شخص سرخ پوشاک پہن کر آیا آپ نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔

ایک دفعہ حضراتِ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے سواری کے اونٹوں پر سرخ رنگ کی چادریں ڈال دی تھیں آپ نے فرمایا کہ میں دیکھنا نہیں چاہتا کہ یہ رنگ تم پر چھا جائے فوراً صحابہؓ نہایت تیزی سے دوڑے اور چادریں اتار کر پھینک دیں۔

ایسے معلوم ہوتا ہے کہ اُس دور میں سرخ رنگ بھی زیادہ تر کسم ہی سے تیار کیا جاتا تھا اور کسم کی ممانعت پہلے گزر چکی ہے یا جس جس سرخ کپڑے کو آپ نے ناپسند فرمایا وہ غالباً معصفر ہوگا یعنی کسم سے رنگا ہوا ہوگا ورنہ بعض اوقات تو خود رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی سرخ کپڑا استعمال فرمایا ہے۔

حضرت براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ السلام کو دیکھا کہ آپ کے پٹے کانوں کی لو تک تھے اور آپ نے سرخ حُلّہ پہن رکھا تھا اس حالت

میں آپ اتنے حسین دکھائی دے رہے تھے کہ آپ سے زیادہ خوبصورت چیز میں نے کبھی نہیں دیکھی اسی طرح

حضرت عامر کہتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ السلام کو منیٰ میں خطبہ دیتے ہوئے دیکھا در آں حالیکہ آپ نے سرخ چادر اوڑھ رکھی تھی۔

یہاں بھی یہی کہنا پڑے گا کہ یہ چادر غیر معصفر ہو گی مجموعی طور پر موافق و مخالف روایات سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ فی نفسہٖ سرخ رنگ کا مردوں کے لئے جواز حق ہے لیکن خلافِ اولیٰ جیسا کہ حضرت گنگوہیؒ نے فتاویٰ میں بیان فرمایا اسی طرح زعفرانی رنگ مردوں کے لئے آپ نے ممنوع قرار دیا بخاری شریف میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے کہ کوئی مرد زعفران سے رنگا ہوا کپڑا پہنے۔

## آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قبا استعمال فرمانا :۔

مسور ابن مخرمؓ کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبائیں تقسیم فرمائیں لیکن میرے باپ مخرمؓ کو کوئی نہ ملی والد صاحب نے مجھے فرمایا بیٹے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے چلو میں لے گیا درِ رسول پر پہنچے تو فرمایا اندر جا کر

Marfat.com

آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا لاییں نے جاکر عرض کی تو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور آپ نے ان قباؤں میں سے ایک قبا پہن رکھی تھی آتے ہی آپ نے فرمایا مخرم یہ قبا میں نے تیرے لئے ہی چھپا رکھی تھی۔

یہ قبا غالباً اس زمانے کا کوٹ یا اچکن جیسا کوئی لباس تھا جو دوسرے کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا تھا اس لئے اچکن اور کوٹ کا جواز بلکہ کسی درجے میں مسنونیت بھی ثابت ہوتی ہے لیکن یہ بات بہر حال ملحوظ رہے گی کہ اپنی وضع قطع کے اعتبار سے کوٹ یا دوسرا کوئی کپڑا کافروں کے مخصوص لباس سے مشابہہ نہ ہو ورنہ اس کا پہننا مسنون تو کیا جائز بھی نہیں ہو سکتا اچکن تو تقریباً ہندوستانی مسلمانوں کی ایجاد ہے اس میں کافروں کے ساتھ تشبہ بالکل نہیں لیکن ہاف کوٹ سے تو ہمیں انگریزوں ہی نے روشناس کرایا ہے اس لئے اس میں تشبہ ضرور ہے لہٰذا اس سے احتراز لازم ہے مگر اوورکوٹ تو تقریباً تمام اقوام میں مشترک ہے لیکن جس کے پچھلی طرف چاک ہوتا ہے سنا ہے کہ حضرت گنگوہیؒ اس کو بہت مبغوض جانتے تھے ہو سکتا ہے کہ خاص اس وضع میں تشبہ بالکفار ہو اس لئے بے چاک کا اوورکوٹ پہننے میں بھی کوئی قباحت نہیں۔

## لوشرٹ کا حکم :۔

ہاف کوٹ کی طرح لوشرٹ بھی خالص یورپی اور مغربی ممالک کا لباس ہے یہ لنڈا لباس انہوں نے پتلون کی نمائشی ضرورت کے لئے اختیار کیا ہے اس لئے یقیناً تشبّہ بالکفار ہے لہٰذا اسے ضرور ترک کر دینا چاہیئے ۔

## جُبّۂ رسول کے وسیلہ سے شفا طلبی :۔

حضرت اسماء بنتِ ابی بکرؓ نے لوگوں کو ایک جُبّہ نکال کر دکھایا اور فرمایا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جُبّہ ہے یہ حضرت عائشہؓ کے پاس تھا جب ان کی وفات ہوگئی تو میں نے اس پر قبضہ کر لیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم تو اسے پہنا کرتے تھے ہم تو اسے دھو کر اس کا پانی مریضوں کو پلاتے ہیں تاکہ اللہ تعالےٰ اس کی برکت سے شفا عطا فرمائیں ۔

بعض لوگوں کو اس قسم کے توسل سے انکار ہے جسے ان کا ذاتی ذوق ہی قرار دیا جا سکتا ہے جس کے پیچھے کتاب وسنت کی کوئی دلیل نہیں ورنہ یہ حدیث جسے امام مسلم نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ آثار و تبرکات

Marfat.com

رسول سے وسیلہ بالکل جائز ہے) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا قمیض مبارک مشہور منافق سردار عبداللہ بن اُبی کے بیٹے کو عنایت فرمایا تھا تاکہ وہ اپنے باپ کی میت کے نیچے بچھادے اس کی یہ بھی ایک توجیہہ ہے۔ قطع نظر اس سے کہ اس فعل سے اس کے عذاب میں کوئی تخفیف ہوئی یا نہیں لیکن عطائے قمیض کا مقصد بظاہر یہی تھا جسے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تسلیم فرمایا ورنہ اسے انکار کر سکتے تھے کہ بھئی اس کا کوئی فائدہ نہیں بیکار کرتہ ضائع نہ کرو۔

## لباس پہننے کی دعاء۔

لباس چونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے جس سے ستر بھی ڈھانپا جاتا ہے موسمی حالات سے حفاظت ہوتی ہے اور زیب وزینت کا بھی ذریعہ ہے اس لئے لازم ہے کہ جب اللہ تبارک وتعالےٰ کسی انسان کو نیا لباس نصیب فرمائیں تو اسے چاہیئے کہ وہ پروردگار کا شکر ادا کرے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تو پہلے اس کپڑے کا نام لیتے مثلاً قمیص یا پگڑی پھر آپ یہ دعا پڑھتے

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ کَسَوْتَنِیْہِ اَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِہٖ وَخَیْرِ مَا صُنِعَ لَہٗ وَاَعُوْذُبِکَ

Marfat.com

مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ ۔ یعنی اے اللہ تو نے ہی مجھے یہ لباس پہنایا ہے اس لئے میں تجھی سے اس کی اور جس مقصد کے لئے یہ بنایا گیا ہے اُس کی خیر مانگتا ہوں اور تجھی سے پناہ مانگتا ہوں میں اس کی شر سے اور اس مقصد کی شر سے جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے۔

حضرت ابونضرہؓ کہتے ہیں کہ اصحاب رسول میں سے جب کوئی نیا کپڑا پہنتا تو اسے کہا جاتا اللہ تجھے بوسیدہ ہونے تک پہننا نصیب کرے اور اس کے بعد دوسرا عطا فرمائے۔

حضرت انسؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے کھانا کھا کر یہ دعا مانگی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ ھٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃَ تو اللہ تعالےٰ اس کے تمام اگلے پچھلے گناہ معاف فرما دے گا یعنی سب تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور مجھے یہ عطا فرمایا بغیر میری کسی طاقت و قوت کے۔

اسی طرح آپ نے فرمایا کہ جس نے نیا کپڑا پہنا پھر یہ دعا پڑھی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃَ تو اس کے بھی تمام اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ یعنی سب تعریفیں اس اللہ کیلئے

Marfat.com

ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور جس نے مجھے یہ عطا فرمایا بغیر میری کسی طاقت و قوت کے۔

## لباس پہننے والے کے لئے دعا:۔

حضرت امّ خالدؓ فرماتی ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ پوشاکیں آئیں جن میں سے ایک چھوٹی سی کالے رنگ کی چھینٹ دار اوڑھنی بھی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے پوچھا کہ اس کا مستحق کون ہے جسے ہم پہنا دیں لوگ چپ رہے پھر آپ نے خود ہی فرمایا کہ امّ خالد کو بلا کر لاؤ مجھے بلایا گیا تو آپ نے وہ مجھے اوڑھادی اور یہ دعا بھی دی اَبلِيْ وَ اَخْلِقِيْ خدا تجھے ہنڈانا اور پرانا کرنا نصیب کرے یہ دعا آپ نے دو دفعہ دی۔

یہ تقریباً ویسی ہی دعا ہے جیسی ہمارے ہاں ایسے موقع پر دیا کرتے ہیں کہ نیا کپڑا مبارک ہو یا عید مبارک ہو اور کپڑے میں برکت یہی ہے کہ وہ دیر تک رہے اور اس کا مالک دیر تک اسے پہنتا رہے۔

## قمیص کا دایاں بازو پہلے پہنا جائے:۔

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ جب آپؐ قمیص پہنتے تو داہنی طرف

سے شروع فرماتے۔

## تہبند اور پاجامے میں سنتِ نبوی ؐ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قمیض کے نیچے تہبند باندھنے کے عادی تھے قمیص کا دامن اور تہبند کا نچلا کنارا تقریباً دونوں نصف پنڈلی تک ہوتے تھے پاجامہ آپ نے کبھی نہیں پہنا البتہ اصحابِ سنن نے یہ روایت ضرور کی ہے کہ آپ نے منیٰ کے بازار سے پاجامہ خریدا تھا لیکن اس کا پہننا ثابت نہیں مگر خریدنے سے اتنا ضرور ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے پاجامے کو پسند فرمایا تو گویا تہبند کو تو آپ نے عمل اور قول دونوں لحاظ سے مسنونیت کا شرف بخشا مگر پاجامے کو صرف آپ کی زبانی پسندیدگی کی فضیلت حاصل ہے اس لئے شلوار یا پاجامہ کو سنت ہونے کے لحاظ سے تہبند پر کسی طرح بھی ترجیح نہیں دی جاسکتی اگرچہ ان کی اس خوبی سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ان میں سترِ عورت بہ نسبت تہبند کے زیادہ ہے غفلت اور بے خبری کے وقت بھی ستر کھل جانے کا احتمال نہیں شاید اس خوبی کی وجہ سے نگاہِ رسالت نے اس کو پسند فرمایا تہبند کی ترجیح کے لئے یہ حدیث بھی مؤید ہے۔

حضرت ابوامامہ ؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ السلام سے عرض کیا کہ اہلِ کتاب

Marfat.com

لنگی نہیں باندھتے پاجامہ پہنتے ہیں حضور علیہ السلام نے فرمایا تم لوگ ان کے خلاف کرو پاجامہ بھی پہنو اور لنگی بھی باندھو ظاہر ہے کہ پوری طرح مخالفت تو جبھی ہوگی کہ دھوتی کو معمول بنا لیا جائے اور پاجامہ یا تو پہنا ہی نہ جائے یا کبھی کبھار پہن لیا جائے امام بخاریؒ نے

حضرت ابن عباسؓ سے روایت کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو تہبند نہ پائے وہ پاجامہ پہن لے۔

اس روایت میں تہمد کو پاجامے پر صریح ترجیح دی گئی ہے کیونکہ پاجامہ تو ایک مجبوری کا لباس ہے کہ لنگی نہ ملی تو وہ پہن لیا اس کے سوا پاجامہ کی فضیلت میں جو روایات منقول ہیں محدثین کو انکی صحت میں کلام ہے اکثر کو انہوں نے ضعیف ہی بتلایا ہے۔

## لنگی شریف کا طول و عرض :-

حضور علیہ السلام کی لنگی چار ہاتھ لمبی اور دو ہاتھ چوڑی تھی ہاتھ تقریباً ڈیڑھ فٹ کا ہوتا ہے اگر اس زمانہ کے ہاتھوں کو آج کل کے ہاتھوں پر قیاس کیا جائے تو اس طرح لمبائی کل سوا دو گز بنتی ہے اور چوڑائی ایک گز اتنی مختصر لنگی پر آپ نے

Marfat.com

غالباً اس لئے کفایت کی ہوگی کہ اس مقدار میں تکبر تو چھپ ہی جاتا ہے مگر تفاخر اور تکبر کی گنجائش نہیں ملتی بلکہ ایک گونہ شانِ مسکنت اور بندگی کا اظہار بھی اس میں موجود ہے۔

## لنگی کتنی نیچی باندھنا مسنون ہے؟

پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص کا دامن اور لنگی کا نچلا کنارا تقریباً برابر ہوتے تھے تو گویا اس زمانہ میں دامن نیچا اور دھوتی اونچی ہوتی تھی آج زمانہ کچھ اس طرح بدلا کہ ہر چیز اپنی اصلیت کے الٹ ہو گئی۔ قمیصوں کے دامن تو اتنے اونچے ہو گئے کہ بمشکل شرمگاہیں چھپتی ہیں اور دھوتی اتنی نیچی ہو گئی کہ ٹخنوں سے گزر کر گلی کوچوں میں جھاڑو دینے لگی ٹخنوں سے نیچی دھوتی باندھنے میں جہاں ایک حرام کام کا ارتکاب اور سنتِ نبوی کی خلاف ورزی ہے وہیں ایسا کرنے والا شخص اللہ تبارک وتعالیٰ کی نظروں سے گر جاتا ہے اور ٹخنوں سے جتنی نیچے تک دھوتی ہوگی اتنی جگہ کو جہنم میں جلنا پڑے گا۔

حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری پنڈلی کی مچھلی کو نیچے سے پکڑ لیا اور فرمایا یہاں تک دھوتی ہونی چاہیئے اگر تیرا دل نہ مانے تو ذرا

Marfat.com

اور نیچی کر لیا کرو اور اگر پھر بھی تیرا دل نہ ملتے تو ذرا سی اور نیچی کر لیا کرو پھر بھی دل نہ ملنے تو ٹخنوں میں دھوتی کا کوئی حق نہیں۔

لوگو یا جو شخص ٹخنے ڈھانپ کر دھوتی باندھتا ہے وہ ایک ناحق کام کرتا ہے۔

حضرت عبدالرحمٰنؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو سعید سے پوچھا کہ آپ نے دھوتی کے بارے میں کوئی بات رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے انہوں نے کہا ہاں سنا ہے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے مومن کی دھوتی نصف پنڈلی تک ہونی چاہیئے نصف پنڈلی اور ٹخنے کے درمیان بھی کوئی گناہ نہیں اور جو ٹخنوں سے نیچے ہو گی وہ جہنم میں جلے گی۔ آپؐ نے تین دفعہ ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے اپنی دھوتی تکبر سے زمین پر گھسیٹی اللہ تعالیٰ نظرِ رحمت سے اس متکبر کی طرف دیکھنا بھی گوارا نہیں کرے گا۔

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے سفیان دھوتی نیچے نہ لٹکا کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو پسند نہیں فرماتے۔

ان روایات سے معلوم ہوا کہ حرمت اور ممانعت کی اصل وجہ اظہار بڑائی اور تکبر ہے لہٰذا اضطراراً یا عذراً اگر کسی کی دھوتی ٹخنوں سے نیچے لٹک جائے تو حرام نہیں ہے جیسے حضرت ابو بکرؓ کو آپ نے اس وجہ سے مستثنیٰ فرما دیا تھا کہ پیٹ

Marfat.com

بڑا ہونے کی وجہ سے دھوتی اوپر ٹھہرتی نہ تھی از خود کھسک کر نیچے لٹک جاتی تھی۔

## لنگی باندھنے کی کیفیت :۔

لنگی اس طرح باندھنی چاہیئے کہ پچھلی طرف سے لنگی کا کنارا اونچا ہو اور اگلی طرف سے نیچا جیسے حضرت عکرمہؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو دیکھا کہ انہوں نے لنگی اس طرح باندھ رکھی تھی کہ اگلی طرف سے لنگی کے پلّے پاؤں کی چھت کو چھو رہے تھے اور پیچھے سے نصف پنڈلی تک اٹھی ہوئی تھی میں نے پوچھا کہ آپ چادر اس طرح کیوں باندھتے ہو فرمانے لگے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے وہ بھی لنگی مبارک اسی طرح باندھتے تھے۔

میرے والد محترم حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب درکوٹی رحمۃ اللہ علیہ کا دائمی معمول یہی تھا کہ وہ چادر کو اگلی طرف سے جھکا کر باندھتے تھے حالانکہ پچھلی طرف سے نصف پنڈلی تک ہوتی تھی اس وقت تو ہمیں ان کی یہ ہیئتِ قلندرانہ پسند نہیں آتی تھی مگر اب جبکہ یہ حدیثِ رسول سامنے آئی تو معلوم ہوا کہ یہ تو آں مرحوم کا جذبۂ اتباعِ رسول تھا جسے انہوں نے بہرحال نبھایا کسی کو پسند آیا ہو یا ناپسند اس سے وہ بے نیاز تھے۔

Marfat.com

# عورت کا دامن کہاں تک ہو۔

ہمارے یہاں تو تہبند کے طور پر شلوار ہی عورتوں کا لباس ہے اور اس سے پہلے لہنگا ہوتا تھا لیکن عرب میں مردوں کی طرح عورتیں بھی دھوتی باندھتی تھیں جیسے آج بھی میانوالی سرگودھا اور جھنگ کے بعض پسماندہ علاقوں میں عورتوں میں دھوتی باندھنے کا رواج ہے عورتوں کی دھوتی ٹخنوں سے نیچے تک ہوتی تھی۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ عورتیں کہاں تک چادر نیچے لٹکا سکتی ہیں آپ نے فرمایا ایک بالشت اس پر میں نے سوال کیا کہ ایسی صورت میں تو ستر کھل جائے گا (یعنی پنڈلیاں ننگی ہو جانے کا اندیشہ ہے) تو آپ نے فرمایا پھر ایک ہاتھ چادر کا دامن نیچے ہو تو کوئی حرج نہیں اس سے زیادہ نہ ہو۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مردوں کو چادر گھسیٹنے سے جو منع کیا گیا ہے اس کی منجملہ دوسری وجوہات کے ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں عورتوں کے ساتھ مشابہت ہے کیونکہ چادر کا ٹخنوں سے نیچے لٹکانا عورتوں کے لئے تو ایک ضرورت ہے کہ ان کے ٹخنے بھی ستر میں داخل ہیں مگر مردوں کو کیا ضرورت ہے سوائے تکبر اور غرور کے

Marfat.com

عورتوں کے لئے ستر کا حکم چونکہ مردوں کی نسبت زیادہ اور تاکیدی ہے اس لئے شلوار کا لباس جس میں بہتر ستر عورت ہے عورتوں کے لئے مستحسن ہونے میں کوئی شبہ نہیں یہی وجہ ہے کہ بعد کے ادوار میں تو شلوار عورتوں کے ساتھ خاص ہو کر رہ گئی جہاں تک جواز یا کسی حد تک مسنونیت کا تعلق ہے تو یہ بات مردوں کے لئے بھی ثابت ہے جیسے آپ پہلے پڑھ چکے ہیں اس لئے شلوار مرد اور عورتیں دونوں صنف پہن سکتے ہیں لیکن عرفِ عام میں اگر کوئی وضع قطع یا رنگ روپ کسی ایک صنف کے ساتھ خاص ہو گیا تو تشبّہ سے بچنے کے لئے دوسرے کے واسطے اس کی ممانعت ہوگی جیسے چھینٹ دار شلوار عورتوں کے ساتھ خاص ہو چکی ہے اور سفید مردوں کے ساتھ اب اگر کوئی عورت سفید شلوار یا کوئی مرد چھینٹ دار شلوار پہنے تو تشبّہ کی وجہ سے انہیں لازماً منع کیا جائے گا کیونکہ ایسا تشبّہ بالکل حرام ہے۔

## تشبّہ کے متعلق ایک اصولی بحث :۔

کافروں فاسقوں یا عورتوں کی وہ چیزیں جو اپنی اصلیت کے لحاظ سے بالکل جائز تھیں لیکن عرفِ عام میں وہ کسی ایک فریق کے ساتھ خاص ہو گئی ہیں تو اب مسلمان مرد ایسی چیز کا استعمال کرتا ہے تو گویا وہ کافروں فاسقوں یا عورتوں جیسا بننا چاہتا

Marfat.com

ہے بس یہی چیز ممنوع ہے مسلمان اپنے طور طریق میں نہ تو کسی کافر کی مشابہت اختیار کر سکتا ہے نہ کسی فاسق و فاجر کی اور نہ ہی کسی عورت کی اسی طرح مسلمان عورت مردوں کی کسی مخصوص چیز کو استعمال کرے تو وہ بھی مردی کی حرص رکھتی ہے یہ حرص ناجائز ہے قدرت نے ہر نوع کے لئے جو وضع و قطع مقرر کر دی ہے اسی کے اندر رہنا چاہیئے اس سے نکل کر دوسرے دائروں میں اقدام کرنا ناروا جسارت ہے وَمَنۡ يَتَعَدَّ حُدُوۡدَ اللّٰهِ فَقَدۡ ظَلَمَ نَفۡسَهٗ. جس نے اللہ کی حدود کو توڑا اس نے اپنے نفس پر یقیناً ظلم کیا۔ اسی بنا پر آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی عورتوں کو ملعون قرار دیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان فرماتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے ان عورتوں پر لعنت فرمائی جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں اور ان مردوں پر لعنت فرمائی جو عورتوں کی مشابہت کرتے ہیں۔ (بخاری)

اسی طرح

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرد پر لعنت فرمائی ہے جو عورتوں کا مخصوص لباس پہنے اور اس عورت پر بھی لعنت فرمائی ہے جو مردوں کا مخصوص لباس پہنے۔

Marfat.com

ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں کہ

حضرت عائشۃ الصدیقہ رضؓ سے عرض کیا گیا کہ ایک عورت ہے جو مردوں کا جوتا پہنتی ہے حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردنما عورت پر لعنت فرمائی ہے۔

پھر جس طرح مرد عورتوں کی اور عورت مردوں کی مشابہت اختیار نہیں کر سکتا اسی طرح مسلمان کے لئے کافروں یا فاسقوں فاجروں کی مشابہت اختیار کرنا بھی ناجائز ہے کیونکہ اس سے اسلام اور اہلِ اسلام کی انفرادیت ختم ہوتی ہے جس سے مسلم اور غیر مسلم کا امتیاز ہوتا ہے اور اس سے قومی اور مذہبی عصبیت ختم ہو جاتی ہے جو مذہبی قدروں پر پختگی اور استحکام کے لئے ضروری ہے یہ تو روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ جن فریب خوردہ نوجوانوں نے اسلامی تہذیب و تمدن سے روگردانی کرتے ہوئے غیروں کے لباس شکل و صورت اور رہن سہن کو اپنایا وہ اپنی دینی اور مذہبی اقدار کو بھی خیرباد کہہ بیٹھے بلکہ نماز روزہ جیسی اسلام کی بنیادی چیزوں کو بھی وہ فضول اور بے ہودہ رسومات سمجھنے لگ گئے ہیں ان کی ادائیگی کو وہ اپنے ہم نواؤں کی نظروں میں جہالت اور بے عزتی کا موجب خیال کرتے ہیں اسی طرح توحید و رسالت تقدیر و قیامت اور جنت و دوزخ جیسے اساسی عقائد کو وہ توہم اور تنگ نظری سے تعبیر کرتے ہیں یہ زہر

Marfat.com

ان کے دماغوں میں کہاں سے اور کس طرح پیدا ہوا صرف اپنے رہن سہن اور طرزِ معاشرت میں مذہبی اور قومی روایات کو چھوڑ کر یہود و نصاریٰ اور دوسری یورپی یا امریکی اقوام کی معاشرت اور بود و باش کو اختیار کر لینے کی وجہ سے ان کی گندی تہذیب کی نفرت دلوں سے اٹھ گئی اور اپنی نہایت پاکیزہ اور ارفع و اعلیٰ تہذیب کی محبت قلوب سے محو ہو گئی ان کی روایات سے نفرت اور اپنی روایات سے محبت ہی دو چیزیں ایسی ہیں جس سے قوموں کے تشخص خودی اور مذہبی اَنا کی تکمیل ہوتی ہے جب یہ دونوں چیزیں رخصت ہو جائیں تو وہ قوم بھی اپنی قابلِ فخر تاریخ کے صفحات سے رخصت ہو جایا کرتی ہے اس کا وجود تو کسی درجے میں باقی رہتا ہے مگر غیروں کا غلام اور تابع مہمل بن کر پھر اس قوم کا ذکر کسی اندھے مقتدی کی حیثیت سے تو ہو سکتا ہے مگر امام اور پیشوا کی حیثیت سے نہیں۔ ؎

آئینِ نو سے ڈرنا طرزِ کہن پہ اڑنا
منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس حالت میں دیکھا کہ میں نے زعفرانی رنگ کی دو زرد چادریں پہن رکھی تھیں آپ نے فرمایا کہ یہ تو کافروں کے کپڑے ہیں انہیں نہ پہنو) اس رنگ کی جوازی صورت پر تو پہلے بحث ہو چکی ہے یہاں تو صرف یہی دکھلانا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

محض کفار کی مشابہت کی وجہ سے ان چادروں کے پہننے کی ممانعت فرمادی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہیں چاہتے تھے کہ مسلمان اپنا لباس اور وضع قطع چھوڑ کر کافروں کے رنگ میں رنگے جائیں کیونکہ یہی تو وہ راستہ ہے جس پر چل کر آج مسلمان قوم موت اور کفر کی وادیوں میں پہنچ گئی ہے اور اسے اپنی نجات کا نہ تو کوئی راستہ نظر آتا ہے اور نہ ہی اسے راہِ نجات کا تجسس ہے۔

حضرت مغیرہؓ کی بہن کہتی ہیں کہ تو اس دن چھوٹا سا بچہ تھا جب تیرے سر پر دو بودباں دیکھ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے فرمایا کہ انہیں کٹوا دو کہ یہ تو یہودیوں کی ہیئت ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ جہاں ادنیٰ سی مشابہت غیر قوم کے ساتھ نظر آتی تھی آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم وہیں ٹوک دیتے تھے تاکہ غیروں کی تہذیب کی مکمل نفرت دلوں میں بیٹھ جائے اور اپنی روایات محمد رسول اللہ کے غلاموں کے لئے باعثِ فخر ہوں ان ہدایات و ارشادات کے باوجود بھی چونکہ خطرہ تھا کہ خیر القرون سے بُعد کی وجہ سے دورِ آخر کے خود فراموش اور عاقبت نا اندیش امتی تہذیبِ غیر کی چکا چوند سے متاثر ہو کر اپنی تہذیب کو چھوڑنا اور غیروں کی تہذیب کو اختیار کرنا شروع کر دیں گے اس لئے آپ نے یہ فیصلہ کن بات کہی جسے

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے روایت کیا ہے کہ مَنْ تَشَبَّہَ بِقَوْمٍ فَھُوَ مِنْھُمْ

(ابوداؤد بحوالہ مشکوٰۃ ص۳۷۵) جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی (یعنی ان جیسی شکل وصورت بنائی ان کی وضع قطع اختیار کی ان کا رہن سہن اپنایا ان کی معاشرت اور بود و باش قبول کی) تو وہ اسی قوم میں سے شمار ہوگا یعنی پھر وہ مسلمان کہلانے کا تکلف نہ کرے یا اپنی اسلامیت کی خوش فہمی میں نہ رہے اگر دنیا میں اسلامی حکومت موجود ہو یا غیرت مند مسلمان معاشرہ قائم ہو تو وہ اس شخص کے ساتھ انہی لوگوں جیسا سلوک کرے گا جن کافروں یا فاسقوں جیسی شکل اس نے بنا رکھی ہے نہیں تو آخرت میں اس کا حشر ان بے ایمانوں کے ساتھ ہوگا جن کی معاشرت اس نے دنیا میں اختیار کر رکھی تھی۔ خداوند تعالے ہر مسلمان کو حضرت محمد رسول اللہ کے نقش قدم پر چلنے اور آپ کے اسوۂ حسنہ کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے اور شیطان اور اس کے مریدوں کی پیروی سے بچائے کیونکہ وہ جہنم کی راہوں کے داعی ہیں ۔ اعاذنا اللہ منہا

## پتلون ایک مکروہ لباس

شلوار یا تہبند کی اصل غرض وغایت ان جگہوں کا چھپانا ہے جن کا اظہار انسان ہی نہیں بلکہ حیوان کے لئے بھی شرمناک ہے جانوروں اور پرندوں کو پروردگار نے اسی لئے دم عطا فرمائی ہے کہ اس کے ذریعہ ان کی شرمگاہیں چھپی رہیں انسان عقل وشعور کا مالک

Marfat.com

ہونے کی وجہ سے چونکہ اپنے ستر عورت کا خود انتظام کر سکتا تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کے پیچھے دم نہیں لگائی آج کل ہمارے صاحب بہادروں اور تعلیم یافتہ نوجوانوں نے یورپ کے انسان نما چوپایوں کی تقلید میں لباس زیریں کی اس اہمیت کو فراموش کر دیا ہے اور ان ننگِ انسانیت یہود و نصاریٰ کی دیکھا دیکھی پتلون جیسا شرمناک لباس پہننا شروع کر دیا جس سے نہ تو شرمگاہوں کے نشیب و فراز چھپتے ہیں نہ موسمی اثرات کا صحیح مقابلہ ہوتا ہے اور نہ ہی یہ کوئی آرام دہ لباس ہے۔ بلکہ اس کا پہننے والا اپنے آپ کو ایک قسم کی قید میں محسوس کرتا ہے۔ لیکن برا ہو اس اندھی تقلید کا جس نے مسلم نوجوانوں کو اپنے مذہب و قومیت سے بیگانہ کر کے اس بدترین لباس کا شیدائی بنا دیا جس کو پہن کر انسانی فطرت اپنی بہو بیٹیوں اور ماؤں بہنوں کے سامنے جاتے ہوئے شرم کھاتی ہے خدا ہمارے بہکے ہوئے نوجوانوں کو اپنی مذہبی اور قومی خودی سے روشناس کرے تاکہ یہ غیروں کا دم چھلہ بننے کی بجائے اپنی قوم و مذہب کی سربلندی کا ذریعہ بنیں۔ میں ایسے تعلیمیافتہ نوجوانوں کو مشورہ دوں گا کہ وہ علامہ اقبال علیہ الرحمۃ کی کتاب اسرار و رموز اور نظم ایک فلسفہ زدہ سید زادے کے نام کا مطالعہ کریں تاکہ وہ اپنے آپ کو دریافت کر سکیں۔ اگر کسی شخص کے لئے پتلون کو یکدم ترک کرنا مشکل ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ اپنی قمیص کے دامن پتلون کے اوپر رکھے تاکہ

کم از کم شرمگاہوں کی ہیئت اور اونچ نیچ تو نظر نہ آئے۔

## عمامہ مبارک کی سنت:۔

مردوں کے لئے سر پر پگڑی باندھنا بھی سنتِ رسول ہی نہیں بلکہ سنتِ جمیع انبیاء ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمامہ باندھا کرو اس سے حلم میں بڑھ جاؤ گے۔

واقعی عمامہ بند انسان باوقار اور متحمل نظر آتا ہے اور اس ظاہری ہیئت کا دل پر اثر پڑنا بھی ضروری ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے کسی نے پوچھا کیا عمامہ باندھنا سنت ہے فرمایا کہ ہاں سنت ہے ایک حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ عمامہ باندھا کرو کہ عمامہ اسلام کا نشان ہے اور مسلم و کافر میں فرق یا تمیز کرنے والا ہے

ان روایات کے پیشِ نظر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ عمامہ اسلام کا ایک تہذیبی شعار شعار ہے اور متمترِ سنتِ رسول ہے اس لئے عمامہ باندھنا ایک دینی امر کی ادائیگی ہے جس میں کوتاہی افسوسناک اور جس سے مذاق دین سے مذاق کے مترادف ہے کوئی شخص اس شبہ میں مبتلا نہ ہو کہ جب عمامہ باندھنا سکھوں کے ہاں بھی معمول

Marfat.com

ہے تو پھر یہ اسلام کا نشان کیسے رہا اس لئے کہ عمامہ کے ساتھ اس کی بندش کی ہیئت جو ہے شعار کے طور پر اسے بھی ملحوظ رکھا جائے گا سکھ پگڑی ضرور باندھتے ہیں مگر وہ صرف سر پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ کانوں پر باندھ لیتے ہیں اور ان کے ہاں شملے یا طرے کا بھی معمول نہیں اسلامی طرز میں کان بالکل ننگے ہوتے ہیں اور عمامہ کا شملہ پشت پر چھوڑا جاتا ہے اس لئے باہمی مشابہت نہ رہی ۔

## سُنّت کے متعلق ایک ضروری بحث :-

آج کل بعض مغرب زدہ مسلم لیڈر لباس کی وضع قطع یا شکل وصورت کی ہیئتِ ماثور کو سنت ماننے سے انکار کرتے ہیں دراصل ان لوگوں نے اسلام کو ترقی یافتہ غیر مسلم اقوام کے لئے قابلِ قبول بنانے کے زعم میں اسلام کی مسلّمہ اقدار کا حلیہ بگاڑ دیا ہے ان کے نزدیک اسلام موم کی ایک ناک ہے جسے جب چاہا جدھر چاہا ادھر ہی موڑ دیا وہ پھر بھی ناک کی ناک ہی رہے گی اگر وہ لوگ داڑھی سے بدکتے ہیں تو داڑھی کی مسنونیت سے انکار کر دیا اگر وہ لوگ سر منڈانے یا سر پر پٹے رکھنے سے حجاب کھاتے ہیں تو بودے کو جائز کر دیا اگر ان لوگوں کو اسلام کے روایتی

لباس سے گھن آتی ہے تو نہ صرف یہ کہ کوٹ پتلون کو جائز کر دیا بلکہ امام مہدی علیہ السلام تک کو پہنا دیا ہمارے معاصر جناب مودودی صاحب کو بھی بیماری ہے خداوند تعالیٰ انہیں اس سے نجات عطا فرمائے مسلمان عالم اسلام کا شارح تو ہو سکتا ہے مگر شارع یعنی واضع نہیں گویا وہ اسلام کے کسی مجمل مسئلے کو اپنے حسن تحریر سے کھول کر تو بیان کر سکتا ہے مگر اسلامی مسائل میں قطع برید یا وضع و تبدیل کا اسے کوئی حق نہیں یہ حق تو پروردگار عالم نے حضرت سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی نہیں دیا قرآن پاک میں ہے اِیتِ بِقُراٰنٍ غَیرِ ھٰذَآ اَو بَدِّلہُ قُل مَا یَکُونُ لِی اَن اُبَدِّلَہٗ مِن تِلقَاءِ نَفسِی اِن اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوحیٰ اِلَیَّ۔ یعنی لوگ آپ سے کہتے ہیں کہ اس کی بجائے کوئی اور قرآن لاؤ یا کم ازکم اس میں ہماری خواہش کے مطابق ذرا تبدیلی کر دو تو ہم مان جائیں گے۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ برملا کہہ دیجئے کہ مجھے قطعاً یہ حق نہیں پہنچتا کہ میں اس قرآن میں اپنے طور پر ذرہ برابر بھی تبدیلی کروں میرا کام تو صرف ان احکام کا اتباع ہے جو میری طرف وحی آتی ہے ۔

اب داڑھی کسی کو اچھی لگے یا بری بال منڈانا یا پٹے رکھنا پسند ہو یا ناپسند کرتہ پگڑی اور تہبند کسی کو بھاتے ہوں یا نہ لیکن کسی بھی صورت میں ان کے مسنون ہونے سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ مودودی صاحب فرماتے ہیں کہ ایسی (یعنی داڑھی اور لباس جیسی) چیزوں

کو سنت قرار دینا میرے نزدیک سخت قسم کی بدعت اور خطرناک تحریفِ دین ہے (مسائل و مسائل) اب میں ان کی معلومات کے لئے صرف ایک حدیث پیش کرتا ہوں خدا کرے انہیں اس سے سنت کے متعلق اپنے غلط نظریات کو بدلنے اور صحت کی طرف رجوع کرنے کی توفیق نصیب ہو یہ تو آپ پہلے پڑھ چکے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے عمامہ باندھنے کو صریح طور پر سنتِ رسول قرار دیا ہے میں نہیں جانتا اس سے بڑا فتویٰ کس کا ہوگا سوائے ان سے بڑے صحابہؓ کے مگر یہاں میں ایک اور حدیث پیش کرنا چاہتا ہوں جس کی طرف عام طور پر لوگوں کا ذہن نہیں جاتا۔ امام ترمذیؒ نے شمائل میں نقل کیا ہے کہ :۔

حضرت عبید بن خالدؓ کہتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ میں جا رہا تھا کہ پیچھے سے کسی کو کہتے سنا کہ لنگی اوپر اٹھاؤ کہ اس سے ظاہری نجاست اور باطنی تکبر سے بچاؤ ہے اور زمین پر گھسٹ کر جلدی پھٹ جانے سے بھی لنگی محفوظ رہتی ہے میں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ میں نے عرض کیا حضور یہ ایک معمولی سی چادر ہے اس میں کیا تکبر ہو سکتا ہے اور اس کی اتنی زیادہ حفاظت کی بھی کیا ضرورت ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اور کوئی مصلحت تیرے نزدیک نہیں تو یہی کیا کم ہے کہ اس صورت میں

Marfat.com

میری پیروی ہو جائے گی راوی کہتے ہیں کہ میں نے آپ کی لنگی مبارک دیکھی تو وہ نصف پنڈلی تک تھی۔

اس حدیث شریف میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ صرف لباس کی وضع قطع کو بلکہ اس کے استعمال کی کیفیت میں بھی اپنے اتباع کو ضروری قرار دیا ہے اگر دھوتی نصف پنڈلی تک باندھنے میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع مطلوب و مستحب ہے تو پھر مودودی حضرات بتائیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسی داڑھی رکھنا کیوں مسنون نہیں اور ان چیزوں کو سنت سمجھنا کیوں بدعت اور خطرناک تحریف دین ہے اس فرمان رسول کی رو سے جہاں تک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم دھوتی باندھتے تھے اگر وہیں تک دھوتی باندھنا مسنون ہے تو جو بے نصیب ایسی سنتوں کو بدعت یا تحریف دین قرار دے اسے کیا کہنا چاہیئے ؎

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں
ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

## عمامہ اور شملہ کی روایات

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح کے دن مکہ مکرمہ

Marfat.com

میں داخل ہوئے تو آپ کے سر مبارک پر سیاہ عمامہ تھا۔

حضرت عمرو بن حریثؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک پر سیاہ عمامہ دیکھا۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب پگڑی باندھتے تھے تو شملہ دونوں کندھوں کے درمیان ڈال لیتے تھے) ان کے شاگرد حضرت نافع کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ بھی ایسا ہی کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے قاسم اور سالم کو دیکھا ہے وہ بھی شملہ کندھوں کے درمیان ڈالتے تھے۔ بعض دوسری روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ کبھی آپ نے دائیں کان پر بھی شملہ رکھا ہے جیسے آجکل بھی میانوالی سرگودھا اور کیمبلپور کے اضلاع میں کان پر چھوٹا سا شملہ رکھ لیا جاتا ہے مگر یہ بائیں کان پر ہوتا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دائیں کان پر رکھتے تھے۔ محققین کی رائے کے مطابق کبھی کبھی آپ نے بغیر شملہ کے بھی پگڑی باندھی ہے تو گویا اس بارہ میں رخصت ہے جہاں مرضی شملہ رکھ لو یا نہ رکھو مگر آپ کا اکثری عمل یہی ہے کہ آپ پشت پر کندھوں کے درمیان شملہ رکھتے تھے۔

Marfat.com

## عمامہ شریف کی لمبائی :-

..شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مدظلہ کے بقول عمامہ شریف کی مقدار صحت کے ساتھ کہیں منقول نہیں طبرانی کی ایک روایت میں سات ہاتھ بتلائی ہے ابن حجرؒ نے اس حدیث کو بے اصل قرار دیا ہے علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے سیرت کی کتابوں میں خاص طور پر تلاش کیا مگر عمامہ کی مقدار مجھے نہیں ملی البتہ امام نوویؒ نے یہ فرمایا ہے کہ حضور علیہ السلام کے دو عمامے تھے ایک چھوٹا چھ سات ہاتھ کا دوسرا بڑا بارہ ہاتھ کا یعنی چار یا چھ گز کا تو گویا یہ بھی ایک رخصتی چیز ہو گی کہ حسب ضرورت جتنا چاہے رکھ لے لیکن جو مقدار خواہ ضعیف طور پر منقول ہے سنت سمجھ کر اگر اس کے مطابق رکھے گا تو یقیناً ثواب سے خالی نہیں۔

## عمامہ ٹوپی کے اوپر باندھنا مسنون ہے علیحدہ نہیں

عرب کا مشہور پہلوان رکانہ جس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھاڑ کر مسلمان ہونے پر مجبور کر دیا تھا وہ روایت کرتا ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

سے سنا ہے آپ فرماتے تھے کہ ہمارے اور مشرکین کے درمیان فرق یہ ہے کہ ہم ٹوپیوں کے اوپر عمامہ باندھتے ہیں اور وہ خالی عمامہ ترمذی بحوالہ مشکوٰۃ ص۳۷۴ تو گویا جس نے عمامہ باندھنا ہو اس کے لئے مسنون یہ ہے کہ نیچے ٹوپی بھی پہنے لیکن جس نے خالی ٹوپی پہننی ہو اس کے لئے ضروری نہیں کہ وہ ٹوپی کے اوپر پگڑی بھی باندھے کیونکہ خالی ٹوپی مستقل طور پر مسنون ہے مشرکین سے مشابہت خالی پگڑی باندھنے میں ہے خالی ٹوپی میں نہیں۔ آجکل بعض بے علم لوگ خالی ٹوپی پہن کر نماز پڑھنے یا پڑھانے کو برا جانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ خلافِ سنت ہے بعض جاہلین تو ٹوپی والے امام کے پیچھے پڑھی ہوئی نماز کا اعادہ کرتے ہیں اور ان کا بس چلے تو ٹوپی پوش امام کو مصلے پر نہ کھڑا ہونے دیں لیکن یہ محض ان کی بے علمی ہے حضور علیہ السلام کے فرمان کا مطلب یہ ہے کہ جس نے پگڑی باندھنی ہو وہ مشرکین کی مشابہت سے بچنے کے لئے نیچے ٹوپی بھی پہن لے کیونکہ مشرکین خالی پگڑی باندھتے تھے لیکن اکیلی ٹوپی تو وہ پہنتے ہی نہیں تھے اس لئے اس میں ان کے ساتھ کوئی مشابہت نہیں۔

## خالی ٹوپی پہننے کا ثبوت اور اس کی ہیئت

ابوالشیخ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وسلم کے پاس تین ٹوپیاں تھیں امام بخاریؒ نے معتمر بن سلیمان سے روایت کی ہے کہ میں نے اپنے باپ سے سنا وہ فرماتے تھے۔ کہ میں نے حضرت انسؓ کو دیکھا ان کے سر پر زردی کی اونچی ٹوپی پہنی ہوئی تھی۔ یہ ٹوپی عربی برنس کا معنیٰ ہے امام جوہریؒ نے فرمایا کہ یہ ایک لمبی ٹوپی ہوتی تھی جسے دورِ اول میں عابد و زاہد لوگ پہنا کرتے تھے۔ تو گویا یہ پہلے زمانے کے صوفیا کا نشان تھا حضرت انسؓ کا اونچی ٹوپی پہننا ان کا ذاتی ذوق معلوم ہوتا ہے ورنہ عام طور پر اصحابِ رسول گول مگر اتنی چھوٹی باڑ کی ٹوپی پہنتے تھے۔ کہ وہ سر کے ساتھ لگی رہتی تھی۔ جیسا کہ امام ترمذیؒ کی اس روایت سے معلوم ہوتا ہے ابوکبشہ انماریؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی ٹوپیاں گول اور سر سے لگی ہوتی تھیں۔

ہمارے زمانے میں ان ٹوپیوں کا صحیح چربہ وہ گول ٹوپیاں ہیں جو حضرت مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے متوسلین کے ہاں معمول ہیں لمبی اور دوپلّی ٹوپی کی ہیئت ہیئت مسنونہ نہیں اور باقی ٹوپیوں کا تو ذکر ہی کیا جو صرف نزاکت بازی اور نمائش کاری کے لئے پہنی جاتی ہیں اگرچہ سر تو ان سے بھی ڈھنپ جاتا ہے مگر اتباعِ سنت کا ثواب نہیں ملتا۔

Marfat.com

## پگڑی کی ظاہری افادیت :-

بڑی پگڑی سر پہ بندھی ہو تو یہ ایک خود کا کام دیتی ہے خدانخواستہ اگر دشمن کوئی لاٹھی یا ڈنڈے کا وار کر دے تو اتنی چوٹ کبھی نہیں آ سکتی جتنی بغیر پگڑی کے پھر یہ گرمی سردی سے مکمل بچاؤ کرتی ہے موسمی اثرات کا سب سے زیادہ شعور دماغ کو ہوتا ہے باقی جسم کو دماغ سے ملانے والے پٹھے گردن کے پچھلے حصّہ سے گزرتے ہیں یہی وجہ ہے گرمی سردی کا سب سے زیادہ احساس گردن اور دونوں کندھوں کی درمیانی جگہ کو ہوتا ہے اور پگڑی کا شملہ ان جگہوں کی بخوبی حفاظت کرتا ہے عموماً پگڑی باندھنے والے بزرگ نزلہ زکام میں کم مبتلا ہوتے ہیں ضرورت کے وقت پگڑی تہبند اور چادر کا کام دے جاتی ہے یہ کام نہ ٹوپی دے سکتی ہے نہ ہیٹ سوتے وقت اکٹھی کر کے سر کے نیچے رکھ لیں تو تکیہ بن جاتا ہے گویا آم کے آم اور گٹھلی کے دام۔ ہم خرما و ہم ثواب والی بات ہے۔

## ہیٹ کی قباحت :-

ہیٹ بھی مغربی غیر مسلموں کی ایک مخصوص چیز ہے اس لئے اس کے پہننے

میں ان کے ساتھ مشابہت ہے جس کی حرمت پہلے ذکر ہو چکی ہے علاوہ ازیں پگڑی یا ٹوپی جیسی افادیت اس میں نہیں ہے پھر جب تک سر پر پہنا ہوا ہے ٹھیک ہے لیکن جب آتاریں تو اس کی حفاظت ایک مسئلہ بن جاتی ہے نہ تو اس کو پہن کر لیٹ سکتے ہیں اور نہ آتار کر سر کے نیچے رکھ سکتے ہیں پگڑی اور ٹوپی دونوں اس قباحت سے خالی ہیں۔

## عورتوں کے لئے پردہ کا حکم:۔

مرد کے لئے عورت کے جسم کا ہر حصہ دلکشی کا باعث ہے خصوصاً چہرہ اور سینے کا ابھار تو مرد کے لئے مکمل آزمائش ہے آجکل زیادہ بے حیائی پھیل جانے کی یہی وجہ ہے کہ عورتوں نے نہ صرف یہ کہ پردہ کرنا چھوڑ دیا ہے بلکہ مردوں عورتوں کا کھلے بندوں اختلاط عام ہے سکولوں کالجوں دفتروں بازاروں اور گلی کوچوں میں صنفِ نازک اپنے حسن بے پناہ سے نوخیز لڑکوں اور تجربہ کار مردوں کو مسحور کرتی پھر رہی ہے ہمارے ارباب اقتدار بے حیائی اور فحاشی کے اس چلن کو روکنے کی بجائے اور رواج دیتے ہیں ہمارے سیاسی لیڈر عورتوں کے ووٹ حاصل کرنے کے لئے ان کو مردوں کے ساتھ

مساوات کے سبز باغ دکھا کر ان کی ناموس کو بازاروں میں لا رہے ہیں مرد و زن کے اس بے محابا اختلاط کا بے حیائی اور بدکاری کے سوا کیا نتیجہ نکل سکتا ہے اسلام نے عورت کو رونقِ محفل نہیں زینتِ خانہ بنایا تھا وہ غیر مردوں کے لئے شجرِ ممنوعہ لیکن اپنے شوہر کے دل و دماغ اور اس کے گھر بار کی ملکہ تھی اسلام نے عورت کو تین مقدس رشتے بخشے تھے وہ اپنے شوہر کی بیوی اپنے بھائیوں کی بہن اور اپنی اولاد کی ماں تھی۔ ان تینوں حیثیتوں میں وہ نہایت محترم اور لائق عزت و تکریم تھی لیکن جب سے عورت نے ہوس کار مردوں کے فریب میں آ کر صحن خانہ سے باہر قدم نکال کر بازاروں اور گلی کوچوں میں اپنے حسن کو رسوا کرنا شروع کیا ہے وہ بے قدر اور بے آبرو ہو گئی ہے وہ بازار کا بکاؤ مال بن گئی ہے جسے جو چاہے زیادہ قیمت دے کر خرید سکتا ہے اور اس کے باغِ حسن کے ثمر و گل توڑ کر اسے تباہ و برباد کر سکتا ہے اے میری ماؤں بہنو اور بیٹیو! خدا کے لئے اپنا مقام پہچانو اور گھروں میں رہ کر اپنی اس ناموس کی حفاظت کرو فرشتے جس کی پاکیزگی کی قسمیں کھاتے تھے حوریں جس کی نظافت پر رشک کرتی تھیں تم امہات المومنین اور سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہن کی سیرت و کردار کو اپنا لو زمانے کی جبینیں اب بھی تمہاری عظمت کے

Marfat.com

سامنے جھک جائیں گی طیب وطاہر اور حسنین تم بھی اپنی کوکھ سے جنم دے سکوگی۔

بتولے باش و پنہاں شو ازیں عصر
کہ درآغوش شبیرے بگیری

## پردہ کی روایات:۔

سیدہ عائشہ الصدیقہؓ نے انصاری عورتوں کا ذکر فرمایا تو ان کی بڑی تعریف کی آپ نے فرمایا کہ جب سورۂ نور کی آیت وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوبِهِنَّ اتری یعنی اپنی اوڑھنیوں کو اپنے گریبانوں پر ڈال کر رکھو۔ تو انصاری عورتوں نے دوپٹے جو کمر پہ باندھ رکھے تھے انہیں کھولنے کی بجائے جلدی میں پھاڑ ڈالا اور فوراً انہیں اس طرح اوڑھا کہ ان کے سر اور گریبان اندر ڈھنپ گئے۔

زمانہ جاہلیت میں عورتیں دوپٹے سروں پر ڈال کے ان کے دونوں پلّو سمیٹ کر کمر پہ باندھ لیتی تھیں گریبان ویسے ہی کھلے ہوتے تھے سینے پر دوپٹہ کا بل نہ آنے کی وجہ سے وہ اور بھی عریاں ہو جاتا تھا۔ اس آیتِ قرآنی نے آکر عورتوں کو پابند کیا کہ وہ دوپٹے کو سر پہ ڈال کر سینے کے اوپر سے اوڑھیں تاکہ ان کے گریبان اور سینے کے ابھار چھپ جائیں اور کسی شخص کے لئے فتنہ کا

Marfat.com

سبب نہ بنیں حضراتِ صحابیاتؓ نے اس کی تعمیل میں اتنی جلدی کی کہ دوپٹوں
کے اوپر جو پیٹی باندھ رکھی تھی جلدی کی وجہ سے اسے پھاڑ کر فی الفور دوپٹے
کھولے اوڑھنی کی صورت میں سر کے اوپر ڈالے اور کھیس کی طرح بُکل مار کر
سینوں کو ڈھانپ لیا حضرت ام سلمہؓ کہتی ہیں کہ جب یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ
جَلَابِیْبِهِنَّ والی آیت اتری یعنی اپنی چادروں کو سروں کے اوپر سے لٹکا
لیں مطلب یہ ہے کہ اپنی چادروں کا گھونگھٹ نکال لیں تاکہ ان کا چہرہ کوئی
نہ دیکھ سکے تو انصار کی عورتیں اس طرح باہر نکلتی تھیں جیسے ان کے سروں پر
کوے بیٹھے ہوں یعنی تمام عورتیں گھونگھٹ سے اپنے چہرے چھپا کر نکلا کرتی
تھیں ایک تو ان کی چال ہی بڑی باوقار ہوتی تھی دوسرے چہروں پر گھونگھٹ
تو ایسے لگتا تھا۔ جیسے ان کے سروں پر کوے بیٹھے ہوں پردہ کے متعلق یہ آیت
بالکل صریح ہے اُن کج طبع لوگوں کے لئے جو ہیر پھیر سے پردہ کا انکار کرنا
چاہتے ہیں اس آیت نے کوئی گنجائش ہی نہیں چھوڑی یہ تو کہا جا سکتا ہے کہ
بُرقع کا ثبوت نہیں مگر ہمیں بھی اس پر کوئی اصرار نہیں اصل مقصد ثابت ہے کہ
خواہ گھونگھٹ سے ہو یا کسی اور طریق سے عورت کو چہرہ کا پردہ کرنا ضروری ہے
بعض لوگ غلط فہمی سے یہ کہتے ہیں کہ ہاتھ اور چہرہ پردہ سے مستثنیٰ ہیں مگر ان کا

Marfat.com

یہ سمجھنا اس لئے صحیح نہیں کہ چہرہ کے متعلق تو پردہ کا حکم اسی آیت میں موجود ہے پھر کیسے
کہہ سکتے ہیں کہ چہرہ کا پردہ نہیں ہاں یہ صحیح ہے کہ چہرہ کا پردہ اپنے محرموں سے
نہیں ہے لیکن نامحرموں سے اگر چہرہ کا پردہ نہیں تو اور کس چیز کا پردہ ہے
چہرہ ہی تو نسوانی حسن کا نمائندہ ہوتا ہے اگر یہ کھلا ہوا ہو تو پردہ سے جن فتنوں
کا سدِ باب مقصود ہے وہ لازماً پیدا ہو کر رہیں گے اور ممکن نہیں کہ مرد اس سے
متاثر ہوئے بغیر رہ سکیں رہا برقعہ تو چونکہ چادریں سروں پر از خود ٹھہر نہیں سکتیں
اور گھونگھٹ کا ہر وقت ہاتھ سے سنبھالنا بھی مشکل ہے اس لئے اس کے
متبادل برقع بنا لیا گیا ہے جو اپنے آپ جسم پر ٹھہرا رہتا ہے اور اس میں پردہ
پوشی بھی زیادہ ہے جسم کا کوئی حصہ بھی ظاہر ہو کر مردوں کو دعوتِ نظارہ نہیں
دیتا اس لئے اس کے مستحسن ہونے میں کوئی شبہ نہیں جیسے دھوتی کی بہ نسبت
شلوار میں ستر پوشی زیادہ ہونے کی وجہ سے آج مردوں اور عورتوں سبھی کے لئے
شلوار کو اپنا لیا گیا ہے اور یہ اپنا ناستر کے لحاظ سے بالکل مستحسن امر ہے اگر چہ اس
میں مسنونیت کا ثواب نسبتاً کم ہوگا مگر مقصودِ سنت بہتر اور اعلیٰ طریق پر حاصل
ہو رہا ہے یہی حال برقع کا ہے اگر کوئی آج بھی اسی قدیم طریق پر گھونگھٹ نکال
کر پردہ کرنا چاہتا ہے تو چشم ما روشن دلِ ما شاد، اس کے لئے بالکل گنجائش ہے

لیکن گھونگھٹ کو سنبھالنے کے لئے جو ہاتھ باہر رہیں گے یا سینے کے جو نشانات نظر آتے رہیں گے مردوں کی حریص نگاہوں کو للچانے کے لئے وہی کافی ہوں گے اور بار بار سنبھالنے کا تکلف مفت میں رہے گا۔

## عورتوں کے لئے باریک لباس کی کراہت :-

حضرت عائشہ الصدیقہ رض فرماتی ہیں کہ اسماء بنت ابی بکر یعنی آپ کی بہن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں جب کہ اس نے باریک کپڑے پہن رکھے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھتے ہی چہرہ مبارک دوسری طرف پھیر لیا اور فرمایا اے اسماء عورت جب بالغ ہو جائے تو لائق نہیں ہے کہ ہاتھوں اور چہرہ کے سوا اس کے جسم کا کوئی حصہ (محرموں کو بھی) نظر آئے میں نے محرم کا لفظ اس لئے بڑھا دیا ہے کہ حضرت اسماء رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا رشتہ دار اور بہنوئی سمجھتے ہوئے بلا توقف چلی آئی ہوں گی۔ اور موٹا لباس پہننا ضروری خیال نہیں کیا ہو گا ورنہ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ غیر محرموں کے سامنے بھی اسی باریک لباس میں چلی جاتی ہوں گی۔

حضرت دحیہ کلبی رض کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مصر کے

Marfat.com

بنے ہوئے باریک کپڑے آئے آپ نے ان میں سے ایک مجھے بھی دے دیا فرمایا کہ اس کے دو ٹکڑے کر لینا ایک کی خود قمیص بنا لینا اور دوسرا اپنی بیوی کو دے دینا کہ وہ اس کی اوڑھنی بنا لے جب میں جانے لگا تو فرمایا اپنی بیوی سے کہنا کہ اس کے نیچے کوئی موٹا کپڑا جوڑ لے تاکہ سر کے بال اس میں سے ظاہر نہ ہوں اس حکم نبوی کی اہمیت وہ آوارہ عورتیں کیا سمجھ سکتی ہیں جنہوں نے دوپٹہ ہی سر سے اتار کر گلے میں ڈال لیا بلکہ بال بھی کترا کر مردوں جیسے پٹے بنا لئے۔

حضرت علقمہ رض کی والدہ کہتی ہیں کہ حفصہ بنت عبدالرحمٰن ایسی حالت میں ام المؤمنین حضرت عائشہ رض کے پاس گئیں جب کہ ان کے سر پر انتہائی باریک دوپٹہ تھا حضرت عائشہ رض نے دیکھتے ہی وہ دوپٹہ پھاڑ دیا اور اپنے پاس سے ایک موٹا دوپٹہ ان کو اوڑھا دیا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعض عورتیں برائے نام لباس پہنتی ہیں حقیقت میں تو وہ ننگی ہوتی ہیں ایسی عورتیں نہ تو جنت میں جا سکیں گی اور نہ ہی جنت کی خوشبو سونگھ پائیں گی۔ (بحوالہ بہشتی زیور حصہ ہفتم ص ۳۳)

اس روایت میں ان عورتوں کا بیان ہے جو انتہائی باریک غیر ساتر لباس پہنتی ہیں تاکہ وہ اپنے حسن اور زیبائش کا مظاہرہ کر سکیں انہیں اس وعید شدید

Marfat.com

سے ڈرنا چاہیئے کہ ان کا جنّت میں جانا تو درکنار جنّت کی خوشبو بھی ان پر حرام ہے عورت کا یہ باریک لباس پہننا اس وقت ممنوع یا مذموم ہے جبکہ ایسا لباس پہن کر دوسروں کے ہاں جانا ہو اور اگر اپنے گھر میں جہاں خاوند کے سوا اور کوئی اسے دیکھنے والا نہیں باریک لباس پہن لے تو کوئی ممانعت نہیں

## اندھوں سے بھی پردہ ضروری ہے

بے پردگی کی صورت میں جس طرح مرد کے جنسی جذبات کے مشتعل ہونے کا خطرہ ہوتا ہے اسی طرح عورتیں اگر مردوں کو آزادانہ تاکیں جھانکیں تو عورتوں کے بھی فتنہ میں مبتلا ہو جانے کا اندیشہ ہے اس لئے قرآن پاک نے مردوں اور عورتوں دونوں کو اپنی نگاہوں کی حفاظت کا حکم دیا ہے اور فرمایا کہ دلوں کی پاکیزگی معصیت سے بچاؤ کے لئے اپنی نگاہوں کو نیچی رکھو ارشادِ باری ہے

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذَالِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ○ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ ۔

یعنی اے نبی کریم صلی اللہ علیک وسلم آپ مومن مردوں اور مومن عورتوں سے کہہ

Marfat.com

دیجئے کہ وہ اپنی نگاہوں کو جھکا کے رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے لئے زیادہ پاکیزگی کا سامان ہے۔

اس آیت کے نزول کے بعد کا واقعہ ہے۔

حضرت ام سلمہؓ کہتی ہیں کہ میں اور حضرت میمونہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھیں کہ آپ نے نابینا صحابی حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم آگئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس سے پردہ کرلو ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا یہ اندھا نہیں ہے۔ جو ہمیں نہ دیکھ سکتا ہے نہ ہی پہچان سکتا ہے )

مطلب یہ ہے کہ یہ تو ہمیں دیکھ بھی نہیں سکتا پھر ہمیں پردہ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر وہ اندھا ہے تو کیا تم بھی اندھی ہو۔ تمہیں بھی نظر نہیں آتا۔

حاصل یہ کہ فتنے کا اندیشہ دونوں جانب سے ہوتا ہے یہ نہیں کہ مرد تو عورتوں کو نہ دیکھیں اور عورتیں مردوں کو بے تکلف تاڑتی پھریں ہماری عورتوں میں یہ جہالت عام ہے کہ وہ پردے کے پیچھے کھڑی ہو کر گلی اور بازاروں کا سب نظارہ دیکھتی ہیں خصوصاً جب کسی مرد کی گلی میں آواز آئی تو فوراً پردے کے ساتھ آلگیں اور غیر مرد کو دیکھنا شروع کر دیا کوئی تماشا کرنے والا آگیا تو اس سے پردے

Marfat.com

کے تکلف کی بھی ضرورت نہیں خداوند تعالیٰ ایسی عورتوں کو سمجھ دے کہ وہ بھی اپنی حدود پہچانیں امرِ الٰہی نے جس طرح مردوں کو نظریں نیچی رکھنے اور عورتوں کی طرف نہ دیکھنے کا پابند کیا ہے اسی طرح عورتوں کو بھی غیر مردوں کی طرف دیکھنے کی ہرگز اجازت نہیں دی اب یہاں دیکھئے کہ ایک طرف امہات المومنین ہیں اور دوسری طرف ایک نابینا امتی جو ایک لحاظ سے ان کا بیٹا ہے شخصیات کے تقویٰ وطہارت اور مقام و مرتبہ کو ملحوظ رکھا جائے تو ہرگز کسی قسم کی بے اعتدالی کا اندیشہ نہیں لیکن قانون بہرحال قانون ہے آپ نے قانون کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے ازواجِ مطہرات کو بھی پردہ میں چلی جانے کا حکم فرما دیا۔

## ہجڑوں اور اوباش عورتوں سے بھی پردہ ہے:

ہجڑوں اور اوباش عورتوں سے براہِ راست پردہ کی ضرورت نہیں لیکن یہ لوگ چونکہ غیر مردوں کے سامنے جا کر عورتوں کے حسن و جمال اور ان کی خوبی و کمال کو بیان کر کے ان کی نیتوں کو خراب کرنے کا سبب بن سکتے ہیں اسی طرح بدکردار عورتوں سے آزادانہ میل ملاپ سے چونکہ شریف عورتوں کے بھی متاثر ہو جانے کا اندیشہ ہے اس لئے اسلام کی پاکباز شریعت نے ان کو گھروں میں آنے کی

Marfat.com

اجازت نہیں دی۔

ام المومنین حضرت عائشہ الصدیقہؓ فرماتی ہیں کہ ایک ہیجڑا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خانہ اقدس میں آیا کرتا تھا۔ عام لوگ اسے نفسانی خواہشات سے پاک سمجھتے تھے ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو وہ بھی ازواج مطہرات کے پاس مانگنے کے لئے آیا ہوا تھا۔ اور طائف کی کسی حسین وجمیل عورت کا حلیہ اس شاعرانہ انداز میں بیان کر رہا تھا۔ کہ وہ جب آتی ہے تو پیٹ کی چار سلوٹوں کے ساتھ آتی ہے اور جب جاتی ہے تو آٹھ سلوٹوں کے ساتھ (کیونکہ پچھلی طرف سے دیکھیں تو دونوں پہلوؤں پر سلوٹوں کے چار چار سرے نظر آئیں گے) آپ نے فرمایا میرا تو خیال تھا۔ کہ یہ ایسی باتیں نہیں جانتا ہوگا آج کے بعد یہ گھروں میں ہرگز نہ آنے پائے اس واقعہ کے بعد لوگوں نے اسے گھروں میں آنے سے روک دیا۔

غضِ بصر کے متعلق جو آیت پیچھے بیان ہوئی ہے اسی میں آگے چل کر اللہ تبارک تعالیٰ فرماتے ہیں اَوْ نِسَآئِهِنَّ یعنی عورتوں کے مظاہر زینت جس میں زیورات اور خود عورتوں کے چہرے بھی داخل ہیں صرف اپنی عورتوں کے سامنے کھولے جا سکتے ہیں غیر عورتوں کے سامنے ان کے کھولنے کی اجازت نہیں کیونکہ غیر

Marfat.com

عورتوں سے بھی یہ خدشہ ہے کہ وہ اپنے مردوں کے سامنے جاکر بیان کریں گی تو شیطان کو شرارت کا موقع ملے گا۔

# انگوٹھی کی سنت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سرکاری ضرورت کے لئے انگوٹھی بنوائی تھی مختلف ممالک کے بادشاہوں کو جب دعوتِ اسلام دینے کے لئے آپ نے خطوط تحریر کروائے تو لوگوں نے کہا کہ بادشاہوں کی عادت ہے جب تک خطوط پر لکھنے والے کی مہر نہ ہو تو اسے قبول نہیں کرتے اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس کے نگینے میں ختم نبوت کی مہر تھی جس کی تحریر تین سطروں میں تھی پہلی میں اسم مبارک محمد دوسری میں رسول اور تیسری میں لفظِ اللہ بعض علماء کا خیال ہے کہ یہ سطریں نیچے سے اوپر کو تھیں سب سے اوپر لفظ اللہ اس کے نیچے رسول اور اس کے نیچے اسم مبارک صحیحین میں روایت ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی بنوائی تھی اور اسے داہنے ہاتھ میں پہنا تھا۔ پھر جب مردوں

Marfat.com

کے لئے سونا پہننے کی حرمت نازل ہو گئی) تو آپ نے اسے اتار پھینکا اور فرمایا
کہ کوئی دوسرا شخص میرا یہ نقش یعنی (محمد رسول اللہ) استعمال نہ کرے)
تاکہ خلط نہ ہو اور مہر لگانے کا مقصد فوت نہ ہو جائے۔

## انگشتری رسول کی برکت:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم انگوٹھی ہر وقت نہیں پہنتے تھے۔ بلکہ بسا اوقات
آپ کی یہ انگوٹھی حضرت معیقیب انصاری کے پاس رہتی تھی جب مہر لگانے
کی ضرورت ہوتی تو وہ حاضر کر دیتے بعد میں پھر ان کے پاس محفوظ کر دی جاتی
اسی وجہ سے حضرت معیقیبؓ کو محافظ انگوٹھی بھی کہا جاتا تھا یہ انگوٹھی ایک قسم کا
نقش سلیمانی تھی جو بڑی برکتوں اور رحمتوں کو اپنے حلقے میں لئے ہوئے تھی
خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یا آپ کے بعد جس جس کے پاس یہ رہی اس کا
دور آفات و حوادث سے بالکل محفوظ رہا لیکن جب یہ حرز امانی گم ہو گئی تو
مصائب و آفات نے مسلمانوں کو آ گھیرا غالباً ۶ھ میں یہ انگوٹھی طیار کرائی گئی
اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک چار سال یہ آپ کے قبضہ
میں رہی آپ کے بعد خلیفۂ اول حضرت ابو بکر صدیقؓ کے پاس ان کے زمانہ

Marfat.com

خلافت تک رہی ان کے بعد خلیفہ ثانی حضرت عمرؓ کے پاس ان کی شہادت تک رہی ان کے بعد خلیفہ ثالث حضرت عثمانؓ کے پاس تقریباً چھ سال رہی اور آپ کی خلافت کے وہی چھ سال امن وامان سے گزرے ازاں بعد ایک دن بیرِ ارلیس نامی ایک کنویں کے پاس کھڑے ہوئے حضرت معیقیب خلیفۃ المسلمین حضرت عثمان غنیؓ کو پکڑا رہے تھے کہ یہ ہاتھ سے گر کر کنویں کے اندر جا پڑی حضرت عثمان غنیؓ اس تبرکِ رسول کے کھوئے جانے سے بہت فکرمند ہوئے تین دن تک کنویں کا پانی نکلوایا اور ہر ممکن طریق سے اسے تلاش کرنے کی کوشش کی مگر چونکہ تقدیر کا پانسہ پلٹ چکا تھا۔ اس لئے یہ کوشش کامیاب نہ ہو سکی بس اس کی گم شدگی کے فوراً بعد حضرت عثمانؓ کی خلافت میں ہر طرف سے فتنوں نے ایسا سر اٹھایا جس کا سدِباب ممکن نہ ہو سکا اور یہی شورش بالآخر خلیفہ برحق کر دامادِ رسول حضرت عثمان ذی النورین کی شہادت پر منتج ہوئی۔

فانا للہ وانا الیہ راجعون

## انگوٹھی کس ہاتھ اور کس انگلی میں پہنی جائے :-

اس بارے میں روایات مختلف ہیں زیادہ تر روایات داہنے ہاتھ کے متعلق ہیں۔

Marfat.com

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

حماد بن سلمہؓ کہتے ہیں کہ میں نے ابن ابی رافع کو دیکھا جو اپنے داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہنے ہوئے تھے۔ میں نے ان سے پوچھا آپ ایسا کیوں کرتے ہو انہوں نے کہا میں نے عبداللہ بن جعفر کو دیکھا ہے انہوں نے بھی انگوٹھی داہنے ہاتھ میں پہن رکھی تھی۔ اور فرمایا کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی داہنے ہاتھ میں پہنا کرتے تھے اس کے برخلاف۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ آپ بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

علماء نے ان مختلف روایات کو کئی طریق سے جمع کیا ہے جن میں سے ایک صورت یہ ہے کہ عام طور پر تو آپ دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے۔ اور یہی آپ کی سنت ہے لیکن کبھی کبھار بیانِ جواز کے لئے آپ نے بائیں ہاتھ میں بھی پہنی ہے جیسے اس روایت سے معلوم ہوا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کی دو انگوٹھیاں ہوں ایک سادی اور ایک مہر والی۔ مہر والی تو آپ بائیں ہاتھ میں پہنتے تھے۔ کیونکہ دائیں ہاتھ کے ساتھ بائیں میں سے انگوٹھی نکال کر مہر لگانا آسان ہے لیکن سادے رنگ والی آپ دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے۔ کیونکہ وہ تو محض زینت کے لئے تھی۔ اور زینت

Marfat.com

کا دائیں ہاتھ ہی زیادہ مستحق ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عام طور پہ دائیں ہاتھ کی چھنگلیا (چیچی) میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔ جیسے بخاری شریف میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور فرمایا کہ ہم نے ایک انگوٹھی بنوائی ہے اور اس میں ایک نقش بھی کندہ کرایا ہے۔ یعنی محمد رسول اللہ پس تم میں سے ہرگز کسی کو اجازت نہیں کہ وہ میرا نقش اپنی انگوٹھی میں کھدوائے۔

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ مجھے اب تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چھنگلیا مبارک میں انگوٹھی کی وہ چمک نظر آرہی ہے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے منع فرمایا ہے کہ میں درمیانی اور شہادت والی انگلی میں انگوٹھی پہنوں۔

اسی طرح انگوٹھے کے متعلق بھی کسی روایت سے ثابت نہیں کہ آپ نے اس میں انگوٹھی پہنی ہو یا اس کی اجازت دی ہو۔ مگر یہ تفصیل مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے تمام انگلیوں میں انگوٹھی پہننا یکساں جائز ہے۔ لطیفے کی بات یہ ہے کہ انگوٹھے میں انگشتری پہننا بالکل ثابت نہیں لیکن اس کے باوجود ہمارے محاورے میں اس کو انگوٹھی کہتے ہیں یعنی انگوٹھے والی۔

Marfat.com

برعکس نہند نام زنگی کافور۔ والی بات ہے۔

آپ انگشتری کا نگینہ اندر کی طرف رکھتے تھے۔ کیونکہ اس طرح مہر مبارک ٹوٹنے اور بے ادبی سے محفوظ رہتی تھی اور زینت آپ کا مقصود نہ تھی۔ مگر عورتوں کا چونکہ مقصد ہی زینت ہے اس لئے انہیں نگینہ باہر کی طرف رکھنا بہتر ہے آپ نقش محمدؐ کے ادب کی وجہ سے استنجا جاتے وقت انگوٹھی اتار دیا کرتے تھے اسی سے علماء نے یہ مسئلہ نکالا ہے کہ اگر انگوٹھی میں کوئی مقدس نام کندہ ہو تو بیت الخلاء جاتے وقت اسے اتار دینا چاہیئے اسی طرح چلے جانا سخت مکروہ ہے۔

## جائز اور ناجائز انگوٹھی :

سونا چونکہ بہت مہنگی دھات ہے اور مہنگی زینت عورتوں کی ضرورت تو ہوسکتی ہے مردوں کی نہیں اس لئے کہ مردوں کو اس زیب و زینت اور عیش و تنعم کے چکر سے نکل کر میدان کارزار میں قدم رکھنا ہیں اگر مرد بھی سونے کی چمک دمک پر مفتوں رہیں تو جفاکوشی کا کام عورتیں تو کرنے سے رہیں اس لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے سونا مردوں کے لئے مطلقاً حرام کر دیا حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشمی شامی کپڑے جن میں نارنجی کی تصویریں بنی ہوتی

Marfat.com

تھیں اسی طرح زعفرانی رنگ کے کپڑے اور سونے کی انگوٹھی پہننے اور رکوع میں قرآن پڑھنے سے منع فرمایا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے ہاتھوں میں سونے کی انگوٹھی دیکھی اور اسے کھینچ کر اتار پھینکا پھر فرمایا تم میں سے کوئی شخص جہنم کے انگاروں کو پکڑ کر اپنے ہاتھ میں لے سکتا ہے؟ تو گویا مرد کے لئے سونا بھی جہنم کا انگارہ ہے جو اپنے ہاتھ کو جہنم میں جلانا چاہتا ہے وہ تو سونا پہن لے لیکن جسے جہنم کی آگ کا خوف ہے اور وہ ہاتھوں کو جہنم کی آگ سے بچانا چاہتا ہے اسے چاہئیے اپنے ہاتھوں کو سونے سے بچائے اسی واقعے میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چلے جانے کے بعد کسی نے انگوٹھی والے شخص کو کہا کہ اپنی انگوٹھی اٹھا لے اور اسے بیچ کر قیمت استعمال کر لینا تو اس شخص نے کمالِ غیرت سے جواب دیا جس انگوٹھی کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھینک دیا میں اسے کیسے اٹھالوں یہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے جذبۂ اتباعِ رسول کی ایک ادنیٰ مثال ہے۔ ورنہ اس قسم کی سینکڑوں مثالوں کے صحابۂ کرام کا روزنامچہ مزین ہے اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان کی نقل کی توفیق بخشے۔

حضرت ابوہریرہؓ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

جس شخص کو یہ پسند ہو کہ اپنے پیارے کو آگ کا کڑا پہنائے اسے چاہیئے کہ سونے کا کڑا پہنا دے اور جس شخص کو یہ پسند ہو کہ اپنے پیارے کو آگ کا طوق پہنائے تو وہ سونے کا طوق پہنا دے اور جسے پسند ہو کہ اپنے پیارے کو آگ کا کنگن پہنائے تو وہ سونے کا کنگن پہنا دے لیکن تم لوگ چاندی پر اکتفا کر کے اسی سے دل خوش کر لیا کرو۔

یعنی جو شخص لا محالہ انگوٹھی پہننا ہی چاہتا ہے اسے چاہیئے کہ چاندی کی پہن لے لیکن یہ بھی ایک مثقال (یعنی ساڑھے چار ماشہ) سے کم وزن کی ہونا چاہیئے جیسے آئندہ حدیث میں ہے۔

حضرت بریدہؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے شخص کو جس نے پیتل کی انگوٹھی پہن رکھی تھی فرمایا کہ مجھے تجھ سے بتوں کی بُو آ رہی ہے اس کے بعد آپ نے اس کی انگوٹھی اتار کر پھینک دی وہ شخص اس کے بعد پھر آیا تو اس نے لوہے کی انگوٹھی پہنی ہوئی تھی۔ آپ نے دیکھی تو فرمایا کہ میں تیرے اوپر دوزخیوں کا زیور دیکھ رہا ہوں پھر اس کی انگوٹھی اتار کر پھینکی اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ میں پھر کس چیز کی انگوٹھی پہنوں آپ نے فرمایا چاندی کی لیکن وہ بھی پوری مثقال کی نہ ہو۔

Marfat.com

اس حدیث کے پیشِ نظر علماء نے کہا ہے کہ پیتل لوہے اور ایسی ہی دوسری دھاتوں کی انگوٹھی تشبّہ بالکفار کی وجہ سے ناجائز ہے کیونکہ عام طور پہ ان کے بت اور کھانے پینے کے برتن بھی زیادہ تر ایسی دھاتوں کے ہوتے ہیں برتنوں میں اسی تشبّہ سے بچنے کے لئے مسلمانوں نے قلعی گری کو رواج دیا جبکہ ہندو قلعی بالکل نہیں کراتے اسی طرح سکھ بھی۔ اور یہی تقریباً ان کا شعار ہو گیا ہے۔ اب ایک طرف جہنّم کی ان سزاؤں پر غور کرو دوسری طرف ہمارے جاہلین کی بے پروائی کا اندازہ کرو جو اتنی سخت وعید کے باوجود بھی بے دھڑک سونے کی انگوٹھیاں پہنتے اور اپنے بچوں کو پہناتے ہیں ان احادیث کی رُو سے وہ انگوٹھیاں یا سونے کے زیور نہیں جسے پہنتے اور پہناتے ہیں بلکہ وہ نارِ جہنّم کے انگارے ہیں گویا انھوں نے اپنے آپ جہنّم کی آگ انگلیوں میں لپیٹ رکھی ہے یا از خود جہنّم کے طوق وسلاسل اپنے بچّوں کو پہنا رہے ہیں اس زیور کے حقیقتاً آگ ہونے میں کوئی شبہ نہیں یہ الگ بات ہے کہ اس جہان میں اس کا احساس نہیں ہوتا مگر پروردگارِ عالم کے نمائندے انبیاء کے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرما دیا وہ حرف بحرف صحیح ہو کر رہے گا [عاذا اللہ منھا] دنیا میں کوئی شقی القلب اپنے بچّے کے ہاتھ چولہے میں جلتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا تو

Marfat.com

آخرت کے بارے میں یہ بے حسی اور غفلت کیوں ہے درا صل آجکل کے رسمی مسلمانوں کا آخرت کی حقیقتوں پر یقین از حد کمزور ہو گیا ہے۔ وہ سمجھتے ہیں پتہ نہیں آخرت واقعی کوئی جہاں ہے بھی یا نہیں جب آئے گا دیکھا جائے گا۔ بقولِ کسے ؎

اب تو آرام سے گزرتی ہے ٭ عاقبت کی خبر خدا جانے

یہ عاقبت ہی کی تو خبر ہے جسے زبان وحی ترجمان نے بیان فرمایا ہے اور مسلمان وہ ہے جسے آپ کی باتوں پر اتنا محکم یقین ہو کہ پہاڑ ٹل جائیں تو ٹل جائیں مگر آپ کی بات ہرگز نہ ٹل سکے۔ اگر کسی کو یہ یقین حاصل نہیں یا وہ ایسا یقین کرنا ہی نہیں چاہتا تو پھر اس کے لئے مسلمان کہلانے کا تکلف محض بے جا ہے۔

## انگوٹھی کا حکم:

علامہ شامیؒ کے قول کے موافق بادشاہ قاضی اور دیگر وہ لوگ جن کو مہر لگانے کی ضرورت پڑتی ہے ان کے لئے تو مہر دار انگوٹھی مسنون ہے ان کے علاوہ عام لوگوں کے لئے جائز تو ہے لیکن خلافِ اولیٰ ہے اس لئے ترک کرنا بہتر ہے ابوداؤد وغیرہ میں غیر سلطان کے لئے انگوٹھی پہننے کی ممانعت بھی آئی ہے مگر چونکہ

Marfat.com


آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اکثر صحابہ کا پہننا ثابت ہے اور حضور کی اجازت بھی دوسری احادیث سے معلوم ہوتی ہے اس لئے اس ممانعت سے خلافِ اولیٰ ہی مراد ہو سکتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

## نعلین مبارک :-

پاؤں کی حفاظت کے لئے جوتے کا استعمال تو تمام قوموں میں قدیم زمانہ سے چلا آرہا ہے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک عرب میں اس شکل وہیئت کے جوتے نہیں پہنتے تھے جیسے ہمارے ہاں محض چمڑے کے تلوے پر دو یا چار تسمے لگا دیئے جاتے تھے کہا جا سکتا ہے کہ اس زمانے کا جوتا آجکل کی ہوائی چپل سے بہت زیادہ قریب تھا البتہ یہ نسبتاً آرام دہ ہے کیونکہ یہ انتہائی نرم پلاسٹک سے تیار کی جاتی ہے اور وہ سخت اور موٹے موٹے چمڑے سے بنایا جاتا تھا۔ اور چمڑا رنگنے کا معیار بھی اس وقت اتنا اعلیٰ نہ تھا کہ چمڑا ربڑ کی طرح بالکل نرم ہو جائے بلکہ بسا اوقات بغیر رنگائی کے صرف نمک اور دھوپ سے خشک کر کے اس سے جوتے بنا لئے جاتے حالانکہ بال اسی طرح اوپر کھڑے ہوتے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غالباً دونوں ہی

Marfat.com

# هٰذَا مِثَالُ نِعَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ




بر زمینے کہ نشان کف پائے تو بود

سالہا سجدہ گہ صاحب نظراں خواہد بود

Marfat.com

قسم کے جوتے استعمال فرمائے ہیں۔

# آپ کے نعلین یعنی جوتا مبارک کی بناوٹ

حضرت قتادہؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انسؓ سے پوچھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جوتا کیسا تھا۔ انہوں نے فرمایا ہر جوتے میں دو دو تسمے لگے ہوئے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتا میں دو دو تسمے تھے اور ہر ہر دوہرا تھا۔

عیسٰی بن طہمانؓ کہتے ہیں کہ ہمیں حضرت انسؓ نے دو جوتے نکال کر دکھائے جن پر بال نہیں تھے بعد میں ثابت نے مجھے بتلایا کہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتے تھے۔

بالوں کا خاص طور پر اس لئے تذکرہ کیا ہے کہ اس وقت بالعموم بالوں سمیت چمڑا اسکھا کر جوتے بنا لئے جاتے تھے۔ اور یہ جوتے چونکہ باقاعدہ دھوڑی کے بنے ہوئے تھے۔ اس لئے دیکھنے والوں کے لئے قابل تعجب تھے۔

عبید بن جریجؓ نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے کہا کہ میں ہمیشہ آپ کو سبتی جوتے پہنے ہوئے دیکھتا ہوں اس کی کیا وجہ ہے انہوں نے فرمایا کہ میں نے

Marfat.com

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے وہ بھی اسی طرح بغیر بالوں کے صاف شدہ چمڑے کے جوتے پہنتے تھے۔ اور اسی میں وضو فرماتے تھے اس لئے مجھے ایسے جوتے پہننا پسند ہے۔

جوتے میں وضو کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تلوے اور تسمے ہی تو ہوتے تھے جن کے خراب ہونے کا کوئی اندیشہ نہ تھا اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بسا اوقات بیان جواز کے لئے جوتے پہنے پہنائے اوپر پانی ڈال کر دھولئے جیسے آجکل ہوائی چپلوں میں یہ سہولت ہے کہ اتارنے کی ضرورت نہیں اور گیلے ہونے سے ان کا کچھ بگڑتا نہیں۔

بمقامے کہ نشانِ کفِ پائے تو بود

سالہا سجدۂ صاحب نظراں خواہد بود

ترجمہ: جس جگہ آپ کے قدموں کے نشانات ہوں صاحب نظر لوگ سالہا سال تک وہاں سجدہ ریزی کرتے رہیں گے۔

## جوتا پہننے کی کیفیت

جوتا پہننا چونکہ فضیلت کی چیز ہے اور دایاں پاؤں فضیلت کا زیادہ مستحق

Marfat.com

ہے اس لئے آپ نے فرمایا پہلے دائیں پاؤں میں جوتا پہنو پھر بائیں میں اور جوتا اتارنا چونکہ ایک قسم کا شرف سے خالی ہوتا ہے اس لئے فرمایا پہلے بائیں پاؤں سے جوتا اتار پھر دائیں سے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جب کوئی جوتا پہنے تو پہلے دائیں میں پہنے پھر بائیں میں اور اتارے تو پہلے بائیں سے اتارے پھر دائیں سے۔

ایک پاؤں میں جوتا پہن کر اور دوسرے سے ننگے چلنا چونکہ بہت معیوب سا معلوم ہوتا ہے اور انسان کے گھٹیا پن پر دلالت کرتا ہے اس لئے آپ نے اس سے منع فرما دیا۔

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص ایک جوتے میں نہ چلے یا تو دونوں پہنے یا دونوں اتار دے۔

یعنی ایک پاؤں میں کسی زخم کی وجہ سے جوتا نہ پہنا جا سکتا ہو یا ایک جوتا ٹوٹ جانے کی وجہ سے ایک ہی رہ گیا ہو۔ یا ایک گم ہو گیا ہو تو بہر صورت دوسرا بھی نہیں پہننا چاہیے بلکہ اس سے تو بہتر ہے کہ ننگا چلے تاکہ دیکھنے والوں کے لئے مذاق تو نہ بنے۔

Marfat.com

# خانۂ اطہر

میں مناسب سمجھتا ہوں کہ مسکن مبارک کے متعلق اپنے طور پر کچھ لکھنے کی بجائے وہ مضمون بعینہٖ نقل کردوں جو علامہ شبلیؒ نے سیرت النبی میں اس مقام پر لکھا ہے کیونکہ وہ بہت جچا تلا اور اپنے موضوع پر کافی وافی ہے:۔

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کم سن تھے کہ والدین کا سایہ سر سے اٹھ گیا اپنے دادا اور چچا کے گھر میں پرورش پائی اور یہیں سن رشد کو پہنچے پچیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہؓ سے شادی کی یہ تحقیق طور پر نہیں معلوم کہ اس کے بعد آپ اپنے موروثی مکان میں اقامت فرمائی یا حضرت خدیجہؓ ہی کے گھر رہے لیکن آپ کے حصہ کا ایک پدری مکان مکہ میں موجود تھا۔ جس پر عقیلؓ نے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد اور حضرت علیؓ کے حقیقی بھائی تھے اور اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ قبضہ کر لیا تھا چنانچہ فتح مکہ کے موقع پر جب آپ مکہ تشریف لائے تو لوگوں نے پوچھا یارسول اللہ علیک وسلم آپ کہاں قیام فرمائیں گے کیا اپنے دولت خانہ پر ٹھہریں گے آپ نے فرمایا عقیل نے ہمارے لئے کہاں چھوڑا مدینہ منورہ میں تشریف آوری کے بعد چھ مہینے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

حضرت ابوایوب انصاریؓ کے گھر قیام فرما رہے اس اثنا میں آپ تنہا تھے۔ اہل دعیال مکہ ہی میں تھے۔ جب آپ نے مسجد نبوی کی بنیا د ڈالی تو اسی کے اطراف میں چھوٹے چھوٹے حجرے طیار فرمائے اور اس وقت آپ نے آدمی بھیج کر مکہ سے اہل وعیال کو بلوایا اور انہی حجروں میں اتارا آخری ایام میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نو بیویاں تھیں اور الگ حجروں میں رہتی تھیں جن میں نہ صحن تھے نہ دالان تھے نہ ضرورت کے الگ الگ کمرے تھے۔ ہر حجرہ کی وسعت عموماً چھ سات ہاتھ سے زیادہ نہ تھی۔ دیواریں مٹی کی تھیں جو اس قدر کمزور تھیں کہ ان میں شگاف پڑ گیا تھا۔ اس کے اندر سے دھوپ آتی تھی چھت کھجور کی شاخوں اور پتوں سے بنائی گئی تھی۔ بارش سے بچنے کے لئے بال کے کمبل لپیٹ دیئے جاتے تھے۔ بلندی اتنی تھی کہ آدمی کھڑا ہو کر چھت کو ہاتھ سے چھو سکتا تھا۔ گھر کے دروازوں پر پردہ ایک پٹ کا کواڑ ہوتا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باری باری ایک ایک شب ایک ایک حجرہ میں بسر فرماتے تھے۔ دن کو عموماً اصحاب کی مجلس میں تشریف رکھتے جو گویا ان حجروں کا صحن یا گھر کی مردانہ نشست گاہ تھی۔ ان حجروں کے علاوہ ایک بالاخانہ بھی تھا۔ جس کو احادیث میں مشربہ کہا گیا ہے ۹ھ میں جب آپ نے ایلا کیا تھا اور نیز گھوڑے پر سے گر کے چوٹ کھائی

Marfat.com

تھی۔ تو ایک مہینہ اسی پر اقامت فرمائی اس بالاخانہ پر سامانِ آرائش کیا تھا ایک چٹائی کا بستر چمڑے کا ایک تکیہ جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی۔ اور اِدھر اُدھر چند کھالیں لٹکی ہوئی تھیں کاشانۂ نبوت گو انوارِ الٰہیہ کا مظہر تھا۔ تاہم اس میں رات کو چراغ تک نہیں ہوتا تھا۔ گھر کی دنیاوی اور ظاہری آرائش بھی پسندِ خاطر نہ تھی۔ ایک بار حضرت عائشہؓ نے دیواروں پر دھاری دار رنگین کپڑے منڈھ دیئے تو آپ سخت ناراض ہوئے ہم کو اینٹ اور پتھر کو لباس پہنانے کے لئے لباس نہیں دیا گیا۔ یہ حجرہ ہائے مبارک آپ کی وفات کے بعد ازواجِ مطہرات کے قبضہ میں رہے ان میں سے جب کسی کا انتقال ہو جاتا تو وہ حجرہ ان کے اعزہ کی اعزہ کی ملکیت میں چلا جاتا جن سے حضرت معاویہؓ نے اپنے زمانۂ خلافت میں اکثر حجروں کو خرید لیا تھا۔ حضرت عمرؓ کے عہد تک یہ تمام حجرے اپنے حال پر قائم رہے حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں بعض حجرے توڑ کر مسجد نبوی میں داخل کر لئے گئے تاہم ولید بن عبدالملک کے زمانہ تک بہت سے حجرے باقی تھے ۸۸ھ میں جب حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ مدینہ کے والی تھے۔ تمام حجرے بجز حجرۂ عائشہؓ کے کہ وہ مدفنِ نبوی ہے توڑ کر مسجد نبوی میں ملا دیئے گئے جس دن یہ حجرے ٹوٹے ہیں تمام مدینہ میں کہرام مچا ہوا تھا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک

Marfat.com

اور یادگار مٹ گئی۔"

## حضور علیہ السلام کا بستر

ہم نیند کے ماتوں اور غفلت کے ماروں کے لئے تو بستر جتنا نرم اور گداز ہو اتنا ہی پسندیدہ ہے کیونکہ ہمارا مقصد تو گہری نیند اور بے کھٹک آرام ہے خواہ عمر عزیز کی کتنی ہی پونجی نیند کی صورت میں برباد ہوتی رہے۔ لیکن حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو جو ساری دنیا کو غفلت کی نیند سے بیدار کرنے اور حق سے گریزاں بندوں کو اپنے آقائے ذوالجلال کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑے کرنے کے لئے آئے تھے ایسے آرام دہ قیمتی بستر نرم و گرم گدے اور گدگے تکئے بھلا کیونکر بھا سکتے تھے انہوں نے تو ساری رات یا رات کا بیشتر حصہ پروردگار عالم کے سامنے سجدہ ریزی کرنے اور آہ وزاری میں گزارنا تھا۔ وہ قالینوں اور ریشمی گدوں کے کیسے روادار ہو سکتے تھے۔ آپ کا بستر نبوت کھجور کی چھال بھرے ہوئے چمڑے کا یا سادہ ٹاٹ کا ہوتا تھا۔ جس پر نیند تو دبے سے آئے لیکن جاگنے میں سہولت ہو جیسے۔

حضرت عائشہ الصدیقہ رض روایت کرتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کے سونے اور آرام فرمانے کا بستر چمڑہ کا ہوتا تھا۔ جس میں کھجور کی چھال بھری ہوتی تھی۔ اور

حضرت حفصہؓ سے پوچھا گیا کہ آپ کے گھر حضور کا بستر کیسا تھا۔ تو انہوں نے فرمایا کہ ایک ٹاٹ تھا جسے ہم دوہرا کر کے حضور علیہ السلام کے نیچے بچھا دیتے تھے۔ اور آپ اس پر سو جاتے تھے۔

حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ فرماتے ہیں کہ متعدد احادیث میں یہ مضمون وارد ہے کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم جب بھی نرم بستر بنانے کی درخواست کرتے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ کہ مجھے دنیاوی راحت و آرام سے کیا کام میری مثال تو اس راہ گیر جیسی ہے۔ جو چلتے چلتے راستہ میں ذرا آرام لینے کے لئے کسی درخت کے سایہ میں بیٹھ گیا ہو اور تھوڑی دیر بیٹھ کر پھر آگے چل دے۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک دفعہ ایک انصاری عورت آئیں انہوں نے حضور علیہ السلام کا بستر دیکھا کہ پہننے کی عبا نیچے بچھا رکھی ہے اس نے واپس جا کر ایک بستر طیار کیا جس کے اندر اون کی بھرتی کی اور حضور علیہ السلام کے واسطے میرے پاس بھیج دیا حضور تشریف لائے تو اسے رکھا ہوا دیکھا دریافت

فرمایا کہ یہ کیا ہے میں نے عرض کر دیا کہ فلاں انصاری عورت آئی تھیں انہوں نے آپ کا بستر دیکھ کر یہ بنوا بھیجا ہے حضور نے ارشاد فرمایا کہ اسے واپس کر دو۔ مجھے وہ اچھا لگتا تھا۔ اس لئے واپسی کو دل نہیں چاہتا تھا۔ مگر حضور علیہ السلام نے باصرار فرمایا کہ اللہ کی قسم اگر میں چاہوں تو حق تعالیٰ میرے لئے سونے اور چاندی کے پہاڑ مسخر کر دیں (یعنی میرے ساتھ ساتھ چلیں) حضور علیہ السلام کے اس ارشاد پر میں نے وہ واپس کر دیا۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا حضور ایک بوریئے پر آرام فرما رہے تھے۔ جس کے نشانات حضور کے بدن اطہر پر ظاہر ہو رہے تھے میں یہ دیکھ کر رونے لگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا بات ہے کیوں رو رہے ہو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ قیصر وکسریٰ تو ریشم اور مخمل کے گدوں پر سوویں اور آپ اس بوریئے پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رونے کی بات نہیں ان کے لئے دنیا ہے اور ہمارے لئے آخرت۔

حضرت حفصہؓ فرماتی ہیں کہ ایک روز مجھے خیال ہوا کہ جو ٹاٹ دوہرا کر کے آپ کے نیچے بچھایا جاتا ہے اسے چوہرا کر دوں تو ذرا اور نرم ہو جائے گا میں نے

Marfat.com

چوہرا کر کے بچھا دیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کو دریافت فرمایا کہ رات میرے نیچے کیا چیز بچھائی تھی۔ میں نے عرض کیا وہی روزمرہ کا بستر تھا صرف اسے دوہری کی بجائے چوہرا کر دیا تھا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا اسے پہلے کی طرح دوہرا ہی رہنے دو۔ رات اس کی نرمی میری تہجد کے لئے رکاوٹ بن گئی (یعنی بستر کی نرمائی کی وجہ سے تہجد کے لئے آنکھ نہیں کھلی یا کھلی تو سہی مگر بہت دیر سے اللہ اللہ یہ اس شخص کی حالت ہے جس کی نیند بھی عبادت اور جس کے خواب بھی وحی الٰہی کا درجہ رکھتے تھے۔ مگر ہم گنہ گار امتی جن کی عبادتیں بھی معصیت اور بے ادبی سے کم نہیں اور جن کے خواب اضغاث احلام سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں رکھتے اپنے لئے راحت وآرام اور عیش وتنعم کے اسباب ڈھونڈتے میں محو رہیں خداوند تعالیٰ ہمیں بھی آپ کے اتباع کی توفیق بخشے۔

آج ہم میں سے معمولی لوگوں کے گھروں میں چار افراد ہوں تو دس بستر ضرور ہوتے ہیں ہر ایک کے لئے علیحدہ بستر اور پھر مہمان کے لئے اور کچھ ہمسایوں پر اپنی بڑائی کا رعب جھاڑنے کے لئے کہ یہ لوگ کتنے خوش نصیب ہیں جنہوں نے بستروں کی پیٹی بھر رکھی ہے مگر اب ذرا فرمان رسول بھی سنئے۔

Marfat.com

ابوداؤد میں حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بستروں کا ذکر کیا تو فرمایا۔ ایک بستر مرد کا ایک عورت کا ایک مہمان کا اور چوتھا شیطان کا۔

یعنی افرادِ خانہ اور مہمان کی ضرورت سے زائد جو بستر ہیں وہ چونکہ اپنی بڑائی اور دولت مندی کا مظاہرہ کرنے کے لئے شیطان ہی کے اشارہ سے بنائے گئے ہیں اس لئے وہ شیطان کے ہیں۔

Marfat.com

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

باب سوم

# اسوۂ رسولؐ

خورد و نوش میں

Marfat.com

## خوراک میں اسوۂ رسولؐ :-

خوراک جسمِ انسانی کی تقویت اور بقاء حیات کے لئے بہت ضروری چیز ہے اس لئے قرآن پاک میں ہر طرح کی حلال چیزیں کھانے کی عام اجازت دے دی گئی ہے۔

كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا اللهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْن

یعنی جو بھی پاکیزہ چیزیں ہم نے تمہیں عنایت کی ہیں انہیں بے جھجک کھاؤ لیکن شرط یہ ہے کہ کھا پی کے ڈکار نے نہ لگو بلکہ رازقِ حقیقی کا شکر ادا کرو اگر صرف اسی کے عبادت گزار بننا چاہتے ہو۔

گویا کھانے پینے کے بعد اگر تمہیں خدا کا شکر ادا کرنے کی توفیق ہو جائے تو یہ کھانا بھی تمہارا عبادت میں شمار ہو گا لیکن جب اس میں کام و دہن اور نفس و بطن کی بے لگام خواہشیں داخل ہو جائیں تو دسترخوان کی رنگا رنگی اور انواع و اقسام کے بیش بہا کھانے عبادت اور حدِ جواز سے گزر کر اسراف اور معصیت بھی بن جاتے ہیں اس لئے فرمایا کہ

كُلُوا وَاشْرَبُوا وَلَا تُسْرِفُوا اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ۔

Marfat.com

کہ کھاؤ پیو تو سہی لیکن اسراف اور فضول خرچی نہ کرو کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ فضول شاہ خرچوں کو پسند نہیں کرتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوراک تو محض اس لئے تھی کہ قدرت نے پیٹ کا جو طبعی ضابطہ بنا رکھا ہے وہ پورا ہوتا رہے اور اس کی وجہ سے عبادت کے لئے پشت سیدھی کرنے میں مدد ملے وہاں لذت کام و دہن کا تو سوال ہی نہ تھا لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ کا تاج اگرچہ آپ کے سر پر مزین تھا تاہم اختیاری طور پر آپ نے فقر و فاقہ کی چادر اوڑھ رکھی تھی۔ جس کی بنا پر مہینوں آپ کے گھر میں چولہا نہیں جلتا تھا ساری کائنات جس کے اعزاز میں پیدا کی گئی اس کو زندگی بھر کبھی جو کی روٹیوں سے بھی مسلسل دو دن پیٹ بھرنا نصیب نہ ہوا بلکہ وہ تو بھوک کی شدت سے مجبور ہو کر اپنے پیٹ پر پتھر باندھے پھرتا تھا۔ بارہا ایسا ہوتا کہ آپ چاشت کے وقت گھر آ کر پوچھتے کچھ کھانے کو ہے اگر جواب ملتا کچھ نہیں تو فرماتے چلو پھر آج ہمارا روزہ سہی کھانے پینے کی اس قدر تنگی کے باوجود خورد و نوش میں آپ کے جو مرغوبات و معمولات تھے۔ علامہ شبلی کے الفاظ میں یہ ہیں۔

## سیرت النبی سے اقتباس :۔

"اگرچہ ایثار و قناعت کی وجہ سے لذیذ اور پُرتکلف کھانے کبھی نصیب نہ ہوتے

یہاں تک کہ جیسا صحیح بخاری کتاب الاطعمہ میں ہے تمام عمر آپ نے چپاتی کی صورت تک نہیں دیکھی تاہم بعض کھانے آپ کو نہایت مرغوب تھے۔ سرکہ شہد حلوہ روغنِ زیتون کدو خصوصیت کے ساتھ پسند تھے۔ سالن میں کدو ہوتا تو پیالہ میں اس کی قاشیں انگلیوں سے ڈھونڈتے۔

ایک دن حضرت ام ہانی رض کے گھر تشریف لے گئے اور پوچھا کچھ کھانے کو ہے بولیں کہ سرکہ ہے فرمایا جس گھر میں سرکہ ہو اسے نادار نہیں کہہ سکتے۔ عرب میں ایک کھانا ہوتا ہے جسے حیس کہتے ہیں یہ گھی میں پنیر اور کھجور ڈال کر پکایا جاتا ہے آپکو یہ بہت مرغوب تھا۔ ایک دفعہ حضرت امام حسن علیہ السلام اور عبداللہ بن عباس رض سلمیٰ کے پاس گئے اور کہا کہ آج ہم کو وہ کھانا پکا کر کھلاؤ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت مرغوب تھا۔ بولیں تم کو وہ کیا پسند آئے گا؟ ان لوگوں نے اصرار کیا تو انہوں نے جو کا آٹا پیس کر ہانڈی میں چڑھا دیا اوپر سے روغنِ زیتون اور زیرہ اور کالی مرچیں ڈال دیں پک گیا تو لوگوں کے سامنے رکھا اور کہا یہ آپ کی محبوب ترین غذا تھی۔ گوشت کے اقسام میں سے آپ نے دُنبہ ٹیر (حباری) اونٹ بکری بھیڑ گورخر خرگوش اور مچھلی کا گوشت کھایا ہے۔ دست (دستی) کا گوشت بہت پسند تھا۔ شمائل ترمذی میں حضرت عائشہ رض کا قول نقل کیا ہے کہ دستی کا

Marfat.com

گوشت فی نفسہٖ آپ کو چنداں مرغوب نہ تھا۔ بات یہ تھی کہ کئی کئی دن تک گوشت نصیب نہیں ہوتا تھا۔ اس لئے جب کبھی مل جاتا تو آپ چاہتے تھے کہ جلد پک کر تیار ہو جائے دستی کا گوشت جلدی گل جاتا ہے اس لئے آپ اسی کی فرمائش کرتے لیکن متعدد روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ یوں بھی آپ کو یہ گوشت پسند تھا۔ تربوز کو کھجور کے ساتھ ملا کر کھاتے تھے۔ پتلی ککڑیاں پسند تھیں ایک دفعہ معوذ بن عفرا کی صاحبزادی نے کھجور اور پتلی ککڑیاں خدمت میں پیش کیں۔

بعض اوقات روٹی کے ساتھ کھجور تناول فرمائی ہے ٹھنڈا پانی نہایت مرغوب تھا۔ دودھ کبھی خالص نوش فرماتے کبھی اس میں پانی ملا دیتے کشمش کھجور انگور پانی میں بھگو دیا جاتا کچھ دیر کے بعد وہ پانی نوش جاں فرماتے کھانے کے ظروف میں ایک لکڑی کا پیالہ تھا جو لوہے کے تاروں سے بندھا ہوا تھا۔ روایت میں اسی قدر ہے قرینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ٹوٹ گیا ہوگا اس لئے تاروں سے جوڑ دیا گیا۔

دسترخوان پر جو کھانا آتا اگر ناپسند ہوتا تو اس میں ہاتھ نہ ڈالتے لیکن اس کو بُرا نہ کہتے جو سالن سامنے ہوتا اسی میں ہاتھ ڈالتے ادھر ادھر ہاتھ نہ بڑھاتے اور اس سے اوروں کو بھی منع فرماتے کھانا کبھی مسند یا تکیہ پر ٹیک لگا کر نہ کھاتے اور اس کو ناپسند فرماتے میز یا خوان پر کبھی نہیں کھایا خوان زمین سے کسی قدر اونچی میز

ہوتی تھی۔ عجم اس پر کھانا رکھ کر کھاتے تھے۔ چونکہ یہ بھی فخر اور امتیاز کی علامت تھی یعنی امرا اور اہلِ جاہ کے ساتھ مخصوص تھی۔ اس لئے آپ نے اس پر کھانا پسند نہیں فرمایا۔ کھانا صرف انگلیوں سے کھاتے گوشت کو کبھی کبھی چھری سے کاٹ کر بھی کھاتے (یعنی جب ٹکڑا بہت بڑا ہوتا) صحیح بخاری میں یہ روایت موجود ہے۔ ابوداؤد میں ایک حدیث ہے کہ گوشت چھری سے نہ کاٹو کیونکہ یہ اہلِ عجم کا شعار ہے لیکن ابوداؤد نے خود اس حدیث کو ضعیف کہا ہے اس حدیث کے راوی ابوالعشر نجیح ہیں جن کی نسبت بخاری نے لکھا ہے کہ وہ منکر الحدیث ہیں اور انہی منکرات میں حدیثِ مذکور بھی ہے۔

## کھانے کے آداب :-

امام بخاریؒ نے حضرت عمرؓ بن ابی سلمہ سے روایت کیا ہے کہ میں لڑکپن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آغوشِ تربیت میں تھا۔ اور میرا ہاتھ سالن کے برتن میں گھوم رہا تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لڑکے بسم اللہ پڑھ کر اپنے داہنے ہاتھ کے ساتھ اپنے آگے سے کھاؤ بس اس کے بعد سے میں نے اسی طرح کھانا شروع کر دیا۔

بخاری شریف میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا نام لے کر کھاؤ اور ہر شخص اپنے بالکل آگے سے کھائے۔

حضرت کعب بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین انگلیوں سے کھایا کرتے تھے جنہیں بعد میں چاٹ لیتے تھے۔

یعنی کھانے میں جاہلوں کی طرح سارا ہاتھ نہیں بھرتے تھے۔ کیونکہ بعض دیکھنے والوں کو کراہت ہوتی ہے اور ویسے بھی یہ ایک قسم کی بدتمیزی سی معلوم ہوتی ہے کہ بے صبری کے ساتھ سارے ہاتھ کھانے میں بھرلے اور بعد میں انگلیاں اس لئے چاٹ لیتے تھے کہ ان پر کھانے کے جو ذرات لگے ہوئے ہیں ان کی بے ادبی نہ ہو اور چاٹتے وقت دانتوں سے جو تھوک نکل کر معدے میں جاتا ہے وہ ہاضمے کے لئے مددگار رہتا ہے۔ یہ تین انگلیاں انگوٹھا انگشتِ شہادت اور درمیانی انگلی ہوتی تھیں۔

ابو جحیفہؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ٹیک لگا کر کھانا نہیں کھاتا۔

حضرت عمر بن ابی سلمہؓ کہتے ہیں کہ میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا جبکہ آپ کے سامنے کھانا رکھا ہوا تھا۔ آپ نے فرمایا بیٹے آگے ہو جاؤ اور

Marfat.com

بسم اللہ پڑھ کر اپنے آگے سے کھاؤ۔

حضرت عائشہ رضہ فرماتی ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی شخص کھانا کھاتے وقت بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو کھانے کے دوران اسے جب یاد آئے تو وہ بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ پڑھ لے۔

حضرت ابو ہریرہ رضہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھانے میں کبھی عیب نہیں نکالتے تھے اگر پسند ہوتا تو کھا لیتے ناپسند ہوتا تو نہ کھاتے۔

حضرت انس بن مالک رضہ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چاہتا ہو کہ اس کے گھر میں خیر و برکت ہو تو اسے چاہیئے کہ کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد بھی وضو کرے۔

تو گویا اسلامی آداب میں سے یہ ہے کہ کھانے سے پہلے صرف ہاتھ دھونے پر اکتفا نہ کرے بلکہ پورا وضوء کرے اور اگر اتنا تکلف نہ کر سکتا ہو تو کم از کم ہاتھ تو ضرور دھو لے اور کھانے کے بعد وضوء کرنے سے مراد غالباً ہاتھ منہ دھو لینا ہے تاکہ کھانے کی چکناہٹ جاتی رہے۔

حضرت عبداللہ بن کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بکری کا ہدیہ پیش کیا گیا (یعنی بھنی ہوئی) آپ دوزانو ہو کر بیٹھ گئے اور کھانے لگے

Marfat.com

ایک بدوی کہنے لگا اس طرح بیٹھنے کی کیا تُک ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے عاجز بندہ بنایا ہے (مغرور و متکبر نہیں بنایا) یعنی اللہ تعالیٰ کی خلقت کے مطابق میں عاجزی اور انکساری کو پسند کرتا ہوں کھانا کھانے کا وقت چونکہ اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت سے لطف اندوز ہونے کا وقت ہوتا ہے اس لئے اس وقت شکر گزاری اور احسان مندی کا اظہار کرنے کے لئے اپنی ظاہری حالت کو بھی بندوں اور غلاموں جیسی بنانا چاہیئے تاکہ رزاقِ حقیقی خوش ہو کر اور زیادہ عطا کرے نہ یہ کہ آج کل کے انسان نما ڈنگروں کی طرح میزوں کے ارد گرد گھوم پھر کر کھایا جائے جیسے چوپائے اپنی کھرلیوں پر کھڑے ہو کر کھاتے ہیں یہ تو مویشیوں سے بھی گئی گزری بات ہے کہ وہ تو جہاں بندھے ہوئے ہوں اسی کھرلی پر کھڑے ہو کر کھا لیتے ہیں مگر ہمارے یہ انگریز کے فیض یافتہ صاحب بہادر تو ہر پلیٹ کا چمچہ بننے کے لئے ساری میزوں کا طواف کرتے ہیں چلتے بھی رہتے ہیں اور ادھر اُدھر منہ بھی مارتے جاتے ہیں گویا آج کی ترقی یافتہ انسانیت پھر اسی جہالت کے قریب پہنچ گئی ہے جس کے ایک نمائندے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹھ کر کھانے پر اعتراض کیا تھا۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے ——— مولانا غلام غوث ہزاروی مدظلہ

Marfat.com

کو جنہوں نے اس رسم بد کو توڑ کر بیٹھ کر کھانے کی سنت رسول کو زندہ کیا۔ آپ اسلام آباد میں اپنی نواسی کے نکاح کی تقریب میں شریک ہوئے لڑکا جو دارالحکومت میں کسی محکمہ کا ڈائریکٹر ہے اس نے ماحول کے مطابق کھڑے ہو کر کھانے کا انتظام کر رکھا تھا۔ صرف حضرت مولانا ہزاروی اور ان کے دو ایک ساتھیوں کے لئے کرسیوں کا انتظام کیا گیا تھا۔ جب مولانا کو پتہ چلا کہ تمام مہمانوں کو سنت رسول اور اسلامی تہذیب کے برخلاف کھڑے کر کے کھانا کھلایا جائے گا تو آپ نے فرمایا لعنت ہے ایسے کھانے پر یا تو سب کے لئے بیٹھ کر کھانے کا انتظام کیا جائے یا پھر مجھے جانے دیجئے کہ میں انسانیت کی یہ تذلیل برداشت نہیں کر سکتا کہ اچھے بھلے انسانوں کو چوپایوں کی طرح کھڑے ہو کر کھانے پر مجبور کیا جائے۔ چنانچہ حضرت مولانا کے اس کلمۂ حق کی وجہ سے بڑے بڑے صاحب بہادروں نے پوری طرح سنت رسول کے مطابق تو نہیں البتہ حد جواز کے اندر کرسیوں پر بیٹھ کر کھانا کھایا حق تعالٰی ہمیں بھی مولانا کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ہر رسم بد کے خلاف جہاد کرنے اور متروکہ سنتوں کو زندہ کرنے کی توفیق بخشے۔

**نوٹ:**۔ بعض ناعاقبت اندیش حضرات کھڑے ہو کر کھانے کے جواز میں اس حدیث سے سہارا لیتے ہیں جس میں آتا ہے کہ کنا نمشی ونا کل وکنا نسعی وناکل

یعنی ہم چل بھی رہے ہوتے تھے اور کھاتے بھی جاتے تھے اور ہم دوڑ رہے ہوتے تھے اور کھاتے بھی جاتے تھے۔ سوال کی غلط فہمی دور کرنے کے لئے گزارش ہے کہ صحابہ کرام کے یہ الفاظ جہاد اور سفر پر محمول ہیں جبکہ ٹھہرنے اور بیٹھنے کی گنجائش نہیں ہوتی اور مجاہدین مجبور ہوتے ہیں کہ کھڑے کھڑے اور چلتے چلتے ہی کوئی چیز حلق سے اتار لیں تاکہ زیادہ کمزوری نہ ہو جائے۔

حضرت سالمؓ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوندھے لیٹ کر کھانے سے منع فرمایا ہے۔

خلافِ سنت ہونے کے علاوہ اس طرح کھانے سے بیمار ہونے کا اندیشہ ہے کیونکہ لیٹنے کے وقت معدہ اپنی طبعی حالت پر نہیں ہوتا ایسے وقت جو چیز اس میں پہنچائی جائے گی وہ اپنی قدرتی جگہ حاصل نہیں کر سکتی اس لئے تکلیف کا سبب بن سکتی ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے ہر کسی کو چاہیئے داہنے ہاتھ کے ساتھ کھائے داہنے ہاتھ کے ساتھ پیے داہنے ہاتھ کے ساتھ پکڑے اور داہنے ہاتھ کے ساتھ پکڑائے اس لئے کہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے بائیں سے پیتا ہے۔ بائیں سے دیتا ہے اور بائیں

Marfat.com

سے لیتا ہے۔

اس کے برعکس آج کل ہمارے ہاں بائیں ہاتھ سے کھانے پینے کو مہذب اور ماڈرن ہونے کی دلیل سمجھا جاتا ہے سچ ہے کہ جب حق تعالےٰ کسی قوم کی مت مار دیتے ہیں تو پھر اسے صحیح غلط کھرے کھوٹے اچھے اور برے میں کوئی تمیز نہیں رہتی جس ہاتھ کو انسان اپنے استنجے کی جگہوں پر لگاتا ہو اسی سے کھانے پینے پر فخر کرنے لگے تو پھر مت نہیں ماری گئی تو اور کیا ہے میں نے سنا ہے کہ سابق ریاست حیدرآباد دکن میں لوگ بائیں ہاتھ کو دائیں ہاتھ کے مددگار کے طور پر بھی کھانے کے ساتھ نہیں لگاتے تھے کہ یہ بھی ان کے لئے کراہت کا سبب تھا۔ افسوس شیطان کے اتباع میں یہ لوگ بائیں ہاتھ سے تو کھا سکتے ہیں مگر محمد عربی فداہ ابی وامی کے اتباع میں یہ دائیں ہاتھ سے نہیں کھا سکتے۔ اَللّٰھُمَّ اھْدِھِمْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ

امّ عاصم رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام حضرت نبیشہ ہمارے ہاں آئے ہم ایک پیالے میں کھانا کھا رہے تھے دیکھ کر کہنے لگے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص پیالے میں کھانا کھانے کے بعد اسے انگلی سے چاٹ لے تو وہ پیالہ اس کے واسطے استغفار کرتا ہے۔

Marfat.com

ہمارے ہاں آج کل کھانے کے بعد برتن کو اسی طرح آلودہ حالت میں چھوڑ دیا جاتا ہے جیسے کووں یا مرغیوں نے کسی برتن میں ٹھونگیں مار مار کے اس کا ستیاناس کر دیا ہو یا بلی کتوں نے کسی کھانے کی چیز کو چٹ رکھا ہو۔ اگر اس حدیث کے مفہومِ مخالف کا اعتبار کریں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ہمارے کھانے کے تمام برتن ہمارے حق میں بددعائیں اور لعنتیں کرتے ہیں کہ ہم نے ان کے حق کے مطابق ان کی صفائی نہیں کی اور یہ رزق کی بھی بے حرمتی ہے کہ اسے دھوکر گندی نالیوں میں بہا دیا جائے پھر وہ ہمارے لئے بددعائیں نہیں کرے گا تو کیا دعائیں دے گا۔

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کے ہاتھ سے لقمہ گر پڑے تو اسے چاہیئے کہ مٹی وغیرہ اس پر سے جھاڑ پونچھ کر کھالے۔

کیونکہ اسی طرح چھوڑ دینے میں رزق کی بے ادبی اور ایک قسم کے تکبر اور مغروری کا اظہار ہے جسے خداوند تعالےٰ پسند نہیں کرتے۔

Marfat.com

## سنتِ رسولؐ کی حمیت :-

حضرت حسنؓ کہتے ہیں کہ معقل بن یسارؓ جو کسی علاقے کے امیر تھے کھانا کھاتے ہوئے ان کے ہاتھ سے لقمہ گر گیا۔ انہوں نے اٹھالیا اور پونچھ کر کھا گئے وہاں پہ موجود دہقانوں نے اس پر بڑے اشارے کنائے کئے کہ یہ کیسا امیر ہے جو گرے ہوئے لقمے اٹھا کر کھاتا ہے کسی مصاحب نے کہہ دیا کہ اللہ تعالٰے امیر کی حالت درست کرے آپ کے لقمہ اٹھانے پر یہ زمیندار لوگ حقارت سے اشارے کنائے کر رہے ہیں کیونکہ کھانا تو کافی مقدار میں آپ کے آگے رکھا ہوا ہے۔ حضرت معقلؓ نے جواب دیا کہ میں ان جاہل عجمیوں کی وجہ سے اپنے نبی کے اس حکم کو نہیں چھوڑ سکتا جو میں نے خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے یہ ہماری عام عادت تھی کہ جب کسی سے لقمہ گر جاتا تو ہم اسے حکم دیتے کہ وہ اسے اٹھالے اور جھاڑ کر کھالے اسے شیطان کے لئے نہ چھوڑے)

ہم لوگ عام طور پر سنتِ رسول پر عمل کرنے سے اس لئے کتراتے ہیں کہ لوگ کیا کہیں گے کہ یہ بیسویں صدی میں ہوتا ہوا بھی چودہ سو سال پرانے رسم و رواج کا پابند ہے گویا ہمیں آج کل کے مہذب جاہلین سے تو شرم آتی

ہے کہ یہ کیا کہیں گے کہیں میرا مذاق نہ اڑائیں مگر آقائے نامدار انبیاء کے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے شرم نہیں آتی کہ وہ کیا کہیں گے۔ کہ تم نے چودہویں صدی کے ترقی یافتہ بندروں کی تولاج رکھ لی مگر جس نبی کا کلمہ پڑھتے تھے اس کی لاج رکھنے کی تمہیں توفیق نہ ہوئی کیوں نہ غیرتِ اسلامی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حضرت معقل بن یسارؓ کی طرح تم نے دنیادار متکبروں کے علی الرغم میرے اسوۂ حسنہ کی علی الاعلان پیروی کی۔ کیوں نہ جدید تہذیب کے پرستاروں اور باپ دادا کے مقلدوں کو نظر انداز کرتے ہوئے تم نے سنتِ رسول کو زندہ کیا۔ اے اللہ ہمیں بھی حضرت معقلؓ جیسی سنتِ رسول کی حمیت عطا فرما۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نہ تو کھانے میں پھونک مارتے تھے نہ پینے میں اور نہ ہی برتن میں سانس لیتے تھے )

سالن گرم ہو یا کوئی چائے دودھ وغیرہ تو ہم لوگ اسے ٹھنڈا کرنے کے لئے پھونکیں مارنے لگ جاتے ہیں یہی خلافِ سنت ہے اگر ٹھنڈا ہی کرنا منظور ہو تو اسے ہوا میں رکھ کے ذرا انتظار کرلے یا پنکھا کر کے ٹھنڈا کرلے منہ سے پھونکیں نہ مارے کہ یہ دوسروں کے واسطے کراہت کا سبب ہے۔

Marfat.com

اور آج کل ڈاکٹر لوگ تو اسے انتقالِ جراثیم کا سبب کہیں گے اسی طرح گلاس منہ سے ہٹائے بغیر اس میں سانس لینا بھی اسی کراہت کا سبب ہے اور ایسا کرنے میں حد سے بڑھا ہوا حرص ولالچ بھی محسوس ہوتا ہے کہ یہ شدّتِ حرص کی وجہ سے گلاس کو منہ سے ہٹانے کا بھی روادار نہیں اندر ہی سانس لئے جا رہا ہے۔

حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے کہ دسترخوان اٹھانے سے پہلے کوئی شخص کھڑا ہو۔
کیونکہ اس سے باقی کھانے والوں کو شرم محسوس ہوتی ہے کہ دیکھنے والے انہیں پیٹو اور بسیار خور سمجھیں گے اور کھانے کی بے قدری بھی معلوم ہوتی ہے۔
حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب دسترخوان بچھایا جائے تو کوئی شخص اس وقت تک نہ اٹھے جب تک کہ دسترخوان اٹھا نہ لیا جائے اور نہ ہی اپنا ہاتھ پیچھے ہٹائے اگرچہ سیر ہو چکا ہو جب تک کہ سارے لوگ فارغ نہ ہو جائیں اور اگر اسے مزید کھانے کی بالکل گنجائش نہ ہو تو اپنی طرف سے معذرت کر کے ہاتھ کھینچے اس لئے کہ آدمی جب اپنے ہم نشیں کو اس طرح شرمندہ کرے گا تو وہ بھی اپنا ہاتھ اٹھانے پہ مجبور ہو گا حالانکہ یہ ہو سکتا

Marfat.com

ہے کہ اس کو ابھی کھانے کی ضرورت باقی ہو۔

یہ خلقِ پیغمبری کا حق ہے کہ اپنے ہم نشینوں کی عزتِ نفس کا اس قدر خیال رکھا جاتا ہے کہ مبادا اس کے ہاتھ روک لینے پر اس کا ساتھی شرمندہ نہ ہو جائے اور وہ اس شرم کی وجہ سے کھانے کو چھوڑ بیٹھے۔ آج ہم لوگ جان بوجھ کر دوسروں کو شرمندہ اور رسوا کرنے کی سکیمیں سوچتے اور ان کی دل آزاری میں بڑا فخر محسوس کرتے ہیں کہاں خلقِ پیغمبر کی عظمت کہاں ہماری اس بداخلاقی کی پستی ؎

ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا

حافظ شیرازیؒ نے اس معنی میں بہت خوب کہا ہے۔ ؎

مباش درپئے آزار و ہر چہ خواہی کن　　　　کہ در شریعتِ ما غیر ازیں گناہے نیست

تو دوسروں سے پہلے دسترخوان سے اٹھ جانا یا ہاتھ کھینچ کے بیٹھ جانا آدابِ مجلس کے خلاف اور دوسروں کی شرمندگی کا سبب ہے اس لئے اگر بھوک نہ بھی ہو تو بھی مجلس کی موافقت کرنے کے لئے کبھی کبھی ہاتھ لگا لیا کرے کہ دوسرے شرکاء اس خوش فہمی میں مبتلا رہ کر اپنی ضرورت پوری کر لیں کہ ابھی تو سارے ہی کھا رہے ہیں ہم کیوں سیر ہونے سے پہلے ہٹیں۔

حضرت ابو ذرؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جب تو

Marfat.com

شوربا پکائے تو تجھے چاہیئے کہ پانی ذرا زیادہ ڈال لے اور اس میں سے چند گھونٹ اپنے پڑوسیوں کو بھی دے دے۔

یعنی جہاں تک ہو سکے پڑوسیوں کے حقوق کا خیال رکھے ان میں سے ایک حق یہ بھی ہے کہ جب تیرے کام ودھن گوشت سے لذت اندوز ہوں تو شوربے کے چند گھونٹ تیرے پڑوسیوں کو بھی ملنے چاہئیں اس لئے کہ جب گوشت کو بھونتے ہیں تو اس کی خوشبو آس پاس کے گھروں میں ضرور پہنچ جاتی ہے پس اگر وہ نادار ہوں تو یہ سوچ کر للچائیں گے کہ ہمارا پڑوسی تو آج گوشت کھا رہا ہے اگر خدا نے ہمیں بھی وسعت دی ہوتی تو ہم بھی اس کی طرح گوشت کھاتے اور اگر وہ مالدار ہے تو بھی ہو سکتا ہے کہ اس دن ان کا گوشت کھانے کا پروگرام نہ ہو اور تمہارے ہاں سے خوشبو پھیلے تو انہیں یا ان کے بچوں کی خواہش بیدار ہو جائے تو چونکہ یہ تمہاری طرف سے پیدا کردہ ہے اس لئے تمہیں ہی چاہیئے کہ از خود تھوڑا بہت حصہ انہیں پہنچا کر ان کی دلداری اور دعا جوئی کا سامان کرو۔

## کھانے کے بعد کی دعائیں :-

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب

Marfat.com

فارغ ہوتے تو یہ دعا پڑھتے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ وَسَقَانِیْ وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ) اس حدیث میں اَطْعَمَنَا کی بھی روایت ہے یعنی سب تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے مجھے یا ہم کو کھانا کھلایا اور جس نے مجھے یا ہم کو پانی پلایا اور جس نے مجھے یا ہم کو مسلمانوں میں سے بنایا۔

حضرت ابوامامہؓ کہتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے دستر خوان اٹھایا جاتا تو آپ یہ دعا پڑھتے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ غَیْرَ مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًی عَنْہُ رَبَّنَا یعنی سب تعریف اللہ کے لئے ہے بہت ہی زیادہ تعریف ایسی تعریف جو پاکیزہ اور بابرکت ہے ایسی تعریف جو ترک نہیں ہو سکتی اور نہ ہم اس سے بے نیاز ہو سکتے ہیں اے ہمارے پروردگار۔

حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ بندے سے راضی ہوتے ہیں جبکہ وہ کھانے کا لقمہ کھا کر یا پانی کا گھونٹ پی کر اللہ کی حمد وثنا کرے۔

ہشام بن عروہؒ اپنے باپ حضرت عروہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انکے پاس جب بھی کوئی کھانے یا پینے کی چیز لائی جاتی حتیٰ کہ دوا بھی ہوتی تو اسے کھا کر یہ دعا ضرور پڑھتے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدَانَا وَاَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَنَعَّمَنَا وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اَلْقَیْتَنَا نِعْمَتُكَ بِكُلِّ شَرٍّ فَاَصْبَحْنَا مِنْهَا وَاَمْسَیْنَا بِكُلِّ خَیْرٍ نَسْاَلُكَ تَمَامَهَا وَشُكْرَهَا لَا خَیْرَ اِلَّا خَیْرُكَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ اِلٰهُ الصَّالِحِیْنَ وَرَبُّ الْعَالَمِیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ مَا رَزَقْتَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

یعنی سب تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں ہدایت عطا فرمائی کھانے اور پینے کو دیا اور ہم کو نعمتیں مرحمت فرمائیں اور اللہ ہی سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ تیری نعمتوں نے ہمیں ہر شر و مصیبت میں مبتلا پایا لیکن تیری نعمت کی بدولت ہماری صبحیں اور شامیں بخیر ہوگئیں ہماری گذارش ہے کہ تو اپنی اس نعمت کو ہم پر تمام فرما دے اور اس کی شکرگزاری کی ہم کو توفیق دے اس لئے کہ تیری خیر کے سوا کوئی خیر نہیں اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو صالحین کا معبود ہے اور سارے جہانوں کا پروردگار ہے سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اور اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہتا ہے نیکی کی ہمت و قوت بھی اللہ ہی سے ملتی ہے اے اللہ تو نے ہمیں رزق عطا فرمایا ہے۔ اس میں برکت ڈال دے اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچا لے۔

یہ دعا اگرچہ صحابی پر موقوف ہے لیکن جس التزام سے وہ اسے پڑھا کرتے

Marfat.com

مجھے اس سے یقین ہوتا ہے کہ لازماً انہوں نے یہ دعا بہ الفاظ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنے ہیں کیونکہ صحابہ سے یہ توقع عبث ہے کہ وہ حضورؐ کے الفاظ چھوڑ کر اپنے الفاظ کا اہتمام کریں۔

## کھانے میں برکت اور بے برکتی:۔

حضرت ابوایوب انصاریؓ فرماتے ہیں کہ ہم ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ آپؐ کے سامنے کھانا لایا گیا۔ تو ابتدا کے لحاظ سے کوئی کھانا ہم نے اس سے زیادہ بابرکت نہیں دیکھا اور انتہا کے لحاظ سے کوئی کھانا اس سے زیادہ بے برکت نہ پایا۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیسے ہوا۔ آپؐ نے فرمایا ہم نے بسم اللہ پڑھ کے کھانا شروع کیا تھا اللہ نے اس میں برکت دی پھر ایک ایسا شخص آبیٹھا جس نے بسم اللہ پڑھے بغیر کھانا شروع کر دیا اس کے ساتھ شیطان شریک ہو گیا۔ اس لئے کھانے کی برکت اٹھ گئی۔

امام بخاریؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے کہ میرے باپ حضرت ابوطلحہؓ نے اپنی بیوی اُمّ سلیم سے کہا کہ میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز بہت کمزور سنی ہے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو سخت بھوک لگی ہوئی ہے۔ تو کیا تیرے پاس

Marfat.com

کوئی کھانے کی چیز ہے انہوں نے کہا ہاں۔ پھر جو کی چند روٹیاں نکالیں اور انہیں اپنی اوڑھنی کے ایک پلے میں لپیٹ کر میرے کپڑوں کے نیچے چھپا دیا اور دوسرا پلہ مجھے اوڑھا دیا پھر مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیج دیا میں گیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں بیٹھے پایا اور ان کے ساتھ اور بھی بہت سے لوگ تھے۔ میں نے ان کو سلام کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تجھے ابوطلحہ نے بھیجا ہے میں نے کہا ہاں آپ نے فرمایا کھانا دے کر؟ میں نے کہا جی ہاں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب ساتھیوں سے کہا کہ اٹھو چلو۔ حضرت انس رضہ کہتے ہیں کہ حضور ہمارے گھر کی طرف چلے تو میں بھی آپ کے ساتھ چل پڑا اور آگے بڑھ کر جلدی سے اپنے باپ حضرت ابوطلحہ کو سارا ماجرا بتلا دیا۔ ابوطلحہ نے کہا اے ام سلیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو سب لوگوں کو ساتھ لئے آ رہے ہیں ہمارے پاس سب کو کھلانے کے لئے کھانا ہے نہیں انہوں نے کہا گھبرانے کی ضرورت نہیں اللہ اور اس کے رسول پر چھوڑو حضرت ابوطلحہ باہر آکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے آپ ابوطلحہ کے ساتھ گھر میں داخل ہوئے اور فرمایا اے ام سلیم تیرے پاس کھانے کو جو کچھ بھی ہے لے آ وہ وہی روٹیاں لے آئیں آپ نے ان روٹیوں کو توڑ کر چورا کیا ام سلیم گھی کی کپی لے آئیں اور اس چورے پر انڈیل کر چوری بنا

دی پھر آپ نے اس پر کوئی دعا پڑھی اور فرمایا دس آدمیوں کو کھانے کے لئے کہو دس آدمی دسترخوان پر بٹھا دیئے گئے انہوں نے کھایا اور سیر ہو گئے پھر آپ نے فرمایا اور دس کو بٹھاؤ وہ بھی کھا کر سیر ہو گئے اور چلے گئے پھر آپ نے فرمایا اور دس کو بلالو اسی طرح سب لوگ کھا کھا کے سیر ہو گئے حالانکہ وہ ستر یا اسی آدمی تھے۔

حضرت وحشی بن حرب کہتے ہیں کہ لوگوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم کھانا کھاتے ہیں لیکن سیر نہیں ہوتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شاید تم لوگ علیحدہ علیحدہ کھاتے ہو انہوں نے کہا کہ ہاں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا تو اکٹھے بیٹھ کر کھانا کھایا کرو اور اللہ کا نام لے کر شروع کیا کرو تمہیں اس میں برکت دی جائے گی

ایک مجلس میں کھانے والوں کا ایک بڑے برتن میں مل جل کے کھانا برکت کا سبب ہے ہم نے مرغیوں کو دیکھا ہے کہ جس کے ہاتھ کوئی روٹی کا ٹکڑا لگ جاتا ہے وہ اسے چونچ میں لے کر سر توڑ بھاگتی ہے تاکہ کہیں علیحدگی میں جا کر کھائے لیکن باقی مرغیاں بھی اس کا پیچھا نہیں چھوڑتیں اسے خوب دوڑاتی ہیں حتیٰ کہ تھک تھکا کے خود ہی اس کے منہ سے وہ ٹکڑا گر جاتا ہے اور دوسری اٹھا کر کھا جاتی ہیں مگر انسان تو اُنس سے مشتق ہے مرغیوں کے برعکس اسے تو محبت و موانست سے

Marfat.com

باہم مل جل کے کھانا چاہیئے تاکہ اکھٹے کھانا ان کے دلوں کی شیرازہ بندی کا سبب ہو۔

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب مل کر کھاؤ اور علیحدہ علیحدہ نہ بیٹھو اس لئے کہ برکت خداوندی جماعت کے ساتھ ہے۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روٹی اور تنگی معیشت کا بیان

حضرت عائشہ الصدیقہ رضا فرماتی ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل وعیال آپ کی وفات تک متواتر دو دن بھی جَو کی روٹیوں سے سیر نہیں ہوئے۔

حضرت ابوامامہ باہلیؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل وعیال سے جَو کی روٹی بھی کبھی نہ بچتی تھی یعنی پیٹ بھر کھانے کو نہ ملتی تھی تو بچتا کہاں سے تھا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے گھر والوں پر کئی کئی راتیں ایسی گزرتی تھیں کہ انہیں رات کو کھانے کے لئے کچھ نہیں ملتا تھا۔ اور اکثر بیشتر ان کی روٹی جَو کی ہوتی تھی۔

حضرت سہل بن سعدؓ سے پوچھا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی سفید میدے کی روٹی بھی کھائی ہے انہوں نے جواب دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میدے کی روٹی کبھی دیکھی بھی نہ تھی اسی حالت میں وہ اللہ کو پیارے ہو

Marfat.com

گئے پھر پوچھا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تم لوگوں کے ہاں چھلنیاں کیسی ہوتی تھیں آپ نے فرمایا چھلنی ولنی ہمارے پاس بالکل نہیں ہوتی تھی۔ سائل نے کہا پھر تم جو کا آٹا کیسے صاف کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ بس پھونکیں مار کر تھوڑے بہت تنکے اور بورا اڑا دیتے تھے اسی طرح پھر گوندھ لیتے تھے۔

بن چھنی جَو کی روٹی کھانا تو بڑے مجاہدہ کا کام ہے ہم لوگ تو گندم کی روٹی بھی بے چھنی نہیں کھا سکتے اس سے آپ کے صبر وقناعت اور للٰہیت کا اندازہ کرو کہ وہ اسی طرح بھوکے پیاسے رہ کر پھر بھی خدا تعالےٰ کے کتنے شکر گزار تھے دو دو تین تین دن بعد جب جَو کی روٹی اور وہ بھی ناکافی کھانے کو مل جاتی تھی تو حمد وثنا کی دعائیں پڑھتے پڑھتے نہیں تھکتے تھے۔ افسوس ہمیں پراٹھے اور حلوہ پوری ملیں تو پھر بھی شکر کا کلمہ ہماری زبان پر نہ آئے معاذ اللہ پھر بھی اللہ تعالےٰ کے گلے شکوے کریں۔ اے پروردگار تو ہمیں بھی اپنے شکر گزار بندے بنا۔

حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میز پر کبھی کھانا نہیں کھایا اور نہ پلیٹوں میں اور نہ کبھی آپ کے لئے پتلی چپاتی پکائی گئی راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انسؓ کے شاگرد جنابِ قتادہ سے پوچھا کہ پھر کس

چیز پر رکھ کر کھاتے تھے۔ انہوں نے فرمایا انہی چمڑے کے دسترخوانوں پر۔

حضرت مسروق تابعیؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت عائشہؓ کی خدمت میں گیا۔ انہوں نے میرے لئے کھانا منگوایا اور فرمانے لگیں کہ میں جب کبھی پیٹ بھر کر کھانا کھاتی ہوں تو میرا بے اختیار رونے کو جی چاہتا ہے میں نے پوچھا کیوں فرمایا مجھے تنگی کی وہ حالت یاد آجاتی ہے جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دنیا سے رحلت فرمائی اللہ کی قسم آپ کبھی بھی ایک دن میں دو دفعہ روٹی یا گوشت سے سیر نہیں ہوئے۔

## محمد رسول اللہ والذین معہ کی تنگی گزران کے حالات

آج ہم لوگ جس خوشحالی اور فارغ البالی سے زندگی گزار رہے ہیں یہ وہی دور ہے جس کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میں تمہارے فقر اور ناداری سے اتنا نہیں ڈرتا جتنا کہ اس بات سے کہ تمہارے لئے دنیا کے دروازے کھول دیئے جائیں جیسا کہ تم سے پہلے لوگوں پر کھولے گئے اور تم دنیا کے مال و دولت پر ایسے ٹوٹ پڑو جیسے تم سے پہلی امتیں ٹوٹ پڑی تھیں اور وہ تمہیں بھی ویسے ہی غافل کر دے جیسے اس نے ان لوگوں کو کر دیا تھا۔
او کما قال)

کیونکہ کم ظرف اور تنگ معدہ شخص زیادہ مقوی غذا کو ہضم نہیں کر سکتا اسی طرح یہ لوگ روپے پیسے کی کثرت اور مال و فعال کی فراوانی میں اپنے آپ کو سنبھال نہیں سکیں گے بلکہ جس طرح چھوٹا برتن زیادہ چیز ڈال دینے کی وجہ سے بھر بہ ہو کر لبٹ لگ جاتا ہے اسی طرح کم ظرف لوگ کثرت کے ساتھ کھا پی کر خوش عیشی اور مرفہ الحالی کی وجہ سے ڈکارنے اور دھاڑنے لگ جائیں گے ان کو خدا کی شکر گزاری کی توفیق نہ ہوگی بلکہ خطرہ ہے کہ وہ اپنے خدا ہی کو فراموش نہ کر بیٹھیں چنانچہ آج عامۃ المسلمین کی حالت دیکھ کر حضور علیہ السلام کے اس فرمان کی صداقت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ جس شخص کو ذرا بافراغت روٹی ملنے لگ جاتی ہے وہی نماز روزہ چھوڑ کر عیش و عشرت میں پڑ جاتا ہے شکل و صورت اور لباس و پوشاک کی سنتیں چھوڑ کر دشمنانِ خدا اور رسول کی وضع قطع اور طریق کو اختیار کر لیتا ہے ۔

خدا اور مخلوقِ خدا کے حقوق اس کو بھول جاتے ہیں اس کے دن پارٹیوں میں اور راتیں سینماؤں اور کلبوں میں گزرنے لگ جاتی ہیں اس کی کوشش ہوتی کہ وہ عیاشی اور فحاشی میں محمد شاہ رنگیلا اور شاہانِ اودھ کو مات کر دے اس لئے مجموعی طور پر امتِ مسلمہ کا مزاج کثرتِ مال کے ساتھ میل نہیں کھاتا ۔ اس کی وجہ سے وہ خدا سے دور اور شیطان سے قریب ہو جاتا ہے اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے نام لیواؤں

Marfat.com

کے لئے اسے سب سے زیادہ خطرناک چیز تصور فرماتے تھے۔ مگر اس کے بالمقابل ہمارے اسلافِ کرام پیٹوں پر پتھر باندھ کر مہینوں بھوکے اور پیاسے رہ کر اعلاءِ کلمۃ اللہ کی خاطر ایسے عظیم الشان کارنامے سر انجام دے گئے ہیں کہ آج ہمیں ان پر یقین کرنا مشکل ہے ہماری نئی پود تو انہیں افسانوں سے زیادہ وقعت دینے کے لئے تیار نہیں جن نامساعد حالات اور جس تنگیٔ معیشت میں ان حضراتِ کرام نے یہ سنہری کارنامے سرانجام دیئے ہیں اس کی تھوڑی سی جھلک دکھانے کے لئے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحابِ کرامؓ کے یہ چند واقعات احادیثِ صحیحہ سے نقل کر رہا ہوں۔

## حضور علیہ السلام کی گزراوقات:۔

امام مالکؒ نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد شریف میں داخل ہوئے تو وہاں حضرت ابوبکر صدیقؓ اور جناب عمر فاروقؓ کو کھڑے پایا سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ کیسے کھڑے ہو رہے ہو عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم بھوک سے بے تاب ہو کر گھروں سے نکل آئے ہیں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے بھی بھوک ہی نکال لائی ہے سب مل کر ابو تیہان انصاریؓ

Marfat.com

کے گھر تشریف لے گئے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم فرمایا کہ کوئی جو وہ کا آٹا ہو تو پکا دو وہ اٹھ کر بکری ذبح کرنے کے لئے جانے لگے تو آپؐ نے فرمایا دیکھو دودھیالی بکری نہ ذبح کرنا اس نے بکری ذبح کی میٹھے پانی کا مشکیزہ لا کر ٹھنڈا ہونے کے لئے کھجور پر لٹکا دیا جب تک کھانا تیار ہو گیا تو وہ کھانا لے کر آ گئے سب حضرات نے کھانا کھایا اور وہ پانی پیا پھر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَتُسْئَلُنَّ عَنْ نَعِیْمِ هٰذَا الْیَوْمَ ۔ آج جو نعمتیں تم لوگوں نے کھائی ہیں ان کے متعلق تم سے ضرور سوال کیا جائے گا۔

حضراتِ صحابۂ کرام اور خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو محاسبۂ آخرت کا اس قدر استحضار رہتا تھا کہ وہ ذرا ذرا سی بات پر چونک جاتے تھے اور حساب و کتاب کی یاد سے روتے روتے ان کی گھگی بندھ جاتی تھی۔ اب یہاں ہمارے زمانے کے لحاظ سے انہوں نے کون سی نعمتیں کھائی ہیں جو کی روٹی مشکیزے کا پانی اور بکری کا شوربا اور یہ بھی پتہ نہیں کہ ان صابرین کو یہ چیزیں کتنے دنوں کے بعد میسّر ہوئی تھیں اور وہ بھی اپنے گھر سے نہیں اتفاقاً قدرت نے ان کا سامان کر دیا تھا اسی کو جتلا کے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ تم سے ان نعمتوں کا ضرور حساب لیا جائے گا۔ ایک ہم ہیں کہ دن رات عیش و عشرت میں رنگ برنگے کھانے

Marfat.com

کھاتے قسم قسم کے پانی پیتے اور جدید سے جدید لباس پہنتے ہیں رہائش کے لئے کوٹھیاں اور بنگلے ملے ہوئے ہیں لیکن اس کے باوجود ہمیں محاسبہ آخرت کا دھیان نہیں افسوس ہمارے دلوں پر مُردنی چھاگئی ہے ہماری آنکھوں پر پردے پڑگئے ہیں دُنیا کے خزف ریزوں پر ہم اتنے ریجھ چکے ہیں کہ آخرت کی سدابہار نعمتیں ہمیں بھول گئی ہیں خدا کے بندو! اس آنی اور فانی کے بدلے اس باقی و پائیدار کو ہاتھ سے نہ جانے دو ورنہ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ کا مصداق بن جاؤ گے۔

حضرت عائشۃ الصدیقہ رضؓ بیان فرماتی ہیں کہ ہم اہل و عیالِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر مہینہ مہینہ بھر اس طرح گزر جاتا تھا کہ ہم چولہے میں آگ جلا کر نہیں دیکھتے تھے۔ صرف پانی اور کھجور پر گزارہ ہوتا تھا۔ یعنی پکانے کے لئے کچھ ہوتا ہی نہ تھا۔ تو آگ کس لئے جلانا تھی۔

حضرت عائشہ رضؓ ہی بیان فرماتی ہیں کہ ہم اہلِ بیتِ رسول پر پورا مہینہ اس طرح گزر جاتا تھا کہ ہمارے گھروں سے دھواں نہیں اُٹھتا تھا۔ ابو سلمہ نے پوچھا تو پھر تمہارا رشتۂ حیات کیسے باقی رہتا تھا۔ ام المومنین نے فرمایا بس یہی دو سیاہ چیزیں تھیں پانی اور کھجور۔ ہاں اتنا ضرور تھا کہ ہمارے پڑوس میں کچھ انصاری

گھرانے تھے جو سچے پڑوسی کہلانے کے حق دار ہیں ان کی بکریاں پالی ہوئی تھیں وہ کبھی کبھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے دودھ بھیج دیا کرتے تھے۔

حضرت عمر بن الخطابؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دن کے وقت بھوک کی بے چینی سے پہلو بدلتے دیکھا ہے آپ کو ردی قسم کی کھجوریں بھی اتنی نہ ملتی تھیں جن سے پیٹ بھر سکے۔

حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بارہا کہتے ہوئے سنا ہے کہ اس ذاتِ پاک کی قسم جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے اہلِ بیتِ رسول نے کبھی اس حالت میں صبح نہیں کی کہ غلے یا کھجوروں کا ایک صاع بھی ان کے پاس ہو حالانکہ اس وقت آپ کے گھر میں نو بیویاں تھیں۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جب سے آپ مدینہ منورہ تشریف لائے محمدؐ کے اہل بیت وآلِ اطہار نے مسلسل تین راتیں بھی گندم کی روٹی سے پیٹ بھر کے نہیں دیکھا آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک یہی حالت رہی۔

حضرتِ ابو طلحہؓ کہتے ہیں کہ ہم نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھوک کی شکایت کی اور اپنے اپنے پیٹوں پر سے کرتے اٹھا کر دکھائے کہ ہر ایک نے

Marfat.com

ایک ایک پتھر باندھ رکھا تھا۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنے شکم مبارک سے دامن اٹھا دیا آپ کے دو پتھر بندھے ہوئے تھے۔

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فقر و فاقہ اور تنگیٔ معیشت کو کسی شاعر نے کیا خوب نظم کیا ہے۔

یَا مَنْ لَمْ یَشْبَعْ مِنْ خُبْزِ الشَّعِیْر    وَیَا مَنْ اخْتَارَ الْحَصِیْرَ عَلَی السَّرِیْرِ

یَا مَنْ لَمْ یَنَمِ اللَّیْلَ کُلَّہٗ    مِنْ خَوْفِ عَذَابِ رَبِّ السَّعِیْر

اے وہ ذات جو جَو کی روٹی سے بھی شکم سیر نہ ہوئی

اور اے وہ ہستی جس نے تخت کے مقابلہ میں چٹائی کو پسند کیا

اے وہ شخصیت جو ساری ساری رات سویا نہ کرتی تھی

ربِّ دوزخ کے عذاب کے خوف سے

## صحابۂ کرام کی گزر اوقات :۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں اس اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں بھوک کی وجہ سے اپنے پیٹ کو زمین سے چپکا لیتا تھا۔ اور بھوک ہی کی وجہ سے اپنے پیٹ پر پتھر باندھ لیا کرتا تھا۔ ایک دن میں لوگوں کے اس راستے پر

Marfat.com

بیٹھ گیا مسجد سے واپسی پر جہاں سے گزر کر وہ گھروں کو جایا کرتے تھے حضرت ابوبکرؓ کا گزر ہوا تو میں قرآن پاک کی ایک آیت کی تفسیر پوچھنے لگا۔ میں نے صرف اس لئے یہ سوالیہ شکل بنائی تھی۔ کہ جب سوال و جواب کرتے آنکے گھر تک پہنچ جائیں گے۔ تو از راہِ کرم وہ مجھے کھلائے بغیر واپس نہیں کریں گے لیکن وہ تو اس طرح گزر گئے کہ میری امید بر نہ آئی۔ پھر حضرت عمرؓ گزرے میں نے ان سے بھی کتاب اللہ کی ایک آیت کے متعلق سوال کیا وہاں بھی میرا مقصد یہی تھا۔ لیکن وہ بھی گزر گئے اور مجھے کھانا نہ کھلایا۔ آخر میں حضرت ابوالقاسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا تو آپ نے مجھے دیکھ کر تبسم فرمایا اور میرے چہرے سے میرے دل کی بات بھانپ گئے آپ نے فرمایا اباہرؓ؟ میں نے عرض کیا لبیک یارسول اللہ فرمایا آجا میرے پیچھے اور خود چل دیئے میں بھی آپ کے پیچھے چلنے لگا۔ آپ خانۂ اطہر میں داخل ہو گئے اور مجھے بھی اجازت مل گئی آپ نے دیکھا گھر میں دودھ کا ایک پیالہ رکھا ہوا ہے پوچھا کہاں سے آیا ہے انہوں نے بتلایا فلاں کے گھر سے آپ کے لئے ہدیہ آیا ہے آپ نے مجھے آواز دی اباہرؓ میں نے کہا لبیک یارسول اللہ فرمایا جاؤ اہلِ صُفّہ کو بلا لاؤ راوی کہتے ہیں کہ اہلِ صفہ مہمانانِ اسلام تھے۔ ان کا نہ تو کوئی گھر تھا نہ در

Marfat.com

جب آپ کے پاس کوئی صدقہ وغیرہ آتا تو ان کے پاس بھیج دیتے اور خود اس میں سے کچھ نہ کھاتے اور جب آپ کے پاس ہدیہ آتا آپ انہیں بلا بھیجتے خود بھی تناول فرماتے اور انہیں بھی شریک کرتے مجھے اس وقت ان کی طلبی بہت بُری لگی میں نے دل میں کہا کہ یہ دودھ ہی کتنا ہے جو تمام اہلِ صفہ کو بلایا جا رہا ہے اس کا تو میں ہی زیادہ حق دار تھا۔ کہ اس کے چند گھونٹ پی کر ذرا قوت حاصل کرتا۔ جب وہ حضرات آ گئے تو مجھے ہی آپ نے ساقی گری کی خدمت تفویض فرما دی اور مجھے امید نہیں تھی کہ ان سے بچ رہنے کے بعد مجھ تک بھی نوبت پہنچے گی اور اللہ اور اللہ کے رسول کی فرمانبرداری کے سوا چارہ بھی کوئی نہ تھا۔ میں ان کے پاس آیا اور انہیں بلا کر لے گیا۔ انہوں نے اندر آنے کی اجازت مانگی جو دے دی گئی سب لوگ اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ گئے تو آپ نے فرمایا اَبَا ہِرّ میں نے عرض کیا لبیک یا رسول اللہ فرمایا لو انہیں پلاؤ میں نے پیالہ لے لیا اور ایک ایک کو دینے لگا وہ سیر ہو کر پی لیتا تو پیالہ مجھے پکڑا دیتا میں میں پھر دوسرے کو دے دیتا وہ بھی سیر ہو جاتا تو پیالہ واپس میرے پاس آ جاتا اور میں تیسرے کو دیتا اسی طرح میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ گیا۔ اور لوگ سب پی پی کے سیر ہو چکے تھے۔ آپ نے پیالہ میرے ہاتھ سے لے لیا

Marfat.com

اور اپنے دستِ مبارک پر رکھا اور میری طرف دیکھ کے مسکرائے پھر فرمایا
اے اَبَاہِر میں نے عرض کیا لبیک یارسول اللہ فرمایا میں اور تو ہی رہ گئے
میں نے کہا یارسول اللہ آپ سچ فرما رہے ہیں آپ نے
فرمایا بیٹھ جا اور پی میں بیٹھ گیا اور پینے لگا جب میں پی چکا تو فرمایا اور پی میں نے
پھر پیا آپ نے پھر فرمایا اور پی آپ یہاں تک اصرار کرکے پلاتے رہے کہ
مجھے کہنا پڑا اُس ذاتِ پاک کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا اب
تو پیٹ میں جانیوالی نالیاں بھی پُر ہو چکی ہیں اس لئے میں نہیں پی سکتا آپ نے
فرمایا اچھا لا مجھے دے میں نے پیالہ آپ کے حوالہ کر دیا آپ نے الحمدللہ اور
بسم اللہ پڑھ کر بقایا دودھ نوش فرمالیا۔

اس حدیثِ پاک سے اصحابِ صفہ کے گزراوقات کی انتہائی تنگی کے علاوہ
اور بھی بہت سی باتوں پر روشنی پڑتی ہے مثلاً یہ کہ ساقی کو چاہیئے کہ سارے
حاضرین کو پلا کر آخر میں خود پیئے اور کہ میزبان ساقی کے بھی بعد پیئے اور یہ کہ
بیٹھ کر پینا چاہیئے بسم اللہ الحمدللہ پڑھ کر پینا چاہیئے اور یہ کہ امیر قوم کو اپنی
ضرورت پر قوم کی ضرورت کو ترجیح دینی چاہیئے وغیرہ وغیرہ۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ فرماتے ہیں میں سب سے پہلا عرب ہوں

جس نے راہ خدا میں تیر اندازی کی ہماری حالت یہ تھی کہ ہم جہاد کیا کرتے تھے جبکہ ہمارے پاس کیکر کے پتوں کے سوا کھانے کو کچھ نہیں ہوتا تھا۔ اور ہم کانٹے دار جھاڑیوں کے پتے کھا کر بکریوں کی طرح مینگنیاں کیا کرتے تھے آج بنو اسد کھڑے ہو کر مجھے اسلام پر تعزیر دیتے ہیں اگر میں اتنا قدیم الاسلام ہونے کے باوجود بھی اسلامیات میں ان کا محتاج ہوں تو پھر تو میں نامراد ہو گیا۔ اور میری کوششیں رائیگاں گئیں۔

خالد بن عمیرؓ کہتے ہیں کہ میں نے عتبہ بن غزوان کو منبر پر خطبہ دیتے ہوئے سنا وہ کہہ رہے تھے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں میں سے ساتواں شخص تھا ہمارے پاس کھانے پینے کو کچھ نہیں تھا سوائے درخت کے پتوں کے اور یہ پتے کھاتے کھاتے ہمارے منہ چھل گئے تھے۔

یحییٰ بن سعیدؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ گھی کے ساتھ لگا کر روٹی کھا رہے تھے کہ آپ نے ایک جنگلی بدو کو بلا کر اپنے ساتھ شریک کر لیا وہ جب کھانے لگا تو پلیٹ پر لگی ہوئی چکناہٹ کو لقمہ کے ساتھ رگڑ رگڑ کے اتارنے لگا حضرت نے اس سے پوچھا کہ معلوم ہوتا ہے تجھے ہمیشہ روکھی سوکھی روٹی ملتی ہے اس نے کہا اللہ کی قسم میں نے گھی کبھی نہیں کھایا اور نہ سالہا سال سے کسی کو گھی کے ساتھ

روٹی کھاتے ہوئے دیکھا ہے حضرت عمرؓ نے اس کی باتوں سے متاثر ہو کر فرمایا میں بھی اس وقت تک گھی نہیں کھاؤں گا جب تک کہ بارش ہو کر قحط سالی دور نہیں ہو جاتی۔

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ کو دیکھا جبکہ وہ امیر المومنین بھی بن چکے تھے آپ کو کھجوروں کا ایک صاع ملتا تھا۔ آپ اسے کھاتے تھے حتیٰ کہ اس کی ردی اور سوکھی ہوئی کھجوریں بھی نہیں چھوڑتے تھے)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کبار کی تنگدستی کے یہ چند واقعات میں نے اس امید پر نقل کر دیئے ہیں کہ شاید ہم میں سے کسی روح سعید کو ان مقدسین کا اتباع کرنے کی توفیق نصیب ہو اور وہ بھی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ علیٰ کُلِّ حَالٍ کہتے ہوئے اپنی طاقت بھر حق کی آواز بلند کرنے اور دین کا پیغام گھر گھر پہنچانے کے لئے ہر طرح کی مصیبتوں کو خندہ پیشانی کے ساتھ قبول کرنے کے لئے تیار ہو جائے۔

وَمَا ذَالِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ○ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

Marfat.com

# رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سالن اور دوسری مرغوبات

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سرکہ بہترین سالن ہے۔

حضرت نعمان بن بشیر نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ تم لوگ اپنے من پسند کھاجے نہیں کھاتے اور جیسا چاہتے ہو پانی نہیں پیتے حالانکہ میں نے تمہارے پیغمبر کو دیکھا ہے کہ انہیں ردی قسم کی کھجوریں بھی اتنی نہیں ملتی تھیں جن سے ان کا پیٹ بھر جائے۔

زہدم جرمی کہتے ہیں کہ ہم ابوموسیٰ اشعریؓ کے مہمان تھے۔ آپ کے سامنے مُرغی کا گوشت لایا گیا تو حاضرین میں سے ایک آدمی پیچھے کھسک گیا۔ آپ نے پوچھا کیا بات ہے کہنے لگا میں نے مرغی کو گندی چیز کھاتے دیکھا ہے اس لئے میں نے قسم کھا رکھی ہے کہ اس کا گوشت نہیں کھاؤں گا۔ آپ نے فرمایا دسترخوان پہ آجا کہ میں نے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرغی کا گوشت کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔

یعنی تیری طبیعت کی کراہت خلافِ شریعت ہے اس لئے مرغی تو کھالے

Marfat.com

اور قسم ٹوٹنے کا کفارہ دے دینا۔

حضرت ابو اسیدؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیتون کا تیل کھاؤ بھی اور لگاؤ بھی اس لئے کہ وہ خدا کے فرمان کے مطابق بابرکت درخت کا تیل ہے۔

حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے سالنوں کا سردار نمک ہے۔

اس لئے کہ ہر طرح کے سالن ترکاریاں نمک کے بغیر تو بالکل ہی بے مزہ ہیں ہرن یا بٹیر کا نہایت بہترین گوشت بھی نمک نہ ڈالا جائے تو اس کی ایک بوٹی کھا لینا بھی دوا کھانے کے مترادف ہے نیز نمک کی یہ بھی خوبی ہے کہ اسے اکیلے ہی پیس کر روٹی پر چھڑک لیں تو روٹی بسہولت حلق سے اتر جاتی ہے اس کے بغیر روٹی کا ایک لقمہ بھی نگلنا مشکل ہے۔

حضرت انس بن مالکؓ ہی کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کدو بہت مرغوب تھا۔ آپ کے سامنے کھانا لایا گیا تو میں برتن میں سے تلاش کر کے کدو کے قتلے آپ کے سامنے رکھتا جاتا تھا کیونکہ مجھے علم تھا کہ آپ کو کدو بہت پسند ہے۔

Marfat.com

حضرت انس رضؓ ہی بیان فرماتے ہیں کہ ایک درزی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی میں بھی آپ کے ساتھ دعوت پر گیا اس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جو کی روٹی اور کدو گوشت کا شوربہ پیش کیا میں نے دیکھا کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیالے کی ہر طرف سے کدو کے قتلے تلاش کر کے نکال رہے تھے بس اس دن سے مجھے بھی کدو بے حد مرغوب ہوگیا۔

حضراتِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بھی زیادہ محبت تھی جتنی روائتی عاشقوں کو اپنے معشوقوں کے ساتھ ہوتی ہے اس لئے وہ اپنے محبوب آقا کی ہر حرکت اور ادا کی نقل اتارنے اور آپ کی ہر سنت کی اتباع کرنے میں لذت محسوس کرتے تھے۔ اس لئے حضرت انس رضؓ کو کدو ہمیشہ کے لئے مرغوب ہوگیا۔ کہ ان کے آقا کا مرغوب کھانا جو تھا۔ علماء نے اس مقام پر یہ مسئلہ لکھا ہے کہ کدو چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو انتہائی مرغوب تھا۔ اس لئے کسی مسلمان کو یہ مناسب نہیں کہ وہ مقابلے میں یہ بات کہے کہ میں تو کدو کو ناپسند کرتا ہوں ورنہ ایمان ضائع ہوجانے کا خطرہ ہے حضرت امام ابو یوسفؒ نے تو ایسے شخص کے متعلق قتل کا فتویٰ دے دیا تھا کیونکہ آپ کے نزدیک وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پسند کو ناپسند کہنے کی

Marfat.com

وجہ سے مرتد ہو گیا تھا۔

ام المومنین حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حلوا اور اور شہد کو بہت پسند فرماتے تھے

اس لفظ حلوا ، سے ہمارے زمانے کا مروج حلوہ مراد نہیں بلکہ لفظ حلواً عربی زبان میں ہر میٹھی چیز کو کہتے ہیں جس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ کو ہر میٹھے والی چیز پسند تھی۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے لکھا ہے کہ کہتے ہیں کہ سب سے پہلے حلوہ حضرت عثمانؓ نے بنوا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پسند فرمایا یہ حلوہ آٹے شہد اور گھی سے بنایا گیا تھا شکر کا اس زمانہ میں کچھ ایسا دستور نہ تھا اس لئے میٹھی چیز عموماً شہد یا کھجور سے بنائی جاتی تھی۔

حضرت امّ سلمہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بکری کا بھنا ہوا دست پیش کیا آپ نے اس میں سے کھایا اور نیا وضو کئے بغیر کھڑے ہو کر نماز پڑھ لی

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آگ سے پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا جیسے امام الائمہ حضرت ابو حنیفہؒ کا مذہب ہے۔

حضرت عبداللہ بن حارث رضؓ کہتے ہیں کہ ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد میں بھنا ہوا گوشت کھایا

تو گویا مسجد میں کھانا پینا جائز ہے بشرطیکہ اس کے ریزے مسجد کے فرش پر نہ گریں اسی طرح پینے کی چیز فرش مسجد پر نہ ٹپکے۔

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کہتے ہیں کہ میں ایک دفعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی کا مہمان ہوا۔ آپ کے سامنے بھنا ہوا ہاتھ پیش کیا گیا آپ چھری لے کر اس میں سے میرے لئے کاٹنے لگے اسی اثنا میں نماز کی اطلاع دینے کیلئے حضرت بلالؓ آ گئے آپ چھری رکھ کر نماز کے لئے چل دیئے اور ناگواری سے فرمایا۔ اس کے ہاتھوں پر مٹی پڑے اسے کیسے وقت سوجھی ہے

چونکہ بھوک کی وجہ سے اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت مشتاق تھی اور کھانے کی چیز بھی بڑی مرغوب تھی۔ اس لئے ذرا ناگواری کا اظہار فرمایا ایسے وقت میں خادم کے لئے مناسب یہی تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ذرا کچھ کھا لینے دیتا۔ پھر نماز کی اطلاع کرتا کیوں کہ نماز کون سی قضا ہو رہی تھی مسئلہ بھی یہی ہے کہ جب شدت کی بھوک لگ رہی ہو اور جماعت بھی تیار ہو تو پہلے کھانا کھالے تاکہ اس کا کھانا بھی نماز بن جائے کیونکہ کھانے

Marfat.com

کے دوران اسے نماز کا خیال رہے گا اور جماعت چھوڑ دے تاکہ اس کی نماز کھانا نہ بن جائے کہ نماز میں کھانے کے متعلق سوچتا رہے چھری سے کاٹنے کی نوبت اس لئے آئی کہ آپ بوٹی توڑ کر حضرت مغیرہؓ کو دینا چاہتے تھے گوشت ذرا سخت ہوگا جو ہاتھ سے ٹوٹ نہ سکتا ہو۔ اس لئے چھری سے کاٹ کر ان کو دینے لگے۔ اگر آپ نے خود کھانا ہوتا تو چھری سے ہرگز نہ کاٹتے بلکہ دانتوں سے نوچتے جیسا کہ اگلی حدیث میں صراحۃً آرہا ہے کوئی کج طبع اس سے چھری کانٹے سے کھانا مراد نہ لے کیونکہ چھری سے آپ نے کاٹا ضرور ہے کہ بہت بڑا ٹکڑا تھا لیکن کھایا ہاتھ سے ہے مگر چھری کانٹے کے شائق تو منہ میں بھی کانٹے سے ڈالتے ہیں گویا خود ہی اپنے ہاتھوں کو جراثیم زدہ اور منحوس سمجھنے لگ جاتے ہیں اس لئے کسی بھی طرح یہ ان کی دلیل نہیں بن سکتی آپ اپنے ہاتھوں سے کھانے کو باعثِ تبرک سمجھتے تھے۔ اسی لئے تو بعد میں اپنی انگلیوں کو تین دفعہ چاٹتے تھے اور یہی آپ کی سنتِ مستمرہ ہے۔

حضرت مغیرہؓ کہتے ہیں کہ اس وقت میری مونچھیں بڑھی ہوئی تھیں آپ نے فرمایا میں مسواک پر رکھ کر تیری مونچھیں کتر دیتا ہوں۔

یعنی لبوں کے برابر بالوں کے نیچے مسواک رکھ کر اوپر سے چاقو یا چھری

Marfat.com

دبا کرتری مونچھیں کاٹ دیتا ہوں اغلب یہ ہے کہ اس وقت قینچی مہیا نہیں ہوسکتی ہو گی اس لئے چھری یا چاقو سے کاٹنے کی یہ ترکیب نکالی۔

## پیروں کی ذمہ داری :-

معلوم ہوا کہ اپنے زیر اثر لوگوں یا عزیزوں اور خادموں میں کوئی شخص خلافِ شریعت کوئی کام کرتا ہو تو اس کو زبردستی شریعت کی راہ پر لانا ذی اثر اور بزرگ کا فرض ہے ہمارے زمانے کے تساہل پسند اور جاہ پرست پیروں کی طرح نہیں کہ حلقۂ مریدین میں اضافے کے شدت سے خواہاں ہوں خواہ مریدین داڑھی منڈائیں مونچھیں بڑھائیں نمازیں ضائع کریں احکام شریعت کی خلاف ورزی کریں پیر صاحب کو صرف نذرانے بٹورنے اور پاؤں چھواتے سے کام ہو لیکن شکل وصورت لباس پوشاک عبادت ومعاشرت اور اخلاق ومعاملات میں مریدوں پر کوئی روک ٹوک نہ کریں پیر تو ہادی ومرشد ہوتا ہے اگر وہ مرید کے بھٹکنے کے وقت اس کی رہنمائی نہ کرے اسے ہدایت نہ دے تو وہ پیر کس کام کا ہے ورنہ تو صرف ٹھگ ہے جس نے جیبیں کاٹنے کا مہذب طریقہ اختیار کر رکھا ہے ایسے پیرانِ کرام کو کچھ تو خوف خدا کرنا چاہیے۔

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے الا کلکم راع وکلکم مسئول عن رعیتہ۔ تم میں ہر ایک نگران ہے اور ہر ایک سے اس کے ماتحتوں اور زیردستوں کے متعلق پوچھا جائے گا کہ تو نے اس کی کیا رہنمائی کی تھی۔ اور کہاں تک اسے دینی معلومات بہم پہنچائی تھیں۔

پیروں سے زیادہ اپنے ماتحتوں پر کس کا اثر ہوتا ہے اس لئے اپنے متعلقین کی اصلاح کے سلسلہ میں سب سے بڑی ذمہ داری پیرانِ عظام پر عائد ہوتی ہے پھر اپنے شاگردوں کے متعلق اساتذۂ کرام پر پھر اپنے ماتحتوں کے متعلق حکام پر پھر اپنے نوکروں کے متعلق مالکوں پر اسی طرح اپنی اولاد کے متعلق ماں باپ پر اور اپنی بیوی کے متعلق خاوند پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ان کی ہر ممکن اصلاح کریں ان کی دینی تربیت کا خیال کریں انہیں مذہبی معلومات مہیا کریں قرآن پاک اور احادیث رسول پڑھائیں نماز روزہ اور زکوٰۃ کی ان سے پابندی کرائیں۔ علیٰ ہذا القیاس ہر مسلمان پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اپنے متعلقین اور زیر دست افراد کی مذہبی لحاظ سے مکمل رہنمائی اور پوری نگرانی کرے ورنہ قیامت کے دن وہ خداوندِ عالم کے مؤاخذہ سے نہیں بچ سکے گا۔ اے اللہ ہم سب کو تو اس کی توفیق عطا فرما۔

Marfat.com

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کھانے کے لئے گوشت لایا گیا اور ہاتھ کا ٹکڑا اٹھا کر آپ کو دیا گیا۔ آپ اپنے دندانِ سے اُسے نوچ نوچ کر کھانے لگے کیونکہ آپ کو ہاتھ کا گوشت بہت بھاتا تھا۔

حضرت ابو عُبیدؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہانڈی پکائی چونکہ آپ کو دستی بہت پسند تھی اس لئے ایک دستی میں نے آپ کو پکڑا دی آپ نے وہ کھا کر فرمایا لاؤ دستی میں نے دوسری بھی دے دی آپ نے پھر فرمایا لاؤ دستی میں نے عرض کیا یا رسول اللہ بکری کی دستیاں کتنی ہوتی ہیں (یعنی دو ہی ہوتی ہیں جو میں آپ کو پیش کر چکا ہوں) آپؐ نے فرمایا اللہ کی قسم اگر تو خاموشی کے ساتھ مجھے دستیاں دیتا جاتا تو میں جتنی دفعہ مانگتا اتنی دستیاں اس ہانڈی میں سے نکل آتیں)

کوئی شخص اس سے آپ کو کھانے کا زیادہ حریص نہ سمجھ لے اس لئے کہ اس وقت تو آتا ہے دو جہاں کو یہ معجزہ دکھانا مقصود تھا۔ کہ رسولوں کو مبعوث کرنے والا خدا اپنے رسولوں کی دلداری اور ان کی چاہت پوری کرنی کے لئے بعض دفعہ بالکل خلافِ قیاس اور انہونی باتیں بھی صادر کر دیتا ہے وہ ایک ہانڈی سے بکری کے بیسیوں ہاتھ نکال سکتا ہے وہ ایک پیالہ دودھ سے

سینکڑوں کو سیراب کر سکتا ہے اور وہ آپ کے دست مبارک سے پانی نکال کر ایک لشکرِ جرار اور ان کی سواریوں کی پیاس بجھا سکتا ہے مگر افسوس کہ حضرت ابو عبیدہؓ نے ذرا جلد بازی سے کام لے کر آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کر دیا جس سے بنا بنایا کھیل بگڑ گیا اور معجزے کا ظہور ہوتے ہوتے رہ گیا۔

حضرت اُمّ ہانیؓ آپ کی چچازاد بہن فرماتی ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے اور فرمایا کیا تیرے پاس کھانے کی کوئی چیز ہے میں نے عرض کیا نہیں البتہ ایک سوکھی روٹی اور سرکہ رکھا ہے آپ نے فرمایا جس گھر میں سرکہ موجود ہو وہ سالن سے خالی نہیں کہلاتا

آپ کی شکر گزاری اور دوسروں کی دلداری کی انتہا ہے کہ روکھی سوکھی روٹی کا ایک ٹکڑا پا کر غیر معمولی مسرت کا اظہار کر رہے ہیں اور اپنی میزبان کی دلداری کے لئے فرماتے ہیں کہ ماشاء اللہ تمہارا گھر تو خوشحال ہے الحمد للہ کوئی ناداری نہیں

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ جہاں تعلقات بے تکلف ہوں وہاں فرمائش کر کے کوئی چیز کھا پی لینے میں کوئی حرج نہیں یہی مضمون قرآنِ پاک کی آیت لَیْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ الخ میں بیان ہوا ہے۔

Marfat.com

# سیّدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی فضیلت

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا بھر کی عورتوں پر عائشہ رضؓ کی فضیلت ایسی ہے جیسے ثرید کی فضیلت تمام کھانوں پر۔

عرب میں ثرید کو بہترین کھانا سمجھا جاتا تھا کیونکہ لذیذ ہونے کے علاوہ انتہائی زود ہضم بھی ہے یہ شوربے میں روٹی کے ٹکڑے بھگو کر بنا لیا جاتا ہے تو جس طرح اہلِ عرب کے ہاں دنیا کا کوئی دوسرا کھانا ثرید کا مقابلہ نہیں کر سکتا اسی طرح سارے جہان کی عورتیں فضیلت و عظمت میں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضؓ کا مقابلہ نہیں کر سکتیں اور حضرت عائشہ رضؓ کی یہ فضیلت محض اس لئے نہیں کہ وہ آپ کی محبوب بیوی تھیں بلکہ ان کا فضل و کمال ان کا علم و بصیرت اور دقیق فقہی مسائل میں ان کی نکتہ آفرینیاں ہر پڑھنے سننے والے کو اس پر مجبور کر دیتی ہیں کہ وہ حضرت عائشہ رضؓ کی فضیلت و عظمت کا معترف ہو اور یہ ایک ایسا شرف ہے جو آپ کے سوا دنیا کی کسی عورت کو حاصل نہ ہو سکا تو گویا حضرت عائشہ رضؓ کی فضیلت اسی نسبت کے لحاظ سے ہے لہٰذا اُمّ المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضؓ اور جگر گوشہ رسول صلعم

حضرتِ فاطمۃ الزہرارضؓ کے ساتھ تقابل کرنے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ ان کی فضیلتیں دوسری نسبتوں کے لحاظ سے ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پنیر کا ایک ٹکڑا کھا کر وضو فرمایا پھر دیکھا تو بکری کی دستی کھا کر بھی وضو نہ فرمایا۔

معلوم ہوتا ہے کہ پنیر کھانے سے پہلے ہی آپ بے وضو ہو چکے تھے اس لئے بعد میں وضو فرمالیا کیونکہ ہمہ وقت باوضو رہنا آپ کی عادتِ شریفہ تھی اور گوشت کھاتے وقت آپ کا سابقہ وضو برقرار تھا۔ اس لئے جدید وضو کرنے کی ضرورت نہ سمجھی کیونکہ گوشت کھانے سے کوئی وضو ٹوٹ تو نہیں جاتا۔

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیوی سیدہ صفیہ رضؓ کا ولیمہ ستو اور کھجور سے کیا۔

سبحان اللہ کیسا سادہ نکاح اور کیسا بے تکلف ولیمہ ہے آج کل تو ہمارے نکاح ولیمے ختنے اور خوشی کی دیگر تقریبات ہمارے لئے مصیبت بنی ہوئی ہیں ایک معمولی سی تقریب پر صاحب گنجائش گھرانے فضول خرچی کی حدیں توڑ کر خدا اور رسول کو ناراض کرتے ہیں اور غریب و نادار لوگ قرض لے لے کر ناجائز

رسم و رواج کرنے اور جھوٹی مالداری کا رعب جماتے ہیں۔ کاش کہ مسلمان آج پھر اسی سادگی کی طرف لوٹ جائیں اور تقریبات میں ناجائز تکلفات ترک کر دیں تو خدا کی قسم ہماری یہی دنیا جنت کا نمونہ بن جائے۔ ؎

بہشت آنجا کہ آزارے نہ باشد　　کسے را باکسے کارے نہ باشد

حضرت اُمّ منذرؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے غریب خانہ پر تشریف لائے آپؐ کے ساتھ حضرت علیؓ بھی تھے۔ ہمارے گھر میں کھجور کے خوشے ٹنگے ہوئے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علیؓ اس میں سے لے کر کھانے لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علیؓ ذرا توقف کرو اس لئے کہ تم ابھی ابھی بیماری سے اٹھنے کی وجہ سے کمزور ہو حضرت علیؓ تو چپکے بیٹھ گئے اور حضور علیہ السلام کھاتے رہے اُمّ منذرؓ کہتی ہیں کہ پھر میں نے تھوڑے سے جو اور چقندر لے کر پکائے حضور علیہ السلام نے فرمایا اے علیؓ لو یہ کھاؤ یہ تمہاری حالت کے موافق ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لاتے اور پوچھتے کوئی ناشتہ کی چیز ہے میں جواب دیتی نہیں آپ فرماتے تو پھر میں روزہ رکھ لیتا ہوں ایک دن اسی طرح تشریف لائے تو میں

Marfat.com

نے کہا یا رسول اللہ ایک ہدیہ آیا ہوا رکھا ہے آپ نے پوچھا کیا چیز ہے میں نے کہا حیس ہے (ایک قسم کا حلوہ جو گھی پنیر اور کھجوروں سے بنایا جاتا تھا) آپ نے فرمایا میں نے تو روزہ کا ارادہ کر لیا تھا تاہم آپ نے اس میں سے کچھ کھا لیا اور نفلی روزہ توڑ دیا۔

غالباً بعد میں اس کی قضا دے دی ہوگی۔

حضرت عبداللہ بن سلامؓ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جَو کی روٹی کا ٹکڑا لے کر اس پر کھجور رکھ لی اور فرمایا یہ اس کا سالن ہے۔

گویا روٹی پیٹ میں اتارنے کے لئے لمبے چوڑے تکلفات کی کوئی ضرورت نہیں موقع کے مطابق جس طرح بسہولت کھانا حلق سے اتارا جا سکے اتار لے۔ اسی طرح کھجور کے ساتھ جب روٹی کھائی جا سکتی ہے تو تکلف کر کے وقت اور پیسہ کیوں ضائع کیا جائے اس کی بجائے یہی پیسہ کسی کارِ خیر میں لگایا جائے تو آخرت کا ذخیرہ بن جائے اسی وقت میں کوئی نیکی کی جائے تو خدا کی رضامندی حاصل ہو۔

حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہانڈی اور پیالے کی تلچھٹ یا نیچے کا بچا ہوا کھانا بہت مرغوب تھا۔

Marfat.com

مرغوب ہونے کے علاوہ اس میں یہ حکمت بھی ملحوظ ہوگی کہ خلق نبوت کا مظاہرہ کرنے کے لئے پہلے دوسروں کو کھلانے کا موقع مل جاتا تھا۔ بعد میں بچا کھچا صبر و شکر کے ساتھ خود نوش فرما لیتے۔

عبدالعزیز بن صہیب رضؓ نے حضرت انسؓ سے پوچھا کہ لہسن کے بارے میں آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا سنا ہے انہوں نے جواب دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو اسے کھائے وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے

غالباً اس سے کچا مراد ہوگا کیونکہ اس کی بدبو ناگوار ہوتی ہے جس سے نمازیوں اور فرشتوں کو تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہے اس لئے آپ نے منع فرما دیا کہ تازہ اور کچا لہسن کھا کر مسجد میں نہ آؤ۔

معدان بن ابی طلحہؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ جمعہ کے دن خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے تو آپ نے اللہ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا اے لوگو! تم دو ایسی چیزیں کھاتے ہو جنہیں میں تو خبیث ہی سمجھتا ہوں یہ لہسن اور پیاز ہیں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دیکھتا تھا۔ اگر کسی شخص کے منہ سے ان چیزوں کی بو آرہی ہوتی تو اس کا ہاتھ پکڑ کے مسجد سے نکالا اور بقیع میں پہنچا دیا

Marfat.com

دیا جاتا تھا۔ پس جس شخص نے یہ چیزیں ضرور کھانا ہوں اسے چاہیئے کہ اچھی طرح پکا کر کھائے (کیونکہ زیادہ پکنے سے ان کی بدبو جاتی رہتی ہے)

حضرت ام ایوبؓ کہتی ہیں کہ میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کھانا پکایا اس میں کوئی بدبودار سبزی بھی تھی (غالباً وہ پیاز ہوگا) تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ میں اپنے صاحب کو تکلیف دینا نہیں چاہتا۔

صاحب سے مراد حضرت جبریلؑ ہیں یا عام صحابہ کرامؓ یا اہلِ خانہ۔ کیونکہ بدبو سے ہر ایک کو تکلیف ہوتی ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں کہ ہم رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مقام مرالظہران میں پیلو توڑ رہے تھے آپ نے فرمایا کالے توڑو وہ بہت عمدہ ہوتے ہیں اس وقت کسی نے پوچھا یا رسول اللہ کیا آپ نے بکریاں بھی چرائی ہیں آپ نے فرمایا کوئی بھی نبی ایسا نہیں جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں۔

## بکریاں چرانے کی حکمت:۔

نبی کو نبوت کے جس بارِ گراں کے لئے قدرت تیار کر رہی ہوتی ہے

Marfat.com

اس لئے بہت بڑے حوصلے اور اعلیٰ درجے کی بردباری کی ضرورت ہے غالباً یہی صفت پیدا کرنے کے لئے انبیاء سے بکریاں چرائی گئیں کیونکہ بکری ایک ایسا سیماب صفت جانور ہے کہ یہ ایک جگہ ٹھہر کے نہیں چر سکتی کبھی ادھر بھاگتی ہے کبھی اُدھر کبھی یہاں منہ مارتی ہے کبھی وہاں جسے دیکھ کر چرواہے کو بے حد غصہ آتا ہے اس وقت اگر وہ تحمل سے کام نہ لے تو بکریوں کا نقصان کر بیٹھے کیونکہ نازک طبعی کی وجہ سے یہ مار تو ذرا بھی برداشت نہیں کر سکتیں تو گویا بکریوں کی چرائی تحمل و بردباری کے ایک کورس کے طور پر انبیاء علیہم السلام سے کرائی گئی تاکہ آگے چل کر وہ ساری انسانیت کو چرانے اور ان کی نگہبانی کرنے کے قابل ہو سکیں۔

حضرت جابرؓ ہی سے پوچھا گیا کہ آگ سے پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضوء ضروری ہوتا ہے آپ نے فرمایا نہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تو ہمیں ایسی چیزیں بہت کم ملتی تھیں اور جب ملتیں تو پھر ہمارے پاس رومال تو ہوتے نہ تھے جن کے ساتھ فراغت کے بعد ہاتھ پونچھ لیتے بس یہی ہتھیلیاں کلائیاں اور پاؤں کے تلوے ہوتے تھے۔ جن پر مل ملا لیتے تھے۔ گویا کھانے کے بعد ہاتھ دھونے اور رومال سے پونچھنے کی گنجائش ہے۔

Marfat.com

ہاتھوں کو مل ملا لینے کا فعل تو بامرِ مجبوری تھا جس کا اظہار حضرت جابرؓ کے طرزِ بیان سے ہو رہا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی کا خادم کھانا لے کر آئے تو اسے اگر اپنے ساتھ نہ بٹھا سکے دکھانے کی کمی کی وجہ سے یا کسی اور بنا پر) تو ایک دو لقمے اسے پکڑا دے کیونکہ اس نے آگ کی گرمی اور پکانے کی تکلیف برداشت کی ہے۔

یعنی اعلیٰ درجہ تو یہ ہے کہ خادم اور نوکر کو اپنے ساتھ بٹھا کر کھلائے اگر کسی عذر کی وجہ سے ساتھ بٹھانے کی گنجائش نہ ہو تو کم از کم اسے کلیتہً تو محروم نہ رکھے بلکہ کچھ نہ کچھ اس کے ہاتھ پر دھر دے تاکہ اس کی دلداری ہو جائے۔

## اسلامی مساوات:۔

سبحان اللہ یہ صحیح اسلامی مساوات ہے کہ آقا اپنے نوکروں کے ساتھ مساوی سلوک کرے اور کھانے وقت اپنے برابر دسترخوان پر بٹھائے آجکل اسلامی سوشلزم اور مساواتِ محمدی کے نعرے لگانے والوں سے یہ توقع کہاں کی جا سکتی ہے کہ وہ اپنے نوکروں ماتحتوں اور خادموں کو اپنے برابر دسترخوان

Marfat.com

پر بٹھائیں اور اپنے پہلو بہ پہلو ان مزدوروں کو جگہ دے کر ان کے احساسِ آدمیت کو بلند کریں تاکہ وہ بھی اپنے آپ کو ملک کے صدر اور صوبے کے گورنر جیسا ایک انسان سمجھنے لگیں ہم نے طبقہ داری کے بیج اتنی گہرائی میں جاکر بوئے ہیں کہ اب ان کے اکھاڑ پھینکنے کی کوئی سبیل ہی نظر نہیں آتی ہم نے عدالتوں کچہریوں اور دفتروں میں کرسی نشینوں کو اتنا بلند کر دیا ہے کہ اگر کوئی سائل دروازے کی چک اٹھا کر جھانک لینے کی بھی حرکت کرلے تو یا تو اپنے آپ اس کی پگڑی ــــــ گر جائے گی۔ اور یا پھر صاحب سے بھی زیادہ صاحب اردلی اس کی پگڑی اچھال دیں گے کہ تم نے یہ جرأت وجسارت کیوں کی کہ صاحب بہادر کی چک کو ہاتھ لگا دیا اس زمانے میں صحیح اسلامی مساوات کا مظاہرہ کرنے کی اگر توفیق ہوئی تو سرحد کے درویش وزیرِ اعلیٰ قاسم العلوم ملتان کے شیخ الحدیث جمعیت علماءِ اسلام کے معزز رہنما حضرت مولانا مفتی محمود صاحب مدظلہٗ کو جن کے متعلق اخبارات نے لکھا کہ جب پشاور کے کسی ہوٹل میں انہوں نے بعض غیر ملکی مہمانوں کی میزبانی فرمائی تو اپنے اور مہمان پارٹی کے ڈرائیوروں کو بھی اپنے ساتھ دسترخوان پر بٹھالیا یہ بات ہوٹل کی انتظامیہ کے لئے ایک حادثے اور غیر ملکی مہمانوں کے لئے کسی اچنبھے سے کم نہ تھی کہ وقت کا وزیرِ اعلیٰ اپنے ڈرائیوروں اور نوکروں کو

Marfat.com

برابر بٹھا کے کھلاتا ہے اگر علوم اسلامی پر ان لوگوں کی نظر ہی بھی گہری نہ ہوتیں اور اگر اسوۂ نبوت کی محبت ان کے دلوں میں رچ بس گئی نہ ہوتی تو ان سے بھی یہ توقع نہ کی جا سکتی تھی کہ طبقہ داری کے اس دور میں سنتِ نبویؐ کے مطابق بندہ و آقا اور ایاز و محمود کے درمیان حائل ہونے والی دیواروں کو ڈھا سکیں۔ ؎

ایں سعادت بزورِ بازو نیست　　　تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

اُمّ المومنین حضرت عائشہ الصدیقہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب نماز کی تکبیر کہہ دی جائے اور ادھر کھانا بھی حاضر ہو تو پہلے کھانا کھا لو پھر نماز پڑھو۔

یعنی اگر کھانے کی شدید خواہش ہو اور جماعت کا وقت بھی ہو جائے تو پہلے کھانا کھا لینا بہتر ہے تاکہ نماز میں کھانے کا دھیان نہ آتا رہے بلکہ اس کے برعکس اگر کھانے میں نماز کا خیال آئے تو کھانا بھی نماز بن جائے لیکن یہ رخصت اس وقت ہے جب دل میں کھانا ہی کھانا سمایا ہوا ہو اور اگر خواہش اتنی شدید نہیں تو نماز ہی پہلے پڑھنا بہتر ہے۔

## میزبانی اور کھلانے پلانے کی خیر و برکت :-

ہم لوگ دوستوں مہمانوں یا حاجت مندوں اور فقیروں کو کھلانے سے اس لئے کتراتے ہیں کہ ہمارے خیال میں اس طرح بجٹ میں کمی آجائے گی لیکن فرمانِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق مہمانوں یا حاجت مندوں کو کھلانا بجٹ میں کمی کی بجائے رزق میں خیر و برکت کا باعث ہے اسی لئے شیخ سعدی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں تو مہمان کو کھلانے میں تنگ دل کیوں ہو رہا ہے وہ تو اپنا رزق ساتھ لے کر آتا ہے اور خیر و برکت تیرے گھر میں چھوڑ جاتا ہے اسی بنا پر حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اور صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی مستقل عادت تھی۔ کہ جب تک کوئی ساتھی یا مہمان ان کے دستر خوان پر نہیں آجاتا تھا وہ کھانا نہیں کھاتے تھے۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی کھانے کی بجائے دوسروں کو کھلا کر بہت خوش ہوا کرتے تھے۔

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی ذات اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیئے کہ اپنے مہمان کی لازماً عزت کرے اور جو شخص اللہ اور روزِ قیامت پر یقین رکھتا ہے اسے چاہیئے کہ

Marfat.com

اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائے اور جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر یقین رکھتا ہو اسے چاہیئے کہ بولے تو نیکی کی بات کہے ورنہ خاموش رہے۔

گویا ایماندار شخص ان تین صفات سے خالی نہیں ہونا چاہیئے مومن ہو اور مہمان کی عزت نہ کرے مومن ہو اور اپنے پڑوسی کو تکلیف پہنچائے مومن ہو اور بے ہودہ بکواس کرے یہ کبھی نہیں ہو سکتا اور اگر وہ ان ممنوعات کا ارتکاب کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ درحقیقت مومن ہی نہیں اس کی زبان پر تو اسلام ہے لیکن دل میں ایمان نہیں۔

حضرت ابو شریح کعبی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ کی ذات اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیئے کہ اپنے مہمان کی تکریم کرے مہمان کا واجبی انعام تو ایک دن رات ہے اور مہمانی تین دن ہے اور اس کے بعد صدقہ ہے اسی طرح مہمان کے لئے بھی جائز نہیں کہ وہ اس کے پاس ڈیرے ہی ڈال کر بیٹھ جائے حتٰی کہ میزبان تنگ آجائے۔

شریعتِ محمدی کا یہ امتیازی وصف ہے کہ وہ ہر معاملے کے دونوں پہلو نظر میں رکھ کر حکم لگاتی ہے گویا تصویر کے دونوں رُخ دیکھ کر اس کے حسن و قبح کا

Marfat.com

فیصلہ کرتی ہے زبانِ نبوت نے جہاں مہمان کے حقوق میزبان کو بتلائے ہیں وہیں مہمان کو بھی تنبیہہ کر دی کہ وہ میزبان کی گنجائش سے زیادہ اس کے پاس ٹھہر کر اس کے لئے ناقابلِ برداشت بوجھ نہ بن جائے ورنہ ایسے بوجھ کو اتار پھینکنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوتا مبادا ایسا ہو کہ گھر والے تنگ آکر اسے دھتکار دیں اس طرح اپنی عزت اور ان کی خدمت برباد کرنے کا سبب بنے۔

## حقوق العباد کی اہمیّت :۔

ابو جحیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان اور ابو درداءؓ کے درمیان مواخات کرادی ایک دفعہ سلمان حضرت ابو درداءؓ کو ملنے کے لئے آئے تو اپنی بھاوج یعنی ابو درداءؓ کی بیوی کو میلے کچیلے لباس میں پریشان حال دیکھا تو پوچھا بہن تو نے یہ کیا حالت بنا رکھی ہے وہ کہنے لگیں تمہارے بھائی کو تو دنیا داری والے کام کی کوئی ضرورت ہی نہیں تو پھر میں بنوں سنوروں تو کس کے لئے اتنے میں ابو درداءؓ بھی آگئے اور انہوں نے حضرت سلمانؓ کے لئے کھانا تیار کیا اور فرمایا آپ کھالیں میں تو روزہ سے ہوں حضرت سلمانؓ نے کہا میں بھی اس وقت تک نہیں کھاؤں گا جب تک کہ آپ نہیں کھاتے مجبوراً ابو درداءؓ

نے ساتھ کھالیا جب رات ہوئی تو حضرت ابو درداؓ شب زندہ داری اور عبادت گزاری کے لئے جانے لگے حضرت سلمان نے کہا ابھی سو جاؤ وہ سو گئے پھر تھوڑی دیر بعد اٹھنے لگے سلمانؓ نے پھر منع کیا جب رات کا آخری حصہ آگیا تو حضرت سلمانؓ نے فرمایا اب اٹھو پس دونوں نے نمازِ تہجد پڑھی اور حضرت سلمانؓ نے فرمایا اے ابو درداؓ تیرے رب کا تیرے اوپر حق ہے تیرے نفس کا تیرے اوپر حق ہے اور تیری بیوی کا تیرے اوپر حق ہے پس ہر حق دار کو اس کا حق ادا کرو صبح حضرت سلمانؓ نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رات کا سارا ماجرا بیان کیا تو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلمانؓ نے بالکل سچ کہا ہے

یعنی حقوق کی خدا، نفس اور بیوی کے درمیان جو تقسیم کی ہے وہ بالکل صحیح ہے میں بھی اس کی تصدیق کرتا ہوں گویا بیوی کے حقوق ادا کرنے کے لئے رات کا ایک حصہ تنہائی میں اس کے پاس گزارے۔ نفس کا حق ادا کرنے کے لئے رات کا کچھ حصہ سو رہے اور خدا کا حق ادا کرنے کے لئے پچھلی رات اٹھ کر نمازِ تہجد پڑھے اس طرح ہر حق دار کے حق کی ادائیگی کرے تبھی سرخرو ہو سکے گا ورنہ صرف عبادت و ریاضت کر کے اپنے اہل و عیال کے حقوق کے مطالبہ سے خلاصی نہیں پا سکتا آخرت میں جہاں نماز روزہ کے متعلق پوچھا جائے گا وہیں یہ بھی سوال

Marfat.com

ہو گا کہ اے مرد تو نے اپنی بیوی کے حقوق کیوں ادا نہیں کئے اسی طرح عورت سے پوچھا جائے گا کہ تو نے اپنے خاوند کے حقوق کیوں پامال کئے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے حقوق تو معاف بھی کر سکتے ہیں مگر حقوق العباد کی معافی تو بغیر ادائیگی کے ہو ہی نہیں سکتی۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چھری جتنی تیزی سے اونٹ کے کوہان کی طرف جاتی ہے اس سے بھی زیادہ تیزی کے ساتھ خیر و برکت اس گھر کی طرف جاتی ہے جس میں لوگوں کو کھانا کھلایا جاتا ہو۔

حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس گھر کو مہمانوں کی کثرت نے ڈھانپ رکھا ہو اس گھر کی طرف خیر و برکت اس سے کہیں زیادہ تیزی کے ساتھ جاتی ہے جتنی تیزی سے چھری اونٹ کے کوہان کی طرف جاتی ہے۔

مطلب یہ ہے کہ فی الفور اس گھر پر اللہ کی رحمتوں اور برکتوں کا نزول شروع ہو جاتا ہے کوہان کی طرف چھری جانے کا مطلب یہ ہے کہ اونٹ کو ذبح کرنے کے بعد کوہان سے اس کی کھال اتارنا شروع کی جاتی ہے تو اونٹ کے ٹھنڈا

Marfat.com

ہوتے ہی قصاب چھریاں لے کر اس کے کوہان کی طرف بڑھتے ہیں اس میں چونکہ سرگرمی اور تیزی دکھائی جاتی ہے اس لئے برکت کے جلد آنے کو اس کے ساتھ تشبیہہ دی گئی ہے۔

## مہمانی کے آداب :-

پچھلے عنوان میں حضرت سلمان وابو درداءؓ کی جو حکایت گزری ہے اس سے معلوم ہوا کہ آدابِ مہمانی میں سے ایک یہ بھی ہے کہ جہاں تک ہو سکے میزبان خود اپنے ہاتھ سے مہمان کی خدمت کرے یہ تو ادب اور مروت کے خلاف ہے کہ مہمان کو نوکروں اور خادموں کے سپرد کر کے خود جا کے سو رہے بلکہ بہترین میزبانی یہی ہے کہ مہمان کی ہر ضرورت اس سے پوچھ کر بذاتِ خود اسے پورا کرنے کی سعی کرے اس سے مہمان کو خوشی اور ایک گونا گوں مسرت حاصل ہوتی ہے مہمانوں کا ایک ادب یہ بھی ہے کہ ان کے سامنے ان پر یا کسی دوسرے پر ناراضگی کا اظہار نہ کرے۔

عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ کہتے کہ حضرت ابوبکرؓ نے ایک قبیلے کی مہمانی کی جب سارے مدعوین آگئے تو مجھے فرمایا اے عبدالرحمٰن تو مہمانوں کی خبرگیری کر مجھے تو

آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جانا ہے اور دیکھو میرے آنے سے
پہلے پہلے ان کو کھانا کھلا کے فارغ کر دینا حضرت عبدالرحمٰن جا کے کھانا لے
آئے اور کہا کہ شروع فرمائیں وہ کہنے لگے گھر کا مالک (یعنی ہمارا میزبان) کہاں ہے
حضرت عبدالرحمٰن نے کہا آپ کھانا تو کھاؤ وہ کہنے لگے جب تک صاحب خانہ نہیں
آجاتا ہم کھانا نہیں کھائیں گے عبدالرحمٰن نے عرض کیا آپ لوگ ماحضر تناول کر
لیں اگر ان کے آنے تک آپ نے کھانا نہ کھایا تو پھر ہم سب کی خیر نہیں انہوں
نے پھر بھی انکار کیا۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ مجھے یقین ہو گیا کہ حضرت ابوبکر آکر میرے
اوپر ضرور ناراض ہوں گے جب آپ تشریف لائے تو میں ڈر کے مارے ایک
طرف کھسک گیا۔ آپ نے پوچھا تم لوگ کھانا کھا چکے ہو انہوں نے سارا
ماجرا کہہ سنایا حضرت ابوبکر نے آواز دی اے عبدالرحمٰن میں چپ رہا پھر کہا
عبدالرحمٰن میں پھر بھی خاموش رہا حضرت ابوبکر کو غصہ آگیا فرمایا یا غنثر یعنی او
گندے یا او جاہل میں نے بھی قسم کھا لی ہے کہ اگر تو سننے کے باوجود بھی نہ
آیا تو میں گھر سے چلا جاؤں گا پھر مجھے بولنا ہی پڑا میں نے کہا اپنے مہمانوں سے
پوچھو میرا کتنا قصور ہے۔ انہوں نے میری صفائی دی کہ یہ تو کھانا لایا تھا ہمیں
نے نہیں کھایا ابوبکر بولے تو پھر تم میرا انتظار کرتے رہے ہو اللہ کی قسم میں

Marfat.com

میں بھی آج رات کھانا نہیں کھاؤں گا اس کے بالمقابل انہوں نے بھی قسم کھالی کہ جب تک تو نہیں کھائے گا ہم بھی نہیں کھائیں گے حضرت ابوبکر کو پھر کچھ احساس ہوا فرمایا میں نے آج جیسی بدترین رات کبھی نہیں دیکھی تمہیں کیا ہو گیا ہے تم کیوں ہماری میزبانی قبول نہیں کرتے۔ عبدالرحمٰن جاؤ کھانا لاؤ میں نے کھانا لاکر سامنے رکھ دیا فرمایا بِسمِ اللّٰہ اَلاُولیٰ لِلشَّیطان یعنی بسم اللہ کرو یہ پہلی بات تو شیطان نے کہلوا دی تھی (یعنی بلاوجہ جو قسما قسمی اور ایک قسم کی ناراضگی ہو گئی ہے یہ شیطانی اثر ہے اسے دفع کرو اور کھانا کھاؤ اس کے بعد آپ نے اور ان سب نے کھانا کھالیا۔

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سنت یہ ہے کہ آدمی اپنے گھر کے دروازے تک مہمان کو چھوڑ کے آئے۔

یعنی یہ مناسب نہیں کہ بیٹھک کے اندر ہی مصافحہ کر کے ان کو روانہ کر دے بلکہ دروازے تک الوداع کہنے کے لئے آنا چاہیئے بلکہ اگر ہو سکے تو سواری یا اڈہ اور سٹیشن تک جاتے۔

Marfat.com

## پینے کے آداب :-

حضرت جابر بن عبداللہؓ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا برتنوں کو ڈھانپ کر رکھو اور مشکیزے کا منہ باندھ دیا کرو دیا بجھا دیا کرو اور دروازہ بند کر دیا کرو اس لئے کہ شیطان بند مشکیزے میں اتر نہیں سکتا اور دروازے کو کھول نہیں سکتا اور برتن کو ننگا نہیں کر سکتا اور اگر کسی کو ڈھانپنے کی کوئی چیز نہ ملے تو وہ بسم اللہ پڑھ کر برتن کے منہ پر کوئی لکڑی رکھ دے

گرمیوں کے موسم میں عموماً حشرات الارض (کیڑے مکوڑے) کپڑوں میں کھانے پینے کے برتنوں میں بلکہ بیٹھنے لیٹنے کی جگہوں میں آگھستے ہیں اگر برتن ننگے ہوں تو بہت ممکن ہے ان میں کوئی موذی چھپ کر بیٹھا ہو اور پینے والے کو آزار پہنچائے اگر اس کا احتمال نہ بھی ہو تو بھی صفائی اور پاکیزگی کا تقاضا ہے کہ برتن ڈھانپ کے رکھے جائیں تاکہ ان پر گرد و غبار اور تنکے وغیرہ نہ پڑ سکیں دروازہ کھلا ہو تو چوروں کے علاوہ کتے بلیاں آگھستے ہیں اور دوسری چیزوں کا نقصان کرنے کے علاوہ برتن پلید کرتے ہیں اور دیا نہ بجھایا جائے تو بسا اوقات ہوا کے

Marfat.com

جھونکوں سے اِدھر اُدھر آگ لگ جاتی ہے جس سے مکان ہی جل جانے کا اندیشہ ہے کبھی ایسے بھی ہوتا ہے کہ چوہیا جلتی ہوئی بتی پکڑ کے دوڑ پڑتی ہے تو پھر وہ جہاں جہاں سے گزرے وہ ساری چیزیں آگ کی زد میں آجاتی ہیں بس انہی نقصانات کے امکانات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شیطان سے تعبیر فرمایا ہے کیونکہ شیطان کا کام ہی نوع انسان کا نقصان کرنا ہے۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے میں رات کو تین برتن ڈھانپ کے رکھتی تھی ایک برتن میں آپ کے وضو کا پانی ہوتا تھا۔ دوسرے میں آپ کی مسواک اور تیسرے میں آپ کے پینے کا پانی ہوتا تھا۔

## پانی پلانے کا ثواب :-

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک شخص راہ میں چلا جا رہا تھا۔ اچانک اسے پیاس نے بیتاب کر دیا اس نے ایک کنواں دیکھا اور پانی پینے کے لئے اس کے اندر اتر گیا پانی پی کر جب وہ شخص باہر نکلا تو اس نے دیکھا کہ ایک کتا کھڑا ہونک رہا ہے اور

شدید پیاس کی وجہ سے گیلی مٹی کو چاٹ رہا ہے اس آدمی نے محسوس کیا کہ پیاس نے کتے کو بھی اسی طرح بے تاب کر رکھا ہے جیسے مجھ کو کیا تھا۔ وہ پھر کنویں میں اترا اور اپنے موزے کو پانی سے بھر لیا اور اپنے منہ میں پکڑ کر باہر نکل آیا اور وہ پانی کتے کو پلا دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی ہمدردی کی قدردانی کرتے ہوئے اسے بخش دیا لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم تو کیا چوپایوں کی ہمدردی اور خبر گیری میں بھی ہمارے لئے اجر ہے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چوپایوں پر ہی کیا موقوف ہے بلکہ ہر تر جگر والی چیز میں تمہارے لئے اجر ہے۔

یعنی مخلوق خدا میں سے کسی بھی جانور پر رحم کرو گے تو تم اللہ کے ہاں اجر کے مستحق ہو گے خواہ وہ کتے اور بلی جیسا ذلیل جانور ہی کیوں نہ ہو کیونکہ بھوک اور پیاس کا ہر جاندار کو یکساں احساس ہوتا ہے جس طرح آدم زاد بھوک کی وجہ سے بلبلاتا اور پیاس کی شدت کی وجہ سے بے چین ہوتا ہے اسی طرح ہر جاندار کو بے تابی اور بے چینی ہوتی ہے پس اگر کوئی رحم دل انسان کسی بھی جانور پر رحم وکرم کا مظاہرہ کرتا ہے تو وہ ایسا ہی ہے جیسے اس نے کسی انسان کی پیاس بجھا دی ہو یا کسی آدمی کی بھوک مٹانے کا سامان کر دیا ہو اللہ تعالیٰ

Marfat.com

مخلوقِ خدا پر اس کی جان سوزی اور ہمدردی کی قدردانی میں اس کی مغفرت کا سامان کردیتے ہیں۔

## چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے کی ممانعت :۔

حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ درحقیقت اپنے پیٹ میں آگ انڈیل رہا ہے۔

یعنی اس جرم کی سزا اسکو یہ ملے گی کہ آخرت میں آگ کے انگارے نگلنے پڑیں گے اَعَاذَنَا اللّٰہُ مِنْھَا یہ ممانعت مردوں عورتوں دونوں کے لئے ہے کیونکہ عورتیں بھی سونے چاندی سے صرف زیور کی صورت میں فائدہ اٹھاسکتی ہیں اور کسی صورت میں نہیں۔

حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے چاندی کے برتنوں میں پینے سے منع فرمایا ہے اور آپؐ نے فرمایا ہے کہ یہ چیزیں ان کے لئے دنیا میں ہیں اور تمہارے لئے آخرت میں۔

یعنی کافر لوگ دنیا میں ان سے لطف اندوز ہورہے ہیں مگر آخرت میں

Marfat.com

محروم رہیں گے اور تمہارے لئے آخرت میں یہ چیزیں مہیا کی جائیں گی کیونکہ شریعت کی ممانعت کی وجہ سے تم لوگ دنیا میں ان سے محترز رہے۔

## تین سانس میں پینا مسنون ہے:۔

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانی پیتے وقت تین سانس لیتے تھے۔

اگر کوئی شخص سخت پیاس کی حالت میں ایک دم برتن کو منہ میں انڈیل لے تو بسا اوقات تکلیف اور بیماری کا سبب بن جاتا ہے اور ایک دم پینے میں ایک قسم کی بے صبری بھی معلوم ہوتی ہے اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہایت سکون کے ساتھ تین سانس میں پانی پیتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ کوئی شخص مشکیزے کو منہ لگا کے پانی پیئے۔

اسی طرح آجکل گھڑے بالٹی یا جگ کو منہ لگا کے پینا بھی اس ممانعت میں شامل ہے۔

حضرت ابنِ عباس رضؓ ہی کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

Marfat.com

پینے کی چیز ایک دم نہ چڑھا جایا کرو جیسے اونٹ پیتا ہے بلکہ دو یا تین سانس لے کر پیو اور جب پینے لگو تو بسم اللہ پڑھا کرو اور جب پی چکو تو الحمد للہ کہا کرو۔

اونٹ کی عادت ہے کہ نہ پئے تو ہفتوں نہ پئے اور جب پینا شروع کرے تو ایک ہی سانس میں ہفتہ بھر کا راشن غٹا غٹ پی جائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کا مطلب یہ ہے کہ انسان کو کھانے پینے میں جانوروں کی سی بے صبری اور لالچ کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیئے اور شروع اور آخر میں اس پروردگار کو یاد کرنا ضروری ہے جس نے تمہارے استحقاق کے بغیر محض اپنے فضل و کرم سے کھانے پینے کی یہ لذیذ اور فرحت بخش چیزیں تم کو عطا کیں اور جب تم اس کی نعمتوں کو اسی کے نام سے شکر گزاری کے ساتھ کھاؤ پیو گے تو وہ داتا خوش ہو کر تم کو اور زیادہ عطا کرے گا نہیں تو کم از کم تمہارا نام تو شاکرین کی فہرست میں شمار کرے گا۔

ثمامہ بن عبداللہ رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت انس رضؓ برتن میں تین سانس لیتے تھے اور حضرت انس رضؓ ہی کا دعویٰ ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم برتن میں تین سانس لیا کرتے تھے۔

Marfat.com

مطلب یہ ہے کہ گلاس ہو پیالہ جس برتن میں بھی آپ پانی وغیرہ پیتے تھے اسے تین سانس میں ختم کرتے تھے۔ بعض لوگ غلط فہمی سے یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ اپنی پیاس کے مطابق جتنا پانی پینا ہو وہ تین سانس میں پیئے اس مغالطہ کی تردید اسی حدیث میں موجود ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل اور حضرت انسؓ کا دعویٰ برتن کے متعلق ہے کہ ایک برتن میں تین سانس لے خواہ برتن چھوٹا ہو یا بڑا۔ تین گلاس پینا مراد نہیں ہے۔

## کھڑے ہوکر پینا خلافِ سنت ہے۔

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ کوئی شخص کھڑا ہو کے پانی پیئے

آج کل کوکاکولا اور سیون اپ کے رسیاؤں کا تو فیشن ہی بن چکا ہے کہ کھڑے ہو کر بوتل منہ میں انڈیلی جائے اور ایسا کرتے وقت ان کا دماغ کم از کم ساتویں آسمان پر پہنچا ہوا ہوتا ہے وہ گلاس سے پانی یا سوڈا پینے والوں کو اپنے بالمقابل بالکل کمین سمجھتے ہیں حالانکہ سنتِ رسول کی خلاف ورزی اور دوسرے انسانوں کی تحقیر کرنے کی وجہ سے وہ خود کمین ہی نہیں بلکہ گدھوں سے بھی بدترین

بن چکے ہوتے ہیں لیکن اپنی حماقت کا شیشہ ان کے سامنے نہیں ہوتا کاش کہ ایسے لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کو دھیان سے پڑھیں کہ

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص کھڑا ہوکر ہرگز نہ پیئے اور جو بھول کے پی لے تو اسے چاہیئے کہ قے کر دے۔

کیونکہ اس نے ایک قسم کا شیطانی کام کر کے خود نہیں بلکہ شیطان کو پلایا ہے اس لئے اسے چاہیئے کہ قے کر کے شیطان کی خوشیوں پر پانی پھیر دے یہ امر مستحب ہے ضروری نہیں۔

## آب زمزم اور وضو کا بچا ہوا پانی کھڑے ہوکر رو بقبلہ پینا مسنون ہے

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ میں زمزم کا ڈول بھر کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا آپ نے کھڑے ہوکر نوش فرمایا۔

حضرت ابن عباسؓ ہی فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ماءِ زمزم کھڑے ہوکر نوش کیا۔

Marfat.com

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے عصر کی نماز اور جامع مسجد کوفہ کے دار القضا میں لوگوں کے مقدمات فیصل کرنے کے لئے بیٹھ گئے یہاں تک کہ عصر کا وقت ہو گیا۔ پھر آپ کے لئے پانی لایا گیا آپ نے اس سے ہاتھ منہ سر اور پاؤں دھوئے پھر کھڑے ہو کر بقایا پانی نوش کیا اور فرمایا کہ لوگ کھڑے ہو کر پانی پینے کو مکروہ سمجھتے ہیں حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایسے ہی کیا تھا جیسے میں نے کیا یعنی انہوں نے بھی کھڑے ہو کر پانی نوش فرمایا تھا۔

حضرت علی رض کے اس فعل سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ معاملہ وضوء کے بقیہ پانی کے متعلق ہے حضرت علی رض اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وضوء کے بقیہ پانی کو کھڑے ہو کر پیتے تھے۔ اور یہی ہمارے علماء کا مذہب ہے کہ وضو کا بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پینا چاہیئے اسی طرح اگر بیٹھنے کی جگہ نہ ہو یا برتن اس قسم کا ہو کہ اس سے بیٹھ کر پینا ممکن نہ ہو جیسے مشک جو اوپر لٹک رہی ہو تو کھڑے کھڑے پی لینا جائز ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کھڑے ہو کر پینے کی جو روایات ہیں وہ تقریباً ایسے ہی مواقع کی ہیں جیسے حضرت کبشہ رض کہتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے اور ہمارے لٹکے ہوئے مشکیزے کے منہ سے اپنا مقدس منہ لگا کر کھڑے کھڑے پانی نوش فرمایا۔ میں نے فوراً ہی مشک کا وہ منہ

Marfat.com

کاٹ کر رکھ لیا۔

یہاں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی ہی صورت پیش آئی ہے کہ چھوٹا برتن تھا نہیں اور مشک اوپر لٹک رہی تھی اگر نیچے اتار کر رکھ لیتے تو اول تو نیچے سے پینا ہی مشکل ہے پھر بعد میں اٹھا کر اوپر لٹکانا بھی محال اس لئے آپ نے ضرورت اور بیانِ جواز کے لئے کھڑے کھڑے ہی نوش فرمالیا۔

حضرت کبشہ رضؓ نے جو مشک کا منہ کاٹ کر رکھ لیا یہ ان کی اپنے آقا و مولا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ انتہائی محبت وعقیدت کا مظاہرہ ہے ان کو یہ گوارا نہ ہو سکا کہ جہاں ساقیٔ کوثر کا منہ لگا ہے وہاں کسی اور کا بھی منہ لگے نیز مشک کا وہ تراشہ تبرکِ نبوت کے طور پر گھر میں رہے تو خیر و برکت کا باعث ہو گا۔ ان حضرات کی رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہی عقیدتیں ہیں جن پر اللہ کی رحمتیں اور حضور علیہ السلام کی عنائتیں نثار ہوتی تھیں۔

## ساقی کے لئے مستحب ہے کہ داہنے ہاتھ سے پلانا شروع کرے

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ایک دودھیاری

Marfat.com

بکری دوہی گئی اور اس کے دودھ میں ہمارے گھر کے کنوئیں کا پانی ملا کر پکی لسی بنادی گئی پھر پیالہ بھر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ آپ نے جب پی لیا تو بائیں ہاتھ حضرت ابوبکرؓ بیٹھے تھے اور دائیں ہاتھ ایک اعرابی یعنی بدو حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اپنا تبرک حضرت ابوبکرؓ کو دے دیجئے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بدوی کو دے دیا جو داہنے ہاتھ بیٹھا تھا اور فرمایا دائیں ہاتھ والا حق دار ہے پھر جو اس کے دائیں ہاتھ ہو۔

مطلب یہ ہوا کہ عمر کے لحاظ سے چھوٹے بڑے سب جمع ہوں تو اگر چھوٹے برا محسوس نہ کریں تو پہلے بڑوں کو پلایا جائے اس کے لئے یا تو ان سے صریح اجازت لی جائے یا قرائن سے معلوم کرے جیسا کہ اس حدیث میں گزرا

حضرت سہل بن سعدؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیالہ پیش کیا گیا آپ نے اس میں سے پی لیا بقایا جو تبرک بچا تھا وہ کسی کو دینے کے لئے آپ نے دائیں بائیں دیکھا آپ کے دائیں ہاتھ ایک لڑکا غالباً حضرت ابن عباسؓ اور بائیں ہاتھ بڑے بوڑھے بیٹھے تھے۔ آپ نے فرمایا اے لڑکے کیا تو اجازت دیتا ہے کہ میں پہلے بزرگوں کو پلا دوں حضرت ابن عباسؓ نے عرض

Marfat.com

کہ یارسول اللہ میں آپ کے تبرک کے معاملہ میں کسی کو بھی اپنے اوپر ترجیح دینے کے لئے تیار نہیں ہوں آپ نے پیالہ اسی کے حوالہ کر دیا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حرکت سے منع فرمایا ہے کہ کوئی شخص برتن کے اندر سانس لے یا اس میں پھونک مارے) جس کی حکمت پہلے بیان ہو چکی ہے۔

## چپگھ لگا کر یا چلو سے پانی پینا ممنوع ہے۔

حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ ہم چپگھ لگا کر پانی پئیں اور آپ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص کتے کی طرح برتن میں منہ ڈال کے پانی نہ پئے اور نہ ہی ایک ہاتھ سے پئے جیسے وہ لوگ پیتے ہیں جن پر خدا ناراض ہو چکا ہے اور نہ ہی کوئی شخص برتن ہلا کر اطمینان کئے بغیر رات کو پانی پئے سوائے اس کے کہ برتن ڈھکا ہوا ہو لیکن اس ممانعت کے باوجود جو شخص صرف تواضع اور عاجزی کی وجہ سے ہاتھوں کی اوک لگا کر پانی پئے حالانکہ وہ برتن سے پینے پر قادر ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی انگلیوں کے برابر نیکیاں عطا فرمائے گا اور رہا حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام

کا برتن تھا۔ جبکہ انہوں نے یہ کہہ کر پیالہ پھینک دیا تھا۔ اف ھذا مع الدنیا
یعنی دنیا کے ساتھ اتنا لگاؤ افسوس ہے۔

## آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ پانی

حضرت عائشہ رضی فرماتی ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے سقیا چشمے سے میٹھا پانی لایا جاتا تھا۔ جو دو دن کے فاصلے پر ہے۔ بعض نے سقیا نامی ایک بستی بتلائی ہے جہاں سے یہ پانی لایا جاتا تھا۔ اور وہ مکہ اور مدینہ کے درمیان واقع ہے۔

## دودھ کی تعریف:۔

اللہ تبارک وتعالیٰ دودھ کی تعریف کرتے ہوئے قرآنِ پاک میں فرماتے ہیں۔
لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ یعنی خالص دودھ جو پینے والوں کے لئے خوشگوار ہے۔

حضرت ابنِ عباس رضی کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی کھانا کھائے تو اسے چاہیئے کہ یہ دعا پڑھے۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِّنْہُ۔ ترجمہ اے اللہ ہمیں اس میں برکت دے اور اس سے بہتر عطا فرما۔ اور جب کوئی دودھ پئے تو اُسے یہ دعا پڑھنی چاہیئے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ۔

یعنی اے اللہ ہمیں اس میں برکت دے اور زیادہ سے زیادہ عطا فرما۔ کیونکہ دودھ کے سوا کوئی چیز ایسی نہیں جو کھانے اور پینے دونوں کا کام دے سکے

## نبیذ کا بیان :-

نبیذ ایک قسم کا شربت ہوتا تھا۔ جو پانی میں کوئی میٹھا پھل بھگو کر بنایا جاتا تھا۔ عرب میں چونکہ زیادہ تر کھجور ہی ہوتی تھی۔ اور اسی سے عام طور پر نبیذ بنایا جاتا تھا اس لئے احادیث شریفہ میں عموماً نبیذِ تمر ہی کا ذکر ہے۔ یعنی ایسا شربت جو پانی میں کھجوریں ڈال کر بنایا گیا ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسے ذوق و شوق سے نوش فرماتے تھے۔

حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک ایسے مشکیزے میں نبیذ بناتے تھے جس کو اوپر سے باندھ دیا جاتا تھا۔ اور نیچے ایک

چھوٹا سامنہ ہوتا تھا۔ جس میں سے حسبِ ضرورت پینے کے لئے نبیذ نکالا جاسکتا تھا۔ اگر ہم صبح کو نبیذ ڈالتے تھے۔ تو آپ رات کو نوش فرمالیتے اور رات کو ڈالتے تو آپ صبح کو پی لیا کرتے تھے۔

حضرت ابنِ عباس رضؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نبیذ بنایا جاتا تھا۔ آپ اس دن نوش فرماتے اگلے دن بھی اور اس سے اگلے دن بھی پھر بھی اگر بچ جاتا تو آپ خود گرادیتے یا کسی کو حکم دیتے وہ گرادیتا۔

غالباً پہلی حدیث میں گرمیوں کے نبیذ کا ذکر ہے اور اس حدیث میں سردیوں کے نبیذ کا کیونکہ نبیذ کو اس وقت تک پینے کی اجازت ہے جب تک اس میں نشہ نہ پیدا ہو اور جب نشہ آور ہوجائے تو وہ شراب کی طرح حرام ہوجاتا ہے جیسے

حضرت عمر رضؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ۔ کہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے اسی طرح

حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر مشروب جب نشہ آور ہوجائے تو وہ حرام ہے۔

یہ جو حدیثِ عائشہ رضؓ میں صرف ایک دن رات پینے کا ذکر ہے اور حدیثِ

ابنِ عباسؓ میں تین دن رات کا ان دونوں میں تطبیق کی سہل صورت یہی ہے کہ پہلی کو گرمیوں پر محمول کیا جائے کیونکہ گرمیوں میں نشہ جلدی پیدا ہو جاتا ہے اور دوسری کو سردیوں پر کہ سردیوں میں نسبتاً دیر سے نشہ پیدا ہوتا ہے اختلافِ موسم کو ملحوظ رکھتے ہوئے جب بھی آپ محسوس فرماتے کہ اب اس میں نشہ پیدا ہو رہا ہے تو بقیہ کسی اور کو پلا کر یا زمین پر گرا کر ختم کر دیتے۔

## شرابِ خانہ خراب :۔

شراب کو عربی میں خمر کہتے ہیں اور خمر کے معنی ہیں ڈھانپنا چھپانا پردہ ڈال دینا چونکہ شراب بھی اپنے پینے والے کی عقل اور حواس پر پردہ ڈال دیتی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ عقل ہی ایک ایسا آلہ ہے جس سے انسان نیک و بد میں تمیز کرتا ہے عقل ہی انسان کو نیکی کی رغبت اور برائی سے نفرت دلاتی ہے تو جب عقل ہی ماؤف اور حواس معطّل ہو گئے تو انسان شر و خباثت کا پیکر بن جاتا ہے چنانچہ شرابی لوگ کثرت کے ساتھ اخلاقی جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں زناکاری بدکاری چوری ڈاکہ اور قتل و غارت کرنے والے عموماً شرابی ہوتے ہیں شراب پی کر انسان جب عقل و فکر سے عاری ہو جاتا ہے تو ایسے ایسے احمقانہ فیصلے کر گزرتا ہے

Marfat.com

جو اس کی ذات اور اس کی قوم کے لئے بڑے تباہ کن ثابت ہوتے ہیں بڑی بڑی مملکتیں اور بے حد مضبوط شہنشاہیاں عیاش حکمرانوں نے شراب کے جاموں میں بہا ڈالیں دور جانے کی ضرورت نہیں خود اپنے مشرقی پاکستان اور سقوطِ ڈھاکہ کو دیکھ لو اس ایسے کی تہہ میں بھی بد قماش لوگ جام وسبو لنڈھاتے ہوئے نظر آئیں گے اس لئے ایسی خطرناک اور تباہ کن چیز کو ام الخبائث کہا جائے تو بالکل بجا ہے اسلام جیسا پاکیزہ اور عقل وخرد کو اپیل کرنے والا مذہب اس ام الخبائث کو کیسے برداشت کر سکتا تھا۔ چنانچہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بدکاریوں کی جڑ کو کاٹنے کے لئے ارشاد فرمایا جسے

حضرت ابودرداءؓ اس طرح روایت کرتے ہیں کہ میرے خلیل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وصیت فرمائی کہ شراب نہ پینا کیونکہ وہ ہر برائی کی کنجی ہے۔

اور قرآنِ پاک میں خداوندِ قدوس کا ارشاد ہے اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

ترجمہ: یقیناً شراب جوابت اور سٹے کے تیر گندگی اور غلاظت ہیں جن کا ارتکاب شیطان ہی کر سکتا ہے بس تمہیں چاہیئے کہ ان سے بچ کر رہو تاکہ تم

کامیابی پاسکو۔

## شراب کا وبال دنیا و آخرت میں ۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دائمی شرابی یا ہمیشہ اس کے نشے میں دھت رہنے والا ایسا ہے جیسے بتوں کا پجاری۔

یعنی جیسے بت پرست کی کوئی نیکی اور بڑی سے بڑی عبادت مقبولِ بارگاہِ خدا نہیں ہوتی اسی طرح شراب خور حق تعالیٰ کی نگاہوں سے ایسا گر جاتا ہے کہ پھر وہ نماز روزہ یا دوسری نیکیوں کے انبار بھی لگا دے تو خدا کے ہاں ان کی کوئی قدر و قیمت نہیں اِلّا یہ کہ اسے توبہ تائب ہو جانے کی توفیق نصیب ہو جائے۔

حضرت ابودرداءؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شراب کا عادی شخص جنت میں کبھی داخل نہ ہوگا۔

کیونکہ جنت تو پرہیزگاروں اور پارساؤں کی جگہ ہے اس سے ایسے شخص کا کیا واسطہ جس کے منہ سے بدبو کے بھبھوکے نکل رہے ہوں جس کا دامن

Marfat.com

ایسی نجاست سے آلودہ ہو جو خالص شیطان کا عمل ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے شراب پی اور مدہوش ہو گیا۔ تو چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوتی اگر وہ اسی حالت میں مر گیا تو جہنم میں داخل ہو گا لیکن اگر اس نے توبہ کر لی تو اللہ تعالیٰ بھی اسے نظرِ رحمت سے دیکھنے لگیں گے اور اگر دوبارہ پی بیٹھا اور مدہوش ہو گیا تو پھر چالیس دنوں تک اس کی نماز قبول نہیں ہوگی اور اگر اسی حالت میں مر گیا تو واصلِ جہنم ہو گا لیکن اگر اس نے توبہ کر لی اللہ تعالےٰ پھر اسے نظرِ رحمت سے دیکھنے لگیں گے اور اگر سہ بارہ پی لی اور مدہوش ہو گیا تو پھر چالیس دن تک اس کی نماز قابلِ قبول نہیں ہوگی پس اگر اس حالت میں مر گیا تو جہنم میں داخل ہو گا پھر اگر توبہ کر لی تو اللہ تعالیٰ اس پر رحمت سے رجوع فرمائیں گے لیکن اگر اس کے بعد پھر بھی باز نہ آیا پھر شراب پی بیٹھا تو چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہ ہوگی اور اگر توبہ کرے گا تو اللہ تعالےٰ اس کی توبہ مسترد فرما دیں گے (یعنی اسے توبہ کی توفیق ہی نصیب نہ ہوگی) اور حق تعالےٰ پر لازم ہو گا کہ قیامت کے دن اسے ردغۃ الخبال پلائیں لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ وہ ردغۃ الخبال کیا چیز ہے آپ نے فرمایا اہلِ جہنم کا نچوڑ (یعنی ان کا خون پیپ بلکہ غلاظت وغیرہ)

Marfat.com

العیاذ باللہ کتنی سخت سزا ہے کون ہے جو اس کے برداشت کرنے کی سکت رکھتا ہے خدا کرے اس بیماری میں مبتلا ہونے والوں کو توبہ نصوح کرنے کی توفیق نصیب ہو اس حدیث میں جو داخلِ جہنم ہونے کا ذکر ہے یہ ابدی بھی ہو سکتا ہے اور عارضی بھی اگر تو چوتھی دفعہ اسے توبہ کی توفیق ہی نصیب نہ ہو تو اس کی نحوست سے وہ اپنے ایمان ہی سے ہاتھ دھو بیٹھے گا پھر اس کے ابدی جہنمی ہونے میں کوئی شبہ نہیں لیکن اگر توفیق ہو گئی تو پھر عذابِ جہنم ایسے شخص کے ظاہری تزکیہ کے لئے ہے جب کہ وہ کلمہ گو ہونے کی وجہ سے باطنی طور پر پہلے ہی پاک صاف ہو تو میدانِ حشر میں یا خود جہنم کے اندر ڈال کر اس کے جسم و جان کو شراب کی میل کچیل سے پاک صاف کر کے بالآخر کلمے کی برکت سے اسے بھی جنت کا داخلہ مل جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ کیونکہ کوئی کلمہ گو ابدی طور پر جہنمی نہیں ہو سکتا ہر گناہگار مؤمن کو بقدر اس کی معصیت کے سزا دے کر یا ویسے ہی بخشش فرما کر جنت کی اجازت مل جائے گی۔ لیکن اگر ایک منٹ بھی جہنم میں رہنا ہو گیا تو اس کی تلخی سے دنیا کے سینکڑوں سال کے عیش بھول جائیں گے۔

Marfat.com

# شراب کی وجہ سے دس آدمی لعنتی ہو جاتے ہیں :۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شراب کی لعنت دس طریق پر ہے شراب کی نیت سے انگور بیچنے یا بونے والے پر اور اس کے نچوڑنے والے پر اور اس کے نچڑوانے والے پر اور اس کے بیچنے والے پر اور اس کے خریدنے والے پر اور اس کے اٹھانے والے پر اور اس کے منگوانے والے پر اور اس کی قیمت کھانے والے پر اور اس کے پینے والے پر اور اس کے پلانے والے پر۔

تو گویا شراب کے متعلق جو شخص جس قدر نیتاً یا عملاً ملوث ہو اسی قدر لعنتِ الٰہی کا مستحق ہو جاتا ہے ۔ یہ تو ایسی متعدی بیماری ہے کہ کوئی شخص اس کے قریب سے بھی گزر جائے تو ملعون ہو جاتا ہے اب آپ اپنے پاک وطن کی ملعونیت کا اندازہ کریں جہاں ملک کے تمام شہروں بلکہ دیہاتوں تک میں حکومت کی اجازت سے کسی نہ کسی صورت میں شراب کا کاروبار ہوتا ہے حکومت بعض لوگوں کو اس کے درآمد کرنے کے لائسنس جاری کرتی ہے بعض کو اس کے کشید کرنے کے بعض کو اس کے بیچنے کے بعض کو اس کے خریدنے کے بعض کو

Marfat.com

اس کے پینے کے اور بعض کو اس کے پلانے کے حکومت کی اجازت سے یہ تمام نجاست اور گندگی کا کاروبار ہونے کے باوجود ہماری حکومت بھی پاک کی پاک رہتی ہے۔ اور ہمارا ملک بھی پاکستان کا پاکستان۔

وہ کون سی برائی ہے جو برطانوی ہند میں تو تھی مگر پاکستان میں نہیں یا وہ کون سی نیکی ہے جو متحدہ ہندوستان میں نہیں تھی اور آج پاکستان میں اس کا چلن ہو گیا ہے عیاشی اور فحاشی پہلے سے زیادہ زناکاری اور اغلام بازی پہلے سے زیادہ سود خوری اور شراب خوری پہلے سے زیادہ قتل و غارت اور ڈاکہ زنی پہلے سے زیادہ عدل و انصاف کی گرانی اور رشوت ستانی پہلے سے زیادہ دینی علوم سے بے اعتنائی اور اسلامی اقدار سے بے توجہی پہلے سے زیادہ نماز روزہ سے غفلت اور احکام شریعت سے بے پرواہی پہلے سے زیادہ اسلام اور اسلامی آئین کی مظلومیت اور بے کسی پہلے سے زیادہ فرمایئے ان میں سے کون سی چیز ہے جس پر آپ بحیثیت مسلمان فخر کر سکتے ہیں جن مخلص مسلمانوں نے اسلامی مملکت اسلامی نظام اور صحیح اسلامی معاشرے کے لئے بانیان پاکستان اور مسلم لیگ کو ووٹ دیئے تھے۔ وہ آج اپنے کئے پر پشیمان ہیں ان کی امیدیں اور آرزوئیں پامال ہو گئی ہیں ان کا گھر بار اور عزت و آبرو تو لٹ گئی مگر جس صبح جاں نواز اور سحر ایمان افروز کے انہوں نے خواب دیکھے

Marfat.com

سے تھے۔ وہ آج تک طلوع نہیں ہو سکی خدا کرے کہ وہ صبح طلوع ہو

## شراب کے بارے میں ایک غلط فہمی کا ازالہ

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ بطورِ علاج شراب کے استعمال میں کوئی قباحت نہیں یہی وجہ ہے کہ انگریزی ادویات کے بارے میں ہمیں کبھی تردد نہیں ہوتا حالانکہ ایلوپیتھی میں مشکل ہی سے کوئی دوا ہوگی جو شراب یا الکحل کی آمیزش سے پاک ہو اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لئے میں حضرت شارع علیہ السلام کا یہ فرمان پیش کرتا ہوں کہ شراب دوا نہیں بلکہ ایک مستقل بیماری ہے۔

امام مسلمؒ نے حضرت طارق بن سوید سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے شراب کے متعلق پوچھا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرما دیا انہوں نے عذر کیا کہ میں تو دوا کے لئے بناتا ہوں۔ آپ نے فرمایا اِنَّہٗ لَیْسَ بِدَوَاءٍ وَلٰکِنَّہٗ دَاءٌ یعنی شراب دوا بالکل نہیں البتہ ایک بیماری ضرور ہے۔

حضرت دیلم حمیری کہتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے

Marfat.com

گذارش کی کہ یا رسول اللہ ہم لوگ نہایت ٹھنڈے علاقے میں رہتے ہیں اور ہمیں روزی کمانے کے لئے بہت ہی سخت محنت کرنا پڑتی ہے ہم برفباری کی تکلیف اور محنت و مشقت کی سختی برداشت کرنے کے لئے گندم سے ایک قسم کی شراب تیار کرتے ہیں جس سے ہماری قوتِ برداشت زیادہ ہو جاتی ہے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ کیا وہ نشہ بھی دیتی ہے میں نے کہا ہاں تو آپ نے فرمایا پھر تو اس سے بچ کر رہو میں نے کہا لوگ عادی ہونے کی وجہ سے اسے چھوڑ نہیں سکتے آپ نے فرمایا اگر وہ نہیں چھوڑتے تو ان سے جہاد کرد۔

اس حدیث شریف نے تو ساری غلط فہمیوں کا جالا کاٹ کے رکھ دیا ہے کہ اپنی مصلحتوں کے لئے جو لوگ شراب کو جائز قرار دیتے ہیں ان کا یہ فعل کافرانہ ہے اگر وہ روکنے سے باز نہیں آتے تو ان کے ساتھ ویسے ہی جہاد کرنا ضروری ہے جیسے دوسرے کافروں کے ساتھ۔ آج کل یار لوگوں نے شراب کے بہت سے مہذب نام رکھ چھوڑے ہیں اور بڑی ڈھٹائی سے کہتے ہیں کہ جی ہم شراب تو نہیں پیتے بلکہ مرزائے قادیاں کی طرح ٹانک وائن پیتے ہیں یا ہم وسکی پیتے ہیں یا ادویات میں الکحل ڈالتے ہیں ان لوگوں کے

Marfat.com

متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیش گوئی فرمادی تھی۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شب وروز کی گردش ختم ہونے سے پہلے میری امت کے کچھ لوگ شراب کے نام تبدیل کر کے اسے پیا کریں گے۔

حضرت عبادہ بن صامت رضؓ کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے کچھ لوگ شراب کے نئے نئے نام رکھ کر پئیں گے۔

ہمارے دور کے بدشعار لوگوں نے جو نئے نئے ناموں اور لیبلوں سے شراب پیتے ہیں کیا حضور علیہ السلام کی اس پیش گوئی کی تصدیق نہیں کردی ہے اب ان لوگوں کا یہ مغالطہ دور ہوجانا چاہیئے۔ کہ اجی شراب تو صرف انگور کی ہوا کرتی ہے ان کی معلومات کے لئے عرض ہے کہ شراب ہر وہ چیز ہے جس کے پینے یا کھانے سے نشہ آجائے۔

ابنِ ماجہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

کُلُّ مُسْکِرٍ خَمْرٌ وَکُلُّ خَمْرٍ حَرَامٌ۔ یعنی ہر نشہ آور چیز خمر ہے (شراب ہے)

Marfat.com

اور ہر خمر حرام ہے۔

لیجئے اب تو نام بدلنے ایسی بد دیانتی اور چوراکاری کے لئے کوئی گنجائش باقی نہیں رہی رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شبہ کے ہر غبار کو صاف کر دیا ہے کہ چیز خواہ کھانے کی ہو یا پینے کی نشہ آور ہے تو اسے خمر کہا جائے گا اور ہر طرح کی خمر حرام ہے۔ اسی طرح

حضرت عمرؓ نے بر سرِ منبر خطبہ میں فرمایا اَلْخَمْرُ مَا یُخَامِرُ الْعَقْلَ۔ کہ خمر یعنی شراب ہر وہ چیز ہے جو نشہ سے عقل پہ پردہ ڈال دے۔

اب اس وضاحت سے دوسری تمام نشیات کی حرمت بھی صریح طور پر معلوم ہو گئی۔

فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ط

Marfat.com

# گذارشِ آخریں

میں نے سیدِ ولدِ آدم، نازشِ خلقِ عالم، شہنشاہِ عرب و عجم، غیرتِ مہر و ماہ و انجم حضرتِ محمد و احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس شکل و صورت کے اختیاری زاویے اور آپ کی خوراک و پوشاک کے پاکیزہ نمونے اپنے قارئین و سامعین کے سامنے بڑی محنت و کاوش سے جمع کر کے پیش کر دیئے ہیں اب میں امید کرتا ہوں کہ وہ تمام لوگ جو جنابِ سرورِ کائنات علیہ السلام والصلوٰۃ کے ساتھ غلامی کی نسبت رکھتے ہیں آپ کا کلمہ پڑھتے اور آپ کی شفاعت پر یقین رکھتے ہیں وہ آپ کی پیش کردہ سیرت و صورت کے سانچے میں اپنی زندگی کے کم از کم ان تین گوشوں کو تو ضروری طور پر ڈھالنے کی کوشش کریں گے کیونکہ حضرت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حق تعالے نے انسانی معاشرت کے لئے اپنا پسندیدہ معیار بنا کے بھیجا تھا۔ اب جس کی شکل و صورت وضع و قطع لباس و پوشاک چال ڈھال خورد و نوش اور دیگر معاملات و عبادات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ کے مطابق ہوئے وہی خداوندِ قدوس کے

Marfat.com

دربار میں سرخروئی اور کامیابی کا حق دار ہوگا۔ اور سرکارِ شفاعت مآب اسی کی شفاعت کے ذمہ دار ہوں گے اور خدانخواستہ جس کی سیرت وصورت اور اخلاق وکردار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بجائے دشمنانِ خدا و رسول یہود ونصاریٰ یا ملحدین ومشرکین کے مطابق ہو تو اس کی ہلاکت وبربادی میں کوئی شک وشبہ نہیں اس کا حشر پھر انہی لوگوں کے ساتھ ہوگا جن کی معاشرت اور طریق کو اس نے دنیا میں اپنایا اور جن کی سیرت وصورت کو اس نے اپنے لئے آئیڈیل قرار دیا کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ یعنی آدمی کا حشر انہی لوگوں کے ساتھ ہوگا جن سے وہ محبت کرتا تھا۔ اسی طرح آپ نے یہ بھی فرمایا کہ مَنْ تَشَبَّہَ بِقَوْمٍ فَھُوَ مِنْھُمْ یعنی جس شخص نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی وہ انہی میں سے سمجھا جائے گا ان دوٹوک ارشاداتِ رسول کے ہوتے ہوئے ہمیں اپنا حشر اور انجام کار معلوم کرنے کے لئے قیامت کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ ہر شخص آئینہ سامنے رکھ کر اپنی شکل وصورت اور طور طریق کو دیکھ لے کہ وہ کن لوگوں کے ساتھ میل کھاتا ہے۔ رسولِ خدا اور اصحابِ رسول کے ساتھ میل کھاتا ہے تو اس کا حشر نبیین وصدیقین کے ساتھ ہو گا۔ اور اگر انگریزوں اور امریکیوں کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے تو اس کا

حشر پھر انگلستان کے چرچل و شکسپیر اور ہالی وڈ کے امریکی ایکٹرسوں کے
ساتھ تو ہو سکتا ہے لیکن مقربینِ خدا و رسول کے ساتھ نہیں اعاذ اللہ منہا
میں اس خدا سے دعا کرتا ہوں توفیق و تقدیر کی ڈوریاں جس کے ہاتھ میں
ہیں کہ وہ ہم سب لکھنے پڑھنے اور سننے والوں کو سیرت و صورتِ رسول اور
اسوۂ نبوت اختیار کرنے کی توفیق بخشے۔ این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مَصَادِیْقَ اُولٰئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ
مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَ
حَسُنَ اُولٰئِکَ رَفِیْقًا وَتَقَبَّلْ مِنَّا کَمَا کَمَا
تَقَبَّلْتَ مِنْ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

وَخَلِیْلِکَ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْھِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ
لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ وَ
سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَصْحَابِہٖ
وَجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

Marfat.com

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

شکل و صورت اور خوراک و پوشاک میں

# اُسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

مولانا فضل الرحمٰن دھرمکوٹی

مکتبہ رشیدیہ لمیٹڈ، ۳۲، شاہ عالم مارکیٹ لاہور

Marfat.com